طَلَبُ العِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

# سُبحانی دینی نِصاب

حصہ سوم



تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی
صدر المدرسین دار العلوم محبوب سُبحانی، کرلا ممبئی

ناشر
شعبہ اشاعت دار العلوم محبوب سُبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے
اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

# سبحانی دینی نصاب حصۂ سوم

تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی

صدر المدرسین: دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا، ممبئی

ناشر: شعبۂ اشاعت، دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سبحانی دینی نصاب حصہ سوم |
| مؤلف | : | سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ |
| | | صدر مدرس: دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ممبئی |
| | | فون نمبر 9029249679 |
| کمپوزنگ | : | بدستِ خود |
| نظرِ ثانی | : | حضرت علامہ مفتی محمد فاروق خان مہائمی مصباحی |
| | | استاد و نائب مفتی ادارہ ھٰذا |
| تزیین | : | حضرت مولانا نصر الدین صاحب سبحانی |
| | | استاد ادارہ ہٰذا |
| سن طباعت | : | ربیع الاول ۱۴۴۰ھ مطابق نومبر ۲۰۱۹ء |
| تعداد | : | 1100 |
| قیمت | : | 200 |
| ملنے کا پتہ | : | دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ویسٹ، ممبئی ۷۰ |

# فہرستِ مضامین


| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | شرفِ انتساب | ک | ۱۸ | علی الاعلان اعلانِ نبوت | // |
| ۲ | چند باتیں | ل | ۱۹ | کفارِ مکہ کی مزاحمت | ۵ |
| ۳ | کتاب کی خصوصیات | // | ۲۰ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۶ |
| ۴ | اساتذۂ کرام کی ذمے داریاں | م | ۲۱ | کپڑے پہننے کی دعا | // |
| ۵ | نصابِ تعلیم کے رہ نما اصول | ن | ۲۲ | وضو کے قبل وبعد کی دعا | // |
| ۶ | والدین وسرپرست کی ذمے داریاں | س | ۲۳ | مومن سے ملاقات کی دعا | // |
| ۷ | پہلا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱ | ۲۴ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۷ |
| ۸ | شرک کا مفہوم | // | ۲۵ | ظلم کی مذمت | // |
| ۹ | مشرک کی بخشش نہیں ہوسکتی | // | ۲۶ | عفوودرگزر اور تواضع کے فوائد | // |
| ۱۰ | دوسری فصل [فقہیات] | ۲ | ۲۷ | چہرے پر مارنے کی ممانعت | // |
| ۱۱ | احتلام کا معنی | // | ۲۸ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۸ |
| ۱۲ | احتلام کے چند اہم مسائل | // | ۲۹ | یا رسول اللہ کہنے کا جواز | // |
| ۱۳ | دخول سے غسل کب فرض ہوگا | // | ۳۰ | دوسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۹ |
| ۱۴ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۳ | ۳۱ | ایمان کے منافی باتیں | // |
| ۱۵ | شاگردوں کے حقوق | // | ۳۲ | شک کی بنا پر کسی کو مومن یا کافر کہنا کیسا | // |
| ۱۶ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۴ | ۳۳ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۰ |
| ۱۷ | قریبی رشتے داروں میں اعلانِ نبوت | // | ۳۴ | حیض کا معنی ومدت | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۳۵ | نفاس کا معنی ومدت | // |
| ۳۶ | ناپاک شخص کے احکام | // |
| ۳۷ | پانی کی قسمیں | // |
| ۳۸ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۱۱ |
| ۳۹ | ماں باپ کے حقوق | // |
| ۴۰ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۱۳ |
| ۴۱ | چند بدترین دشمنانِ رسول کے نام | // |
| ۴۲ | کفارِ مکہ کے جاں گداز مظالم | // |
| ۴۳ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۱۴ |
| ۴۴ | مصافحہ کرنے کی دعا | // |
| ۴۵ | دعوت کھانے کے بعد کی دعا | // |
| ۴۶ | بیت الخلا جانے اور اس سے نکلنے کی دعا | // |
| ۴۷ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۱۵ |
| ۴۸ | کسی بھی نیکی کو معمولی مت جانو | // |
| ۴۹ | موت کو کثرت سے یاد کیا کرو | // |
| ۵۰ | اللہ عزوجل سے ملاقات کا شوق رکھو | // |
| ۵۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۶ |
| ۵۲ | ندائے یارسول اللہ کے جواز پر دلائل | // |
| ۵۳ | تیسرا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۷ |
| ۵۴ | ضروریاتِ دین کو ماننے والا مومن ہے | // |
| ۵۵ | پانچواں کلمہ مع ترجمہ | // |
| ۵۶ | جسے کفر بکنے پر مجبور کیا جائے وہ کیا کرے | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۵۷ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۸ |
| ۵۸ | طاہر، مطہر، مکروہ پانی | // |
| ۵۹ | طاہر غیر مطہر پانی | // |
| ۶۰ | ناپاک پانی | // |
| ۶۱ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۱۹ |
| ۶۲ | والدین کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے | // |
| ۶۳ | والدین کے قدموں کو بوسہ دینے کا حکم | // |
| ۶۴ | ماں باپ کے نافرمان کا انجامِ بد | // |
| ۶۵ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۲۰ |
| ۶۶ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کفار کی تدبیریں | // |
| ۶۷ | چچا ابو طالب کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جواب | ۲۱ |
| ۶۸ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۲۲ |
| ۶۹ | آبِ زم زم پینے کی دعا | // |
| ۷۰ | افطار کرنے کے بعد کی دعا | // |
| ۷۱ | شیطان سے حفاظت کی دعا | // |
| ۷۲ | ہر شر سے حفاظت کی دعا | // |
| ۷۳ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۲۳ |
| ۷۴ | دنیا کی بے حیثیتی | // |
| ۷۵ | سب سے بہتر اور سب سے برا شخص | // |
| ۷۶ | توکل علی اللہ کی اہمیت | // |
| ۷۷ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۲۴ |
| ۷۸ | استعانت کا مطلب | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۷۹ | اللہ والوں سے استعانت کا جواز | // |
| ۸۰ | چوتھا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۲۵ |
| ۸۱ | فرشتوں کی حقیقت | // |
| ۸۲ | فرشتوں پر ایمان لانا ضروری | // |
| ۸۳ | فرشتے نہ مرد ہوتے ہیں نہ عورت | // |
| ۸۴ | دوسری فصل [فقہیات] | ۲۶ |
| ۸۵ | نماز کی اہمیت | // |
| ۸۶ | نماز نہ پڑھنے والوں کا انجام | // |
| ۸۷ | نماز قائم کرنے والوں کی جزا | // |
| ۸۸ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۲۷ |
| ۸۹ | معصیت میں ماں باپ کی اطاعت ناجائز | // |
| ۹۰ | ماں کا حق باپ سے زیادہ | // |
| ۹۱ | بعدِ انتقال والدین کے حقوق | // |
| ۹۲ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۲۹ |
| ۹۳ | حبشہ کی جانب مسلمانوں کی ہجرت | // |
| ۹۴ | شاہِ حبشہ کو ورغلانے کی آخری کوشش | ۳۰ |
| ۹۵ | پانچویں فصل [اذکار و ادعیہ] | ۳۱ |
| ۹۶ | نظرِ بد سے بچنے کی دعا | // |
| ۹۷ | خطرے کے وقت کی دعا | // |
| ۹۸ | ایمان پر ثابت قدمی کی دعا | // |
| ۹۹ | غم دور کرنے کی دعا | // |
| ۱۰۰ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۳۲ |
| ۱۰۱ | صرف پرہیزگار کی صحبت اختیار کرو | // |
| ۱۰۲ | مومن کو اٹھا کر اُس کی جگہ بیٹھنا کیسا؟ | // |
| ۱۰۳ | مونچیں کم کرو، داڑھیاں بڑھاؤ! | // |
| ۱۰۴ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۳۳ |
| ۱۰۵ | استعانت کا ثبوت، حدیثِ پاک سے | // |
| ۱۰۶ | بعدِ وصال بھی استعانت جائز ہے | // |
| ۱۰۷ | پانچواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۳۴ |
| ۱۰۸ | فرشتوں کی تعظیم کرنا فرض ہے | // |
| ۱۰۹ | فرشتوں کے سردار | // |
| ۱۱۰ | فرشتوں کی تعداد | // |
| ۱۱۱ | فرشتوں سے متعلق اہم عقائد | // |
| ۱۱۲ | دوسری فصل [فقہیات] | ۳۵ |
| ۱۱۳ | اذان کا مفہوم اور فضیلت | // |
| ۱۱۴ | اذان کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۱۵ | اذان کے الفاظ | ۳۶ |
| ۱۱۶ | تیسری فصل [حقوق و آداب] | ۳۷ |
| ۱۱۷ | والدین پر اولاد کے حقوق | // |
| ۱۱۸ | اولاد کی تربیت سے متعلق حدیث | ۳۸ |
| ۱۱۹ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۳۹ |
| ۱۲۰ | بعثت کا چھٹا سال۔اہم واقعات | // |
| ۱۲۱ | پانچویں فصل [اذکار و ادعیہ] | ۴۱ |
| ۱۲۲ | دوزخ سے نجات پانے کی دعا | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر | شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۳ | دارین میں سعید ہونے کی دعا | ۴۱ | ۱۴۵ | یہ ظالمانہ بائیکاٹ تین سال تک جاری رہا | // |
| ۱۲۴ | بدن کی سلامتی کی دعا | // | ۱۴۶ | عام الحزن کا مصداق | ۴۹ |
| ۱۲۵ | ہر نقصان سے بچنے کی دعا | // | ۱۴۷ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۵۰ |
| ۱۲۶ | چھٹی فصل [سُوَرِ قرآنِ کریم] | ۴۲ | ۱۴۸ | ہر حاجت کی دعا | // |
| ۱۲۷ | سورۂ ضحیٰ مع ترجمہ | // | ۱۴۹ | چھوٹے گناہوں سے معافی کی دعا | // |
| ۱۲۸ | سورۂ انشراح مع ترجمہ | ۴۳ | ۱۵۰ | حافظہ مضبوط کرنے کی دعا | // |
| ۱۲۹ | سورۂ تین مع ترجمہ | // | ۱۵۱ | بت کدہ کو دیکھنے کی دعا | // |
| ۱۳۰ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۴۴ | ۱۵۲ | چھٹی فصل [حمد ونعت] | ۵۱ |
| ۱۳۱ | توسل کی شرعی حیثیت | // | ۱۵۳ | حمدِ باری تعالیٰ | // |
| ۱۳۲ | آیتِ قرآنیہ سے وسیلے کا ثبوت | // | ۱۵۴ | نعتِ رسولِ مقبول | // |
| ۱۳۳ | چھٹا سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۴۵ | ۱۵۵ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۵۲ |
| ۱۳۴ | مشہور فرشتوں کے نام اور کام | // | ۱۵۶ | حدیثِ رسولِ اکرم سے وسیلے کا جواز | // |
| ۱۳۵ | متعدد فرشتوں کے کام | // | ۱۵۷ | وفات یافتہ کو بھی وسیلہ بنا سکتے ہیں | // |
| ۱۳۶ | دوسری فصل [فقہیات] | ۴۶ | ۱۵۸ | ساتواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۵۴ |
| ۱۳۷ | اذان کا ادب واحترام لازم ہے | // | ۱۵۹ | کراماً کاتبین کا تعارف | // |
| ۱۳۸ | اذان کا جواب | // | ۱۶۰ | قبر میں آنے والے فرشتوں کا تعارف | // |
| ۱۳۹ | اذان دینے کے مستحب مقامات | // | ۱۶۱ | فرشتوں کی طاقت وقوت | // |
| ۱۴۰ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۴۷ | ۱۶۲ | دوسری فصل [فقہیات] | ۵۵ |
| ۱۴۱ | اسلام میں بیٹیوں کے حقوق | // | ۱۶۳ | اقامت کے اہم مسائل | // |
| ۱۴۲ | بیٹیوں کے حقوق پر دو حدیثیں | // | ۱۶۴ | فرض نمازوں کی تعداد | // |
| ۱۴۳ | چوتھی فصل [سیرتِ رسولِ اکرم] | ۴۸ | ۱۶۵ | نمازوں میں رکعات کی تعداد | // |
| ۱۴۴ | مسلمانوں کا سوشل بائیکاٹ | // | ۱۶۶ | تعدادِ رکعات کا نقشہ | ۵۶ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۶۷ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۵۷ |
| ۱۶۸ | شوہر کے حقوق | // |
| ۱۶۹ | حقوقِ زوج پر دو حدیثیں | // |
| ۱۷۰ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۵۸ |
| ۱۷۱ | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سفرِ طائف | // |
| ۱۷۲ | آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرِ معراج | // |
| ۱۷۳ | پانچویں فصل [اذکار وادعیہ] | ۶۰ |
| ۱۷۴ | ادائے قرض کی دعا | // |
| ۱۷۵ | مصیبت زدہ کو دیکھنے کی دعا | // |
| ۱۷۶ | ہر آفتِ ارضی وسماوی سے بچنے کی دعا | // |
| ۱۷۷ | قبولیتِ توبہ کی دعا | // |
| ۱۷۸ | چھٹی فصل [عربی زبان وادب] | ۶۱ |
| ۱۷۹ | پچاس سے سو تک عربی گنتیاں | // |
| ۱۸۰ | رشتے داروں کے عربی نام | ۶۳ |
| ۱۸۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۶۴ |
| ۱۸۲ | عرس کا معنی ومفہوم | // |
| ۱۸۳ | عرس کی شرعی حیثیت | // |
| ۱۸۴ | مزارات پر حاضری دینے کا ثبوت | // |
| ۱۸۵ | آٹھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۶۵ |
| ۱۸۶ | چھٹا کلمہ مع ترجمہ | // |
| ۱۸۷ | آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا معنیٰ | // |
| ۱۸۸ | دوسری فصل [فقہیات] | ۶۶ |
| ۱۸۹ | شرائطِ نماز | // |
| ۱۹۰ | شرائطِ نماز کی توضیح | ۶۷ |
| ۱۹۱ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۶۸ |
| ۱۹۲ | ساس وسسر کے حقوق | // |
| ۱۹۳ | شوہر پر بیوی کے حقوق | // |
| ۱۹۴ | سالی اور بھابھی سے مزاق کرنا کیسا | ۶۹ |
| ۱۹۵ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۷۰ |
| ۱۹۶ | بیعتِ عقبۂ اولیٰ | // |
| ۱۹۷ | چھ خوش نصیب صحابہ | // |
| ۱۹۸ | اسلام کی روشنی مدینہ منورہ میں | // |
| ۱۹۹ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۷۱ |
| ۲۰۰ | حضرت داؤد علیہ السلام کا معجزہ | // |
| ۲۰۱ | حضرت موسیٰ کلیم اللہ کا معجزہ | // |
| ۲۰۲ | حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات | // |
| ۲۰۳ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۷۲ |
| ۲۰۴ | ملعون مرد وزن | // |
| ۲۰۵ | تصویر اور کتے کی نحوست | // |
| ۲۰۶ | نیکی کی دعوت دینے والے کا مقام | // |
| ۲۰۷ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۷۳ |
| ۲۰۸ | عرسوں کی خرافات ناجائز ہیں | // |
| ۲۰۹ | بزرگوں کی طرف جانور منسوب کرنا کیسا؟ | // |
| ۲۱۰ | نواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۷۴ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۱۱ | موجودہ توریت وانجیل کی باتوں کا حکم | // |
| ۲۱۲ | سب سے افضل کتاب، قرآن مقدس | // |
| ۲۱۳ | جنات وشیطان کی حقیقت | // |
| ۲۱۴ | دوسری فصل [فقہیات] | ۷۵ |
| ۲۱۵ | ہر نماز کی نیت | // |
| ۲۱۶ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۷۶ |
| ۲۱۷ | شادی کے مقاصد وفوائد | // |
| ۲۱۸ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۷۷ |
| ۲۱۹ | بیعتِ عقبۂ ثانیہ | // |
| ۲۲۰ | حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارہ نقیب | // |
| ۲۲۱ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۷۸ |
| ۲۲۲ | آسمانی کتابوں کی تشریح وتوضیح | // |
| ۲۲۳ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۷۹ |
| ۲۲۴ | کتمانِ علم گناہ کبیرہ ہے | // |
| ۲۲۵ | سب سے بڑے گناہ | // |
| ۲۲۶ | توبہ واستغفار کی منفعت | // |
| ۲۲۷ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۸۰ |
| ۲۲۸ | قبروں پر پھول ڈالنا کیسا؟ | // |
| ۲۲۹ | حدیثِ پاک سے پھول ڈالنے کا ثبوت | // |
| ۲۳۰ | دسواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸۱ |
| ۲۳۱ | کیا جنات کھاتے پیتے ہیں؟ | // |
| ۲۳۲ | جنوں کا وجود نہ ماننا کفر ہے | // |
| ۲۳۳ | عالمِ برزخ کا تعارف | // |
| ۲۳۴ | دوسری فصل [فقہیات] | ۸۲ |
| ۲۳۵ | فرائضِ نماز مع تشریح وتوضیح | // |
| ۲۳۶ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۸۴ |
| ۲۳۷ | دادا، دادی اور نانا، نانی کے حقوق | // |
| ۲۳۸ | خالہ، ماموں اور چچا، پھوپھی کے حقوق | // |
| ۲۳۹ | سوتیلی اور رضاعی ماں کے حقوق | // |
| ۲۴۰ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۸۵ |
| ۲۴۱ | ہجرت کا آغاز | // |
| ۲۴۲ | کفار کی روک ٹوک | // |
| ۲۴۳ | کافروں کا خبیث منصوبہ | // |
| ۲۴۴ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۸۶ |
| ۲۴۵ | آسمانی کتابوں کی ترتیبِ نزول | // |
| ۲۴۶ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۸۷ |
| ۲۴۷ | دشمنانِ دین کا جتھا بڑھانا ناجائز ہے | // |
| ۲۴۸ | سو شہیدوں کا ثواب | // |
| ۲۴۹ | دین تو خیر خواہی کا نام ہے | // |
| ۲۵۰ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۸۸ |
| ۲۵۱ | مزارات پر چادر چڑھانے کا حکم | // |
| ۲۵۲ | قبر پر پانی چھڑکنا کیسا؟ | // |
| ۲۵۳ | گیارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۸۹ |
| ۲۵۴ | مرنے کے بعد روح وجسم کا تعلق | // |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۵۵ | روحوں کی منزلیں | // |
| ۲۵۶ | دوسری فصل [فقہیات] | ۹۰ |
| ۲۵۷ | سجدے سے متعلق اہم مسائل | // |
| ۲۵۸ | خروج بصنعہ کا معنیٰ | // |
| ۲۵۹ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۹۱ |
| ۲۶۰ | رشتے داروں کے حقوق | // |
| ۲۶۱ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۹۲ |
| ۲۶۲ | حضرتِ علی حضور ﷺ کے بستر پر | // |
| ۲۶۳ | حضرت علی کا ایمان واعتقاد | // |
| ۲۶۴ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۹۳ |
| ۲۶۵ | قرآن کو کسی اور زبان میں لکھنا ناجائز | // |
| ۲۶۶ | قرآنِ کریم کی جامع ومانع تعریف | // |
| ۲۶۷ | چھٹی فصل [احادیثِ کریمہ] | ۹۴ |
| ۲۶۸ | اطاعت صرف نیکی میں کی جائے گی | // |
| ۲۶۹ | مومن ضرور جنت میں داخل ہوگا | // |
| ۲۷۰ | مومن پر دوزخ کی آگ حرام ہے | // |
| ۲۷۱ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۹۵ |
| ۲۷۲ | مومن کی قبر کو پختہ بنانا کیسا؟ | // |
| ۲۷۳ | قبروں پر بطورِ نشانی کتبہ لگانا جائز ہے | // |
| ۲۷۴ | صالحین کے مزارات بنانا درست ہے | // |
| ۲۷۵ | بارہواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۹۶ |
| ۲۷۶ | عالمِ برزخ کے سوالات برحق ہیں | // |
| ۲۷۷ | قبر میں سرخرو ہونے والے خوش نصیب | // |
| ۲۷۸ | ناکام ونامراد ہونے والے بدبخت | // |
| ۲۷۹ | دوسری فصل [فقہیات] | ۹۷ |
| ۲۸۰ | واجباتِ نماز مع توضیح | // |
| ۲۸۱ | واجب ہونے کا معنیٰ ومفہوم | // |
| ۲۸۲ | سجدۂ سہو کرنے کا طریقہ | // |
| ۲۸۳ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۹۸ |
| ۲۸۴ | پڑوسیوں کے حقوق | // |
| ۲۸۵ | پڑوسیوں کے حقوق پر دو حدیثیں | // |
| ۲۸۶ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۹۹ |
| ۲۸۷ | شہرِ مکہ سے حضور ﷺ کی والہانہ محبت | // |
| ۲۸۸ | حضرتِ صدیقِ اکبر کی جاں نثاری | // |
| ۲۸۹ | حضور ﷺ کی نوازش | ۱۰۰ |
| ۲۹۰ | غارِ ثور میں حضور ﷺ کی مدتِ قیام | // |
| ۲۹۱ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۱۰۱ |
| ۲۹۲ | قرآنِ کریم کے بعض معروف نام | // |
| ۲۹۳ | قرآنِ کریم مخلوق نہیں | // |
| ۲۹۴ | قرآنِ کریم میں کمی بیشی ناممکن | // |
| ۲۹۵ | چھٹی فصل [سُوَرِ قرآنِ کریم] | ۱۰۲ |
| ۲۹۶ | سورۂ زلزال مع ترجمہ | // |
| ۲۹۷ | سورۂ عادیات مع ترجمہ | // |
| ۲۹۸ | سورۂ قارعہ مع ترجمہ | ۱۰۳ |

| شمار نمبر | عناوین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۲۹۹ | سورۂ تکاثر مع ترجمہ | ۱۰۴ |
| ۳۰۰ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۰۵ |
| ۳۰۱ | بزرگوں کے مزارات پر جانا کیسا؟ | // |
| ۳۰۲ | مزاروں پر جانے کے فوائد | // |
| ۳۰۳ | تیرھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۰۶ |
| ۳۰۴ | مومن کی قبر جنت کا باغ ہوگی | // |
| ۳۰۵ | کافر کی قبر دوزخ کا گڑھا بن جائے گی | // |
| ۳۰۶ | قبر میں بعض مومنوں کو بھی عذاب ہوگا | // |
| ۳۰۷ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۰۷ |
| ۳۰۸ | نماز کی سنتیں | // |
| ۳۰۹ | نماز کے چند مستحبات | // |
| ۳۱۰ | نماز کے مکروہات | ۱۰۸ |
| ۳۱۱ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۱۰۹ |
| ۳۱۲ | مہمانوں کے حقوق | // |
| ۳۱۳ | چوتھی فصل [سیرتِ رسول اکرم] | ۱۱۰ |
| ۳۱۴ | کفارِ مکہ کی سرگرمیاں | // |
| ۳۱۵ | سوانٹوں کا اعلان | // |
| ۳۱۶ | سراقہ بن مالک کا واقعہ | // |
| ۳۱۷ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۱۱۱ |
| ۳۱۸ | مکی ومدنی سورتوں کا معنیٰ | // |
| ۳۱۹ | قرآنِ کریم سے متعلق اہم معلومات | // |
| ۳۲۰ | چھٹی فصل [نعت ومنقبت] | ۱۱۲ |
| ۳۲۱ | نعتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم | // |
| ۳۲۲ | منقبت درشانِ صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ | // |
| ۳۲۳ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۱۳ |
| ۳۲۴ | مزار کو سجدہ کرنے کا حکم | // |
| ۳۲۵ | مزار پر حاضری دینے کا صحیح طریقہ | // |
| ۳۲۶ | چودھواں سبق: پہلی فصل [ایمانیات] | ۱۱۴ |
| ۳۲۷ | کن سے قبر کے سوالات نہیں ہوتے | // |
| ۳۲۸ | ایک اہم سوال کا جواب | // |
| ۳۲۹ | آواگوان ہندوؤں کا جاہلانہ عقیدہ | // |
| ۳۳۰ | دوسری فصل [فقہیات] | ۱۱۵ |
| ۳۳۱ | اختصار کے ساتھ نماز کا مکمل طریقہ | // |
| ۳۳۲ | تیسری فصل [حقوق وآداب] | ۱۱۷ |
| ۳۳۳ | غریبوں اور یتیموں کے حقوق | // |
| ۳۳۴ | چوتھی فصل [سیرت رسول اکرم] | ۱۱۹ |
| ۳۳۵ | حضرت ام معبد کا واقعہ | // |
| ۳۳۶ | حضور کے لیے اہلِ مدینہ کی بے قراری | ۱۲۰ |
| ۳۳۷ | پانچویں فصل [عام دینی معلومات] | ۱۲۱ |
| ۳۳۸ | قرآنِ پاک سے متعلق خاص معلومات | // |
| ۳۳۹ | چھٹی فصل [عربی زبان وادب] | ۱۲۲ |
| ۳۴۰ | ساتویں فصل [معمولاتِ اہلِ سنت] | ۱۲۴ |
| ۳۴۱ | تبرکات کی شرعی حیثیت | // |

# شرفِ انتساب

وارثِ علومِ اعلیٰ حضرت،

جانشینِ حضور مفتیِ اعظمِ ہند، شیخ الاسلام والمسلمین،

تاج الشریعہ حضرت علامہ

مفتی اختر رضا خان صاحب

رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ

کے نام

گر قبول افتد زہے عز و شرف

احقر الزمن: سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

# چند باتیں

**دارالعلوم محبوبِ سبحانی** کے شعبۂ دینیات کے پانچ سالہ ابتدائی نصاب "**سبحانی دینی نصاب**" کا تیسرا حصہ، آپ کے مطالعے کی میز پر ہے۔ شعبۂ دینیات کا یہ خصوصی نصاب بحکمِ اراکینِ ادارہ تیار کیا گیا ہے۔ اِسے تیار کرنے کی ضرورت اِس لیے محسوس ہوئی کہ

- نصابِ تعلیم کے ذریعہ، چاہے جانے والے ہدَف تک رسائی جلد ہوجاتی ہے۔
- نصاب متعین ہونے سے طلبہ کو معلوم رہتا ہے کہ ہمیں کس سال میں، کیا اور کتنا پڑھنا ہے۔
- نصاب مقرر ہونے سے کم وقت میں طلبہ کے اندر بہ آسانی ضروری استعداد پیدا کی جاسکتی ہے۔
- طالبِ علم بہت سی چیزوں کو کم وقت میں حاصل کرلیتا ہے۔
- نصاب متعین کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اِس کے ذریعہ تعلیم و تربیت کی ایک معین مقدار، استاذ اور والدین کے ذہن میں رہتی ہے، جس کے سبب استاذ کو پڑھانے میں اور والدین و سرپرست کو نگرانی کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## کتاب میں اِن اُمور کا خاص لحاظ رکھا گیا ہے۔

- اِس کتاب میں بچوں اور بچیوں کی ذہنی نشونما اور اُن کی قوتِ ادراک کے لحاظ سے مختصر اور آسان جملوں کا استعمال کیا گیا ہے۔
- کتاب کا مواد معتبر و مستند کتابوں سے لیا گیا ہے۔ اکثر باتیں حوالہ جات سے مزین ہیں؛ البتہ جو باتیں مشہور و معروف ہیں اُن کے حوالے ترک کردیے گئے ہیں۔
- پوری کتاب "چودہ اسباق" پر محیط ہے، جن میں ہر سبق "سات فصلوں" پر مشتمل ہے۔
- پوری کتاب میں آسان لب و لہجے میں "**عقائد، فقہ، آداب، سیرت، اذکار، عام دینی معلومات اور معمولاتِ اہلِ سنت**" سے متعلق اہم اور ضروری باتیں درج کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔ نیز بعض قرآنی سورتوں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مبارک حدیثوں کا ایک معتد بہ حصہ بھی جمع کیا گیا ہے۔
- تمام عربی عبارتوں پر اعراب کا التزام کیا گیا ہے۔

- فصول کی ترتیب میں **ألأهم فالأهم** پر عمل کیا گیا ہے۔ یعنی جو باتیں اہم ہیں، اُن کو پہلے بیان کیا گیا ہے۔ ہر سبق میں فصلوں کی ترتیب کچھ یوں ہے: پہلی فصل: ایمانیات۔ دوسری فصل: فقہیات۔ تیسری فصل: اخلاقیات۔ چوتھی فصل: گوشۂ سیرتِ رسول اکرم ﷺ۔ پانچویں فصل: اذکار و ادعیہ [شش ماہی اول] عام دینی معلومات [شش ماہی دوم]۔ چھٹی فصل: احادیثِ کریمہ۔ ساتویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت۔
- ہر فصل میں متعین عنوان سے متعلق ہی کلام کیا گیا ہے۔
- ساتوں مضامین سے متعلق اہم باتوں کو انھی کی فصلوں میں قسط وار بیان کیا گیا ہے؛ لہٰذا ہر مضمون کی فصل کے مباحثِ عالیہ کا تعلق، اُسی مضمون کی فصلِ سابق کے مباحثِ جلیلہ سے ہے۔
- پانچویں اور بارہویں سبق کی چھٹی فصل کو "حفظِ سُوَر" چھٹے اور تیرہویں سبق کی فصلِ ششم کو "حمد و نعت و منقبت"، اسی طرح ساتویں اور چودھویں سبق کی فصلِ سادس کو "عربی زبان و ادب" کے ساتھ مختص کیا گیا ہے۔
- یہ نصاب روزانہ ایک گھنٹے کی ترتیب پر بنایا گیا ہے، تاکہ طلبہ اپنی عصری تعلیم کے ساتھ روزانہ کچھ نہ کچھ دینی تعلیم بھی حاصل کرتے رہیں۔
- کتاب کو مختلف خوب صورت رنگوں سے سجایا گیا ہے؛ تاکہ بچوں کی دل چسپی کا سامان ہوجائے۔

## چند باتیں اساتذۂ کرام سے:

طلبہ کی تعلیم وتربیت میں اساتذہ ومعلمین کے ذاتی اوصاف وعادات کا سب سے اہم کردار ہوتا ہے، طلبہ اپنے استاذ کے اوصاف وعادات سے شعوری یا غیر شعوری طور پر متاثر ہوتے ہیں۔ اِس لیے بحیثیتِ استاذ آپ کی ذمہ داری ہے کہ مندرجہ ذیل پہلوؤں کو خاص طور پر پیشِ نظر رکھیں! تاکہ آپ کا قابلِ تقلید اُسوہ، طلبہ کے روشن وتابناک مستقبل کا ضامن ہو۔

- وقت کی پابندی کیجیے، پان یا مسالہ کھا کر درس گاہ میں ہرگز نہ آیئے!
- طلبہ سے مسکراتے ہوئے ملیے اور اُن کے ساتھ نرمی وملاطفت سے پیش آیئے!
- اُن کی عزتِ نفس کا خیال رکھیے، اُن کی تحقیر یا تذلیل سے گریز کریئے!
- اُنھیں پیٹنے سے مکمل پرہیز کریئے! بوقتِ حاجت، تادیبی کاروائی کی دوسری صورتیں اختیار کیجیے!
- اُن کے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیجیے! غلط اور غیر تسلی بخش جواب دینا شرعی جرم بھی ہے اور درس گاہ کی توہین بھی۔
- اگر طلبہ کے کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو خندہ پیشانی سے عدمِ واقفیت کا اعتراف کریے اور معلومات کرکے بتایئے! تاکہ اُن کا اعتماد بحال رہے۔

- اگر اُن میں کوئی شرعی یا اخلاقی خامی نظر آئے تو بروقت نرم لب و لہجے میں اُن کی اصلاح فرمائیے! اصلاح کے موقع پر ڈانٹ پھٹکار مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔
- اُن کے ساتھ غیر معمولی قرب اور لگاؤ کا اظہار کریے، اور ایک والد کے مانند شفقت فرمائیے!
- کلاس کے ہر بچے پر توجہ فرمائیے! تاکہ کسی کو ترجیحی سلوک کا احساس نہ ہو؛ بلکہ ہر ایک یہی محسوس کرے کہ آپ کو اُس سے غیر معمولی انس ہے۔
- اپنی تبلیغی کاوشوں سے بچوں کے اندر حصولِ علم کی غیر معمولی لگن پیدا کریے!؛ تاکہ وہ آپ کی ہر بات گوشِ دل سے سنیں اور عمل کریں۔
- اپنی شخصیت کو دل کش اور اثر انگیز بنائیے!؛ تاکہ طلبہ آپ سے بِدَکنے کے بجائے قریب آئیں اور آپ کا اثر قبول کریں۔
- جو باتیں بچوں کو بتائیے، اُن پر خود بھی عمل کریے؛ بلکہ اپنی سیرت کے تمام گوشوں پر برابر نظر رکھیے، تاکہ طلبہ کو تقلید کے لیے ایک شان دار اُسوہ مل سکے۔
- اپنے علم میں اضافے، نیز پختگی اور اپنی معلومات پر یقینِ محکم پیدا کرنے کے لیے مسلسل کتب بینی کرتے رہیے!
- عفو و درگزر اور تحمل و بردباری سے کام لیجیے! چڑچڑے اور غصہ وَر لوگ کامیاب استاذ نہیں بن پاتے۔

## نصاب تعلیم سے متعلق اِن اُمور پر خاص توجہ فرمائیں!

- کتاب میں چودہ اسباق ہیں، ہر سبق سات مختلف فصلوں پر مشتمل ہے۔
- سات اسباق شش ماہی اول میں اور سات اسباق شش ماہی دوم میں پڑھائیں!
- ایک سبق پندرہ دنوں میں مکمل کرائیں، پندرہ دنوں میں کمی یا بیشی ہرگز نہ ہونے پائے۔
- کسی مقام پر ''تحفیظ'' کسی جگہ ''تفہیم'' جب کہ کہیں کہیں ''تفویض'' مرقوم ہے۔ تحفیظ سے مراد ''حفظ کرانا''، تفہیم کا معنیٰ ''تشریح کرتے ہوئے سمجھانا'' اور تفویض کا مطلب ''ہوم ورک بچوں اور بچیوں کے حوالے کردینا'' ہے۔
- اجتماعی طریقۂ تعلیم کو اختیار کرنے کی کوشش کریں! کہ اِس کے متعدد ایسے فائدے ہیں جو انفرادی طریقۂ تعلیم میں حاصل نہیں ہوتے۔
- آیاتِ کریمہ، احادیثِ نبویہ اور دیگر اذکار کی تحفیظ میں تجوید کی مکمل رعایت کریں!

- اگلا سبق حفظ کرانے سے قبل، پچھلے سبق کا اِعادہ کرائیں؛ تاکہ ابحاث سمجھنے میں آسانی ہو۔
- اگر ممکن ہو تو احادیثِ کریمہ کے حوالہ جات بھی حفظ کرائیں!
- احادیثِ مبارکہ سے مستنبط ہونے والے عقائد و مسائل کی توضیح و تشریح کریں!
- ہر درس کی فصل درسِ ماقبل کی فصل سے مربوط ہے۔ اِس ربط کا خاص خیال رکھیں!
- ساڑھے تین مہینے میں ساتوں اسباق کی تکمیل کرائیں! پھر ڈیڑھ مہینے میں امتحان کی تیاری کرائیں!

## بچوں کے والدین توجہ فرمائیں!

- بچوں کو روزانہ، وقت کی پابندی کے ساتھ بھیجیں، ناغے تعلیم کو زبردست نقصان پہنچاتے ہیں۔
- بچوں کے جسم اور اُن کی یونیفارم کی صفائی کا مکمل خیال رکھیں!
- مزید ایک ڈریس سلوائیں، تاکہ یونیفارم میلا ہونے پر بچوں کو دشواری نہ ہو۔
- بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کو خود لائیں اور لے جائیں، تاکہ کوئی حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔
- بلا ناغہ ہوم ورک کرائیں اور استاذ بچوں کو جو کچھ بتائیں، اُن سے اُس پر عمل کرائیں!
- پندرہ دنوں میں کم از کم ایک بار استاذ سے مل کر، بچوں کی کیفیت دریافت کریں!
- بچوں کو کہیں بھیجنا ہو تو تحریری شکل میں رخصت حاصل کریں!
- اگر کسی دن اتفاقاً بچے نہ آسکیں تو فون کے ذریعہ اُن کے استاذ کو اطلاع دیں!

**ہماری کوششیں** اُسی وقت بار آور ہو سکتی ہیں، جبکہ ہمیں آپ کا خصوصی تعاون حاصل ہو۔ آپ کی سستی و لا پرواہی کے ساتھ، ہماری کاوش و لگن، چنداں سود مند ثابت نہ ہوگی۔ اگر آپ حضرات دنیاوی تعلیم کی طرح اپنے بچوں کی دینی تعلیم پر بھی مکمل توجہ دیں، تو نہ صرف یہ کہ آپ کے بچے دینی تعلیم سے خوب خوب آراستہ ہوں گے؛ بلکہ دارین کی سعادتیں بھی آپ کے قدم چومیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دعا کرتا ہوں کہ مولا تعالیٰ اِس کتاب کا افادہ عام سے عام تر فرمائے، اِسے، اِس کے مؤلف، معلم، متعلم، قاری، ناشر اور جملہ معاونین کی بخشش کا وسیلہ بنائے! آمین بجاہِ سید المرسلین حبیبنا و سیدنا محمد المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احقر الزمن سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

۲۰/ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۴۰ھ مطابق ۲۲/ اگست ۲۰۱۹ء بروز جمعرات

9029249679

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ

اَمَّا بَعْدُ

# پہلا سبق

## پہلی فصل: ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تحفیظ

**سوال:** "مُشْرِك" کسے کہا جاتا ہے؟

**جواب:** شِرک کرنے والے کو "مشرك" کہا جاتا ہے۔ شِرک بہت سی چیزوں سے ثابت ہوتا ہے، مثلاً اللہ عزوجل کے علاوہ کسی اور کو "واجب الوجود" [جو ہمیشہ سے ہو اور ہمیشہ رہے] ماننا، اُس کے سِوا کسی اور کو عبادت و بندگی کا حق دار سمجھنا، اُس کے لیے بیوی، باپ اور اولاد ثابت ماننا وغیرہ۔

❁ اِن تمام عقیدوں سے انسان "مشرك" ہوجاتا ہے۔ شِرک کفر کی بدترین [سب سے بُری] قسم ہے۔ اللہ عزوجل کے نزدیک شرک سے بڑا کوئی گناہ نہیں۔[1]

**سوال:** کیا ایسا ہوسکتا ہے کہ کوئی انسان نہ مومن ہو نہ کافر؟

**جواب:** نہیں، ہرگز نہیں، آدمی یا تو مومن ہوگا یا کافر۔ تیسری کوئی صورت نہیں۔ یعنی ایسا نہیں ہوسکتا کہ کوئی شخص نہ مومن ہو نہ کافر۔[2]

**سوال:** کیا "مشرك" کی بخشش ہوسکتی ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں۔ جو یہ عقیدہ رکھے کہ اُسے بخش دیا جائے گا وہ کافر ہے۔ اللہ عزوجل ارشاد فرماتا ہے:

❁ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَكَ بِهٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ یَّشَآءُ۔[3]

**ترجمہ:** بے شک اللہ اپنے ساتھ شرک کیے جانے کو معاف نہیں فرمائے گا اور اِس کے علاوہ جس گناہ کو جس کے لیے چاہے گا معاف فرمادے گا۔

---

[1] [قرآنِ کریم، سورۂ اخلاص۔ شرحِ عقائد و بہارِ شریعت، حصۂ اول، ایمان و کفر کا بیان، ص: ۱۸۳]

[2] [تفسیرِ کبیر، ج: ۶، ص: ۲۰۶۔ تفسیرِ بیضاوی، ج: ۲، ص: ۲۷۳] [3] [سورۂ نساء۔ آیت نمبر: ۴۸]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تفہیم

**سوال**: ''اِحتِلَام'' کسے کہتے ہیں اور اِس سے غسل کب فرض ہوتا ہے؟

**جواب**: ''احتلام'' کا مطلب یہ ہے کہ کوئی شخص سو کر اُٹھے اور بدن یا کپڑے پر تَرِی [گیلا پن] پائے اور اُس تَرِی کے مَنِی یا مَذِی ہونے کا یقین یا احتمال ہو، اِس سے غسل فرض ہو جاتا ہے، اگرچہ خواب یاد نہ ہو۔ہاں اگر یہ یقین ہے کہ نہ یہ منی ہے نہ مذی؛ بلکہ پسینہ ہے یا وَدِی یا کچھ اور، تو غسل فرض نہیں، اگرچہ خواب آنا یاد ہو اور منی نکلنے کی لذّت بھی معلوم ہو۔

**سوال**: ''احتلام'' کے کچھ اہم مسائل بیان فرمادیں!

**جواب**: چند اہم مسائل ملاحظہ فرمائیں:

- اگر ''احتلام'' یاد ہے مگر کپڑے پر اُس کا کچھ بھی اثر نہیں تو غسل واجب نہیں۔
- کھڑے یا بیٹھے یا چلتے ہوئے سو گیا، آنکھ کھلی تو تری پائی، غسل واجب ہے۔
- سونے سے پہلے شہوت ہو اور بیدار ہونے کے بعد تری ملے تو جب تک اس کے منی ہونے کا یقین یا غالبِ گمان نہ ہو غسل واجب نہیں۔

**سوال**: عورت کو اگر احتلام [بدخوابی] ہو تو کب غسل فرض ہوگا؟ ﴿تفویض﴾

**جواب**: جب تک منی فرجِ داخل [شرمگاہ] سے نہ نکلے غسل واجب نہیں ہوگا۔[1]

**سوال**: جماع [ہم بستری] سے غسل کب فرض ہوتا ہے؟ ﴿تفویض﴾

**جواب**: حشفہ یعنی آلۂ تناسل کا اوپری حصہ، جب عورت کی شرمگاہ میں داخل ہو جائے تو میاں بیوی دونوں پر غسل فرض ہو جاتا ہے۔شہوت ہو، چاہے نہ ہو۔منی نکلی ہو چاہے نہ نکلی ہو۔بہر حال غسل فرض ہوگا۔

**سوال**: ''جُنُبِی'' کسے کہتے ہیں؟

**جواب**: منی نکلنے، احتلام ہونے یا حشفہ غائب ہونے سے جس پر غسل فرض ہو، اُسے ''جُنُبِی'' کہتے ہیں۔[2]

---

[1] [ملخصاً از بہارشریعت، حصۂ دوم، غسل کا بیان، ص:۳۲۱]
[2] [ملخصاً از بہارشریعت، حصۂ دوم، غسل کا بیان، ص:۳۲۳]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** کیا ہمارے دین نے اساتذۂ کرام کی طرح ''شاگردوں کے حقوق'' بھی بیان فرمائے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں: جس طرح شاگردوں پر اساتذہ کے حقوق ہیں، اِسی طرح اساتذہ پر شاگردوں کے بھی حقوق ہیں، کہ اگر اُنھیں ادا نہ کیا گیا تو شاگرد، بے راہ روی کا شکار ہو کر تباہ و برباد ہو سکتے ہیں۔ شاگردوں کے حقوق ادا نہ کرنے والے اساتذہ شریعت کی نگاہ میں مجرم ہیں۔

**سوال:** اختصار کے ساتھ ''شاگردوں کے حقوق'' بیان فرما دیں!

**جواب:** چند اہم حقوق نیچے درج کیے جا رہے ہیں، ملاحظہ فرمائیں!

- استاذ، شاگرد کے لیے اپنے اندر محبت و ہمدردی کے جذبات پیدا کرے۔
- اُس کی کوتاہیوں کو دور کرنا اپنا فرضِ منصبی جانے۔
- دل میں اُس کی اصلاح کا جذبۂ صادق رکھے۔
- تربیت کی پُرخلوص کوششیں کرتا رہے۔
- شاگرد کی اصلاح سے مایوس نہ ہو، بلکہ جہاں تک ہو سکے اصلاح کی کوشش کرتا رہے۔
- طعن و تشنیع اور اخلاق سے گری ہوئی باتوں سے مکمل پرہیز کرے۔ وغیرہ

**سوال:** شاگردوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے متعلق کوئی حدیث بیان فرما دیں!

**جواب:** حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: یقیناً لوگ تمھارے تابع ہیں اور زمین کے کونے کونے سے لوگ، دینی فقہ حاصل کرنے کے لیے، تمھارے پاس آئیں گے۔ میری یہ وصیت ہے کہ تم اُن کے ساتھ بھلائی سے پیش آنا۔[۱]

---

[۱] [مصباح المصابیح ص: ۳۴]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تحفیظ

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے قریبی رشتے داروں میں ''اپنی نبوت کا اعلان'' کس وقت فرمایا؟

**جواب:** تین سال کی خفیہ تبلیغ کے بعد اللہ رب العزت نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر سورۂ شُعَرَاء کی یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی:

وَاَنْذِرْ عَشِیْرَتَكَ الْاَقْرَبِیْنَ۔ [1]

ترجمہ: اے محبوب! آپ اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈرائیے!

اِس آیتِ مبارکہ کے ذریعہ پروردگارِ عالم نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنے رشتے داروں میں اعلانِ نبوت کرنے کا حکم دیا۔

چناں چہ ''کوہِ صَفَا'' کی چوٹی پر چڑھ کر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے قبیلۂ قریش کو جمع فرما کر خدا کا پیغام سنایا اور ارشاد فرمایا:

- میں تمھیں عذابِ اِلٰہی سے ڈرا رہا ہوں، میں اللہ کا رسول ہوں، اگر تم لوگ مجھ پر ایمان نہ لاؤ گے تو تم پر عذابِ اِلٰہی نازل ہو کر رہے گا۔

یہ سن کر آپ کے خاندان والے سخت برہم ہوئے اور آپ کی شانِ اقدس میں گستاخی کرنے لگے۔ اُس وقت سب سے زیادہ بدتمیزی آپ کے چچا ''ابولہب'' نے کی۔ [2]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کس وقت علی الاعلان اپنی نبوت و رسالت کا اعلان فرمایا؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے اعلانِ نبوت کے چوتھے سال جب سورۂ حِجر کی یہ آیتِ کریمہ نازل فرمائی:

''فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ''۔ [3]

ترجمہ: اے محبوب! آپ کو جو حکم دیا گیا ہے اُسے علی الاعلان بیان فرما دیجیے! اور مشرکوں سے اعراض کریے!

تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کھلے عام اسلام کی تبلیغ کرنے لگے اور کھلم کھلا توحید کی تعریف اور شرک و بت پرستی کی مذمت فرمانے لگے۔ یہ دیکھ کر صرف کفارِ مکہ ہی نہیں بلکہ پورا عرب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مخالفت پر آمادہ ہو گیا۔ [4]

---

[1] [سورۂ شعراء، آیت نمبر: ۲۱۴]
[2] [ملخصاً من الصحیح البخاری، المجلد الثانی، ص: ۷۰۲]
[3] [سورۂ حجر، آیت نمبر: ۹۴]
[4] [ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص: ۹۴]

**سوال:** کفارِ مکہ نے کس طرح رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کی؟

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علی الاعلان بت پرستی کی مذمت شروع کی تو کفارِ مکہ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑنے لگے اور مختلف طریقوں سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پریشان کرنے لگے۔ اُن کی زیادتیوں اور ایذارسانیوں کی داستان رقم کرنا تو قلم کے بس میں نہیں؛ البتہ اُس کی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیں! تاکہ ہم نافرمانوں کو اندازہ ہو سکے کہ ہم تک خدا کا پیغام پہنچانے کے لیے ہمارے آقا و مولا حضور جانِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس قدر مشقتیں برداشت کی ہیں:

- کفار آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جادوگر، دیوانہ اور شاعر کہتے، آپ پر پھبتیاں کستے اور آپ کی شانِ اقدس میں نازیبا باتیں کہتے۔
- آپ کی راہوں میں کانٹے بچھاتے اور آپ پر پتھروں کی برسات کرتے۔
- کبھی آپ کو دھکے دیتے، کبھی گردنِ اقدس پر نجاست ڈالتے اور کبھی گلے میں چادر کا پھندا ڈال کر گھونٹنے کی کوشش کرتے۔
- جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرآنِ کریم کی تلاوت فرماتے تو وہ آپ اور حضرت جبریلِ امین کو گالیاں دیتے اور شور و غل کرتے تاکہ قرآنِ مقدس کی آواز کسی کو سنائی نہ دے۔

پانچویں فصل

# اذکار وادعیہ

تحفیظ

## {کپڑے پہننے کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ کے لیے، جس نے مجھے یہ لباس پہنایا اور میری طاقت وقوت کے بغیر مجھے یہ [جوڑا] نصیب کیا۔

## {وضو سے پہلے کی دعا}

بِسْمِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی دِیْنِ الْاِسْلَامِ۔

ترجمہ: عظمت والے اللہ کے نام سے شروع، اور سب خوبیاں اُس اللہ کو، جس نے [ہمیں] دینِ اسلام پر قائم رکھا۔

## {وضو کے بعد کی دعا}

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے خوب توبہ کرنے والوں اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں میں بنادے۔

## {مومن سے ملاقات کے وقت کی دعا}

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ عزوجل کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوں۔

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۱] عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ فِيمَا يَرْوِي عَنْ رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: إِنِّي حَرَّمْتُ عَلَى نَفْسِي الظُّلْمَ وَعَلَى عِبَادِي فَلَا تَظَالَمُوا.۱؎

ترجمہ: حضرت ابوذر غِفاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا کہ اللہ عزوجل نے ارشاد فرمایا: بے شک میں نے خود پر اور اپنے بندوں پر ظلم کو حرام قرار دیا ہے، لہٰذا تم آپس میں ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو!

[۲] عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللهِ ﷺ قَالَ: مَا نَقَصَتْ صَدَقَةٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللهُ عَبْدًا بِعَفْوٍ إِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ أَحَدٌ لِلّٰهِ إِلَّا رَفَعَهُ اللهُ.۲؎

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: صدقہ کرنے سے مال کم نہیں ہوتا، جو بندہ معاف کردیتا ہے اللہ عزوجل اس کی عزت بڑھادیتا ہے اور جو اللہ عزوجل کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے اللہ عزوجل اُسے سربلند فرمادیتا ہے۔

[۳] عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: إِذَا قَاتَلَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيَجْتَنِبِ الْوَجْهَ.۳؎

ترجمہ: حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص اپنے مسلم بھائی سے جھگڑا کرے تو اُس کے چہرے پر نہ مارے۔

---

۱؎ [الصحیح للامام مسلم، کتاب البر والصلۃ، رقم الحدیث: ۶۷۴۰]
۲؎ [الصحیح للامام مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب استحباب العفو والتواضع، رقم الحدیث: ۶۷۵۷]
۳؎ [الصحیح للامام مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب النھی عن ضرب الوجہ، رقم الحدیث: ۶۸۱۷]

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

## ندائے یارسول اللہ کا جواز

**سوال:** کیا ہم اپنے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو "یا رسولَ اللہ" اور "یا نبیَّ اللہ" کہہ کر پکار سکتے ہیں؟ ایسا کرنا شرک، بدعت یا ناجائز تو نہیں ہے؟

**جواب:** جی ہاں: ہم اپنے آقا و مولا حضور سرورِ عالم نورِ مجسم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو "یارسولَ اللہ، یا نبیَّ اللہ" جیسے القاب کے ساتھ نزدیک و دور سے پکار سکتے ہیں۔ یہ عمل شرک و بدعت یا ناجائز و حرام نہیں؛ بلکہ محمود و پسندیدہ ہے؛ کیوں کہ اِس کا ثبوت قرآن و حدیث سے ہے۔

**سوال:** قرآنِ مقدس سے اِس کا ثبوت پیش فرما دیجیے!

**جواب:** اللہ رب العزت نے قرآنِ مقدس میں ایک دو مقام پر نہیں؛ بلکہ کئی مقامات پر اپنے حبیب احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو "یا" کے ذریعے ندا کی ہے۔ مثلاً سورۂ مدثر میں فرمایا: "یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ" سورۂ مزمل میں فرمایا: "یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ" اِسی طرح کہیں "یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ" فرمایا کہیں "یٰۤاَیُّهَا الرَّسُوْلُ" فرمایا۔

اِسی طرح متعدد مقامات پر اُس نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مخاطب فرمایا ہے۔

**سوال:** اِس کے ثبوت پر کوئی ایک حدیث پیش فرمائیے!

**جواب:** حضرت امام مسلم رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابیِ رسول حضرت سیدنا برا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، مدینۂ منورہ میں آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داخلے کا منظر روایت کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

❁ عورتیں اور مرد گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے، بچے اور غلام مدینے کی گلی کوچوں میں پھیل گئے۔ وہ سب یہ نعرہ لگا رہے تھے: "یا مُحَمَّدُ یا رَسُوْلَ اللہِ! یا مُحَمَّدُ یا رَسُوْلَ اللہِ!"۔[1]

اگر یہ عمل ناجائز ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُنھیں منع فرما دیتے۔

---

[1] [الصحیح للامام مسلم، کتاب الزہد والرقائق، باب فی حدیث الہجرۃ، رقم الحدیث: ۲۰۰۹]

# دوسرا سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** ایمان کے ''مُنَافِی'' [خلاف] کون کون سی باتیں ہیں؟ تفصیل کے ساتھ بیان فرمائیے!

**جواب:** ایمان کے مُنَافِی وہ تمام باتیں ہیں جن کے کرنے سے کفر لازم آئے، جیسے:

- کسی بُت یا چاند یا سورج کو سجدہ کرنا۔ قرآنِ مقدس اور کعبہ شریف کی توہین کرنا۔
- آقائے کریم ﷺ کی توہین کرنا اور آپ ﷺ کی کسی سنت کو ہلکا سمجھنا یا بتانا۔
- زُنّار یعنی وہ ڈوری باندھنا جسے ہندو لوگ بغل سے نیچے تک ڈالتے ہیں، اور عیسائی، مجوسی اور یہودی کمر میں باندھتے ہیں۔
- سر پر چُوٹیا رکھنا، جیسا کہ ہندو اپنے بچوں کے سر پر مَنَّت مان کر رکھتے ہیں۔
- پیشانی پر تِلک لگانا جو کہ ہندو اپنے ماتھے پر لگاتے ہیں۔
- جس چیز کا حلال ہونا قرآن وحدیث سے صاف طور پر ثابت ہو اُسے حرام کہنا۔
- جس چیز کا حرام ہونا صراحتاً ثابت ہو اُسے حلال کہنا، وغیرہ۔[1]

**سوال:** کیا شک یا وہم کی بنیاد پر کسی مسلمان کو کافر یا کسی کافر کو مسلمان کہا جا سکتا ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں؛ جب تک بالکل یقین سے معلوم نہ ہو جائے کہ فلاں مسلمان نے کفر کیا، اُس وقت تک اُسے مومن ہی جانا جائے گا۔ اِسی طرح جب تک کسی کافر کے بارے میں یہ یقین نہ ہو جائے کہ اُس نے اسلام قبول کر لیا، تب تک اُسے کافر ہی جانا جائے گا۔ یہ دونوں باتیں ضروریاتِ دین میں سے ہیں۔ صرف شک کی بنیاد پر کسی مومن کو کافر، یا کسی کافر کو مومن کہنا بھی کفر ہے۔[2]

---

[1] [تفسیرِ خازن، ج:۱، ص:۲۶۸-۴۔ بہارِ شریعت، حصہ اول، ایمان وکفر کا بیان، ص:۱۷۷]

[2] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ایمان وکفر کا بیان، ص:۱۸۵]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تفویض

**سوال:** عورت کا حیض یا نِفاس کے خون سے فارغ ہونا بھی مُوجبِ غسل ہے۔ اِس کی وضاحت فرمادیں!

**جواب:** سب سے پہلے حیض اور نفاس کے معانی اور اِن کی مدت سمجھ لیں:

**حیض کا معنیٰ و مُدَّت :** ہر مہینے بالغ عورت کی شرمگاہ سے جو خون عادتاً نکلتا ہے ، اُسے ''حیض'' [ایم سی] کہا جاتا ہے۔ یہ کم سے کم تین دن اور زیادہ سے زیادہ دس دن آتا ہے۔

**نفاس کا معنیٰ و مُدَّت:** بچے کی ولادت کے بعد جو خون نکلتا ہے، اُسے ''نِفاس'' کہا جاتا ہے، اُس کی کم سے کم مدت کچھ بھی نہیں اور زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے۔

جب عورت حیض یا نِفاس کے خون سے پاک ہوجائے تو اُس پر غسل کرنا واجب وضروری ہے۔[1]

**سوال:** ناپاک شخص کے احکام بیان فرمادیں! ﴿تحفیظ﴾

**جواب:** ناپاک شخص پر:

- مسجد میں جانا، طواف کرنا، قرآنِ مجید چھونا، زبانی پڑھنا، کسی آیت کا لکھنا اور ایسی تعویذ یا انگوٹھی چھونا جس پر قرآن مجید کی آیت لکھی ہو، حرام وناجائز ہے۔[2]

**سوال:** پانی کی کتنی قسمیں ہیں؟ ﴿تحفیظ﴾

**جواب:** پانی چار طرح کا ہوتا ہے:

[۱] پاک ہو، پاک کرنے والا ہو اور مکروہ نہ ہو۔ [۲] پاک ہو، پاک کرنے والا ہو مگر مکروہ ہو۔

[۳] خود پاک ہو مگر دوسرے کو پاک کرنے والا نہ ہو۔ [۴] نہ خود پاک ہو، نہ دوسرے کو پاک کرنے والا ہو۔

**سوال:** وہ کون سے پانی ہیں جو خود پاک ہیں، دوسروں کو پاک کرتے ہیں اور مکروہ بھی نہیں ؟

**جواب:** برسات، ندی، چشمے، سمندر، تالاب اور بڑے حوض کا پانی ، پاک ، پاک کرنے والا اور غیرِ مکروہ ہوتا ہے۔ اِن تمام پانیوں سے وضو اور غسل وغیرہ کرسکتے ہیں۔[3]

---

[1] [ملخصاً از بہارشریعت، حصۂ دوم، غسل کا بیان، ص:۳۲۴]
[2] [ملخصاً از بہارشریعت، حصۂ دوم، غسل کا بیان، ص:۳۲۵]
[3] [ملخصاً از بہارِشریعت، حصۂ دوم، پانی کا بیان ص:۳۲۹]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** ماں باپ کے حقوق کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** بندوں کے حقوق میں ماں باپ کے حقوق کی بڑی اہمیت ہے۔ قرآنِ مقدس میں اللہ رب العزت نے کئی مقام پر اپنے حق کے ساتھ، والدین کے حق کو بیان فرمایا ہے۔ یہاں تک کہ بندوں کو والدین کے حق میں دعا کرنے کا طریقہ بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْراً۔ [۱]

ترجمہ: اے میرے رب! اِن دونوں پر رحم فرما، جیسا کہ انھوں نے بچپن میں میری پرورش کی۔

لہٰذا ماں باپ کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا واجب وضروری ہے۔

**سوال:** دو آیتوں کے ذریعہ والدین کی فضیلت اور اُن کے مقام ومرتبہ پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** جی، ملاحظہ فرمائیں!

- [۱]: لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا۔ ترجمہ: اللہ کے سوا کسی کی بھی عبادت نہ کرو اور اپنے ماں باپ کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔ [۲]
- [۲]: وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ حُسْنًا۔ ترجمہ: اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرنے کی تاکید کی۔ [۳]

اِن دونوں آیتوں میں ہمارے رب، اللہ عزوجل نے بڑی تاکید کے ساتھ والدین کا حق ادا کرنے اور اُن کا خیال رکھنے کا حکم دیا ہے۔

**سوال:** ہمارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے والدین کے بارے میں کیا ارشاد فرمایا ہے؟، دو حدیثیں پیش فرمائیے!

**جواب:** جی پیش ہیں، ملاحظہ فرمائیں!

---

[۱] [سورۂ بنی اسرائیل، آیت نمبر: ۲۴]
[۲] [سورۂ بقرۃ، آیت نمبر: ۸۳]۔
[۳] [سورۂ عنکبوت، آیت نمبر: ۸]۔

❁ حضرت عبد اللہ بن مسعود بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے دریافت کیا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون سا عمل زیادہ پیارا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: وقت پر نماز ادا کرنا، میں نے عرض کی: حضور! اُس کے بعد؟ فرمایا: والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنا۔ [1]

❁ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے تین مرتبہ فرمایا: اُس کی ناک خاک آلود ہو، پوچھا گیا: یا رسول اللہ! کس کی؟ فرمایا: اُس کی جس نے بوڑھے ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کو پایا پھر جنتی نہ ہوسکا۔ [2]

## اچھے ناموں کا انتخاب کرو!

## حدیثِ پاک

عَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِاَسْمَآءِ كُمْ وَ اَسْمَآءِ آبَآءِ كُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَآءَ كُمْ۔ [السنن للامام ابی داؤد، ج:۲، ص:۶۷۶]

ترجمہ: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: بروزِ قیامت تمھیں، تمھارے ناموں اور تمھارے والد کے ناموں سے پکارا جائے گا؛ لہذا اپنے لیے اچھے ناموں کا انتخاب کرو!

---

[1] [الصحیح للامام البخاری، ج:۱، ص:۷۶]
[2] [الصحیح للامام مسلم ج:۲، ص:۳۱۴]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** جن کُفّار و مُشرکین نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تکلیف پہنچانے میں حد کر دی، اُن میں سے بعض کے نام تحریر کریں!

**جواب:** جو بد بخت دن رات [معاذ اللہ] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایذا رسانی میں مصروف رہا کرتے تھے اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور مسلمانوں کو ستانے کے علاوہ اُن کا کوئی دوسرا کام ہی نہیں ہے، وہ یہ ہیں:

ابولہب۔ ابوجہل۔ ولید بن مغیرہ۔ امیہ بن خلف۔ اُبَیّ بن خلف۔ عُقبہ بن ابو مُعَیط۔ حکم بن ابو العاص وغیرہم۔

**سوال:** غریب مسلمانوں کے ساتھ کفارِ مکہ نے کیسا سلوک کیا؟

**جواب:** اُن سنگ دل، بے رحم، درندہ صفت ظالموں نے مسلمانوں پر ظلم و ستم کے ایسے پہاڑ توڑے جنھیں پڑھنے اور سننے کے بعد جسم کا ایک ایک رونگٹا کھڑا ہو جاتا ہے۔ مگر تاریخ گواہ ہے کہ شرابِ توحید کے اِن مَستوں نے اپنی ثابت قدمی کا وہ منظر پیش کیا جس کی کوئی نظیر نظر نہیں آتی۔

اُن بد بخت ظالموں نے بے کس مسلمانوں پر ظلم و ستم کا کوئی دقیقہ باقی نہیں چھوڑا۔ مگر خدا کی قسم! وہ ایک بھی مسلمان کے پائے استقامت میں تزلزُل نہ پیدا کر سکے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کوئی ایک غلام بھی اسلام سے منہ موڑ کر کافر و مرتد نہیں ہوا۔

**سوال:** اُس داستانِ ظلم و ستم کی کچھ جھلکیاں پیش فرما دیں! تا کہ ہمارے ایمان میں مزید پختگی پیدا ہو۔

**جواب:** کفارِ مکہ نے مسلمانوں پر ظلم کے بے پناہ اندوہ ناک مظالم ڈھائے اور اُنھیں ایسے جان سوز عذابوں میں مبتلا کیا کہ اگر مسلمانوں کی جگہ بلند و بالا پہاڑ ہوتے تو شاید ڈگمگانے لگتے، مگر اُن نفوسِ قدسیہ کے پائے استقلال میں جنبش تک نہ آئی۔ اُن کے اندازِ ظلم کی چند جھلکیاں ملاحظہ فرمائیں!

- مسلمانوں کی ننگی پشتوں پر کوڑے برسا کر زخمی کرتے پھر سخت دھوپ میں تنُّور کی طرح تیز گرم ریت پر زخموں کے بل لٹاتے اور پیٹھ پر بھاری بھر کم پتھر رکھ دیتے تا کہ کروٹ نہ بدلنے پائیں۔
- لوہے کی سلاخوں کو آگ میں گرم کر کے سرخ کرتے اور اُن سے مسلمانوں کے جسموں کو داغ دیتے۔
- پانی میں اِس قدر ڈبکیاں دیتے کہ کہ اُن کا دَم گُھٹنے لگتا۔
- چٹائیوں میں لپیٹ کر اُن کی ناکوں میں اِس قدر دھواں دیتے کہ سانس لینا مشکل ہو جاتا اور وہ کرب و بے چینی سے بد حواس ہو جاتے۔ [۱]

[۱] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ ص: ۹۶-۹۷]

پانچویں فصل

# اذکار و ادعیہ

تحفیظ

## مصافحہ کرنے کی دعا

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ۔

ترجمہ: اللہ کریم، ہماری اور تمھاری مغفرت فرمائے۔

## دعوت کھانے کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِيْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِيْ۔

ترجمہ: اے اللہ! تو اُسے کِھلا جس نے مجھے کھلایا اور اُسے سیراب کر جس نے مجھے پلایا۔

## بیت الخلاء جانے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِث۔

ترجمہ: اے اللہ! مَیں خبیث و ناپاک جِنّوں اور جِنّیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنِّي الْاَذٰى وَعَافَانِيْ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ عزوجل کی جس نے تکلیف دینے والی چیز مجھ سے دور کی اور مجھے راحت عطا فرمائی۔

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۴] عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ شَجَرَةً كَانَتْ تُؤْذِي الْمُسْلِمِينَ فَجَاءَ رَجُلٌ فَقَطَعَهَا فَدَخَلَ الْجَنَّةَ.[۱]

ترجمہ: حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک ایک درخت مسلمانوں کو تکلیف دیتا تھا، ایک شخص نے آکر اُسے کاٹ دیا تو اِسی نیکی کے سبب وہ جنت کا حق دار ہو گیا۔

[۵] عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَكْثِرُوا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ. يَعْنِي الْمَوْتَ.[۲]

ترجمہ: سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: لذتوں کو توڑنے والی یعنی موت کو خوب یاد کیا کرو!

[۶] عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَاءَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَاءَهُ.[۳]

ترجمہ: حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور رحمتِ عالم ﷺ نے فرمایا: جو اللہ عزوجل سے ملنا پسند کرتا ہے اللہ عزوجل بھی اُس سے ملاقات کو محبوب رکھتا ہے اور جو اللہ عزوجل سے ملاقات کو ناپسند کرتا ہے اللہ عزوجل بھی اُس سے ملنے کو پسند نہیں فرماتا۔

---

[۱] [الصحیح للامام مسلم، کتاب البر والصلۃ، باب فضل ازالۃ الاذی عن الطریق، رقم الحدیث: ۶۸۳۸]

[۲] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی ذکر الموت، رقم الحدیث: ۲۴۷۷]

[۳] [الجامع للامام الترمذی، باب من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ، رقم الحدیث: ۲۴۷۹]

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تحفیظ

**سوال:** جو لوگ "نِدَاے یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ" سے منع کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کو اُن کی ظاہری حیات میں "یا" کے ذریعہ پکارنا جائز تھا، وصال کے بعد نا جائز ہے۔ اُن کی اِس دلیل کا آپ کے پاس کیا جواب ہے؟

**جواب:** اُن کی یہ بات سراسر غلط ہے؛ کیوں کہ دنیا کے تمام مسلمان یہاں تک کہ خود منع کرنے والے دیو بندی وہابی بھی نماز میں جب "التحیات" پڑھتے ہیں تو "اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا النَّبِیُّ" کہتے ہیں، اور کہنا ضروری بھی ہے، اس لیے کہ اِس کے کہے بغیر نماز نہیں ہوسکتی۔

پھر حضرات صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین بھی وصال کے بعد حضور ﷺ کو "یا" کے ذریعہ پکارا کرتے تھے۔ کسی کو یقین نہ آئے تو "تاریخِ طبری" اٹھا کر دیکھے! اُس میں یہ روایت موجود ہے کہ:

- **جنگِ یمامہ** میں جب حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبوت کے جھوٹے دعوے دار "مُسَیْلَمَۃُ کَذَّابُ" کے مقابلے کے لیے اسلامی لشکر بھیجا اور مسلمانوں نے اُن مرتدّوں سے جہاد کیا تو اُن دنوں مسلمانوں کا نعرہ "یَا مُحَمَّدَاہُ" تھا۔[1]

اگر حضور ﷺ کو ظاہری حیات سے پردہ فرمانے کے بعد "یا" کے ذریعہ پکارنا درست نہ ہوتا تو صحابۂ کرام ہرگز ایسا نہ کرتے۔ لہٰذا ہم اہلِ سنت و جماعت کا یہ معمول بحمد اللہ عز وجل قرآن و حدیث سے بھی ثابت ہے اور اسلافِ کرام کے عمل سے بھی۔

[1] [تاریخ طبری، ج:۲، ص:۲۸۱]

# تیسرا سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** ''ضروریاتِ دین'' کو دِل سے ماننے والا اگر اپنی زبان سے ایک بار بھی اقرار نہ کرے، تو کیا وہ مومن ہے؟

**جواب:** جی ہاں! اگر اُسے زبان سے اقرار کرنے کا موقع نہ ملا، تو اللہ کے نزدیک وہ مومن ہوگا، مگر دنیا میں اُس پر اسلامی احکام نافذ نہ ہوں گے، یعنی نہ اُس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور نہ ہی اُسے مسلم قبرستان میں دفن کیا جائے گا؛ لیکن اگر اُسے اقرار کرنے کا موقع ملے اور مطالبے کے باوجود اقرار نہ کرے تو کافر ہے۔ [۱]

**سوال:** پانچواں کلمہ یعنی ''کلِمۂ اِستِغفار'' ترجمہ کے ساتھ سنایئے!

**جواب:** اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ اَذْنَبْتُهٗ عَمَداً اَوْ خَطَاً ، سِرّاً اَوْ عَلَانِيَةً وَّ اَتُوْبُ اِلَيْهِ مِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِیْ لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَ سَتَّارُ الْعُيُوْبِ وَ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ ۔

ترجمہ: میں اپنے پَرْوَرْدْگار اللہ عَزَّ وَ جَلَّ سے ہر اُس گناہ سے معافی چاہتا [چاہتی] ہوں جو میں نے جان بوجھ کر یا بھول کر، لوگوں سے چُھپا کر یا علی الِاعلان کیا، اور میں اُس کی بارگاہِ عالی میں اُس گناہ سے توبہ کرتا [کرتی] ہوں جس کو میں جانتا [جانتی] ہوں اور اُس گناہ سے [بھی] جس کو میں نہیں جانتا [نہیں جانتی]۔

اے اللہ! یقیناً تو غیبوں کا جاننے والا، عیبوں کا چھپانے والا اور گناہوں کا بخشنے والا ہے اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت صِرف اُس اللہ عَزَّ وَ جَلَّ کی جانب سے ہے، جو بہت بلند عظمت والا ہے۔

**سوال:** اگر معاذ اللہ کسی مومن کو کُفر بکنے پر مجبور کیا جائے تو وہ کیا کرے؟

**جواب:** اگر اُسے واقعی مجبور کیا گیا، مثلاً جان سے مار ڈالنے یا جسم کا کوئی حصہ کاٹ ڈالنے کی صحیح دھمکی دی گئی اور دھمکانے والا ایسا کرنے پر قادر بھی ہے تو ایسی صورت میں ''کلمۂ کفر'' بکنے کی رخصت دی گئی ہے، بشرطے کہ دل ایمان پر مطمئن ہو، مگر افضل یہ ہے کہ نہ بکے، اگرچہ قتل کر دیا جائے۔ [۲]

---

[۱] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، ایمان و کفر کا بیان، ص: ۱۸۵۔ نبراس شرحِ عقائدِ نسفی، ص: ۲۵۰]

[۲] [ردالمحتار، کتاب الجہاد، باب المرتد، ج: ۶، ص: ۳۴۶]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** وہ کون سا پانی ہے جو خود پاک ہے، دوسرے کو پاک بھی کرتا ہے؛ مگر مکروہ ہے؟

**جواب:** بلی، چوہا، کوّا اور گھر میں رہنے والے کیڑوں کا جھوٹا پانی مکروہ ہے۔ اگر دوسرا پانی موجود ہو تو ان کے جھوٹے سے وضو یا غسل کرنا مکروہ ہے اور اگر اِس کے علاوہ کوئی پانی نہ ہو تو اِس سے وضو یا غسل کرنے میں کچھ بھی حرج نہیں۔

**سوال:** وہ کون سا پانی ہے جو خود تو پاک ہے؛ مگر دوسرے کو پاک نہیں کر سکتا؟

**جواب:** پھل اور درخت کا نچوڑا ہوا پانی، وہ پانی جس میں کوئی پاک چیز مِل گئی ہو اور اُس کا نام بدل گیا ہو، جیسے شربت اور شوربا وغیرہ۔ یوں ہی وضو اور غسل کا دھوون۔ یہ سب پانی پاک تو ہیں؛ مگر پاک کرنے والے نہیں، نہ اِن سے وضو کر سکتے ہیں، نہ غسل۔[۱]

**سوال:** کون کون سے پانی ناپاک ہیں؟

**جواب:** ناپاک پانیوں کی تفصیل یہ ہے:

- جس بڑے حوض [کہ جس کی لمبائی چوڑائی ۱۰۰ ہاتھ ہو] اور تالاب میں ناپاک چیز مِل جائے اور اُس کا رنگ یا مہک یا مزہ بدل جائے۔
- چھوٹے حوض یا گھڑے یا بالٹی یا ٹنکی میں کوئی ناپاک چیز گر گئی ہو، اگر چہ پانی کا رنگ یا مہک یا مزہ تبدیل نہ ہوا ہو۔ یہ سب پانی ناپاک ہیں، نہ اِن سے وضو کر سکتے ہیں، نہ غسل؛ بلکہ اگر یہ پانی کسی پاک جگہ لگ جائیں تو اُسے بھی ناپاک کر دیں گے۔[۲]

**سوال:** کیا شکاری جانوروں کے جوٹھے سے وضو یا غسل کیا جا سکتا ہے؟

**جواب:** جی نہیں! شکاری جانوروں مثلاً "کتا، بھیڑیا، گیدڑ وغیرہ" کے جوٹھے سے وضو یا غسل نہیں کیا جا سکتا؛ کیوں کہ اِن کا جوٹھا ناپاک ہے۔
لیکن جن جانوروں کا گوشت کھانا حلال ہے، مثلاً بھینس، بکری وغیرہ، اُن کا جوٹھا پاک ہے؛ لہٰذا اِن کے جوٹھے سے وضو اور غسل کرنا درست ہے۔[۳]

---

[۱] [ملخصاً از بہار شریعت حصۂ دوم، پانی کا بیان، ص:۳۲۹]
[۲] [ملخصاً از بہار شریعت، حصۂ دوم، پانی کا بیان، ص:۳۲۹]
[۳] [ملخصاً از بہار شریعت، حصۂ دوم، پانی کا بیان، ص:۳۲۹]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** ہمیں اپنے ماں باپ کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا چاہیے! اختصار کے ساتھ بیان فرمادیں!

**جواب:** ماں باپ کے معاملات میں ہمیں مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

- والدین کا ہر جائز حکم مانیں اور اُس پر عمل کرنا فرض جانیں۔
- اُن کے ساتھ ہمیشہ نرمی کا برتاؤ کریں۔
- اُن کی کسی بات پر ناراضگی کا اظہار ہرگز نہ کریں۔
- اُن کی باتوں کا جواب دینا، بحث وتکرار کرنا، غصہ دکھانا تو دور، اُنہیں ''اُف'' تک نہ کہیں۔
- اُن سے بات کریں تو آواز دھیمی اور نظریں نیچی رکھیں۔
- اگر وہ ناراض ہوجائیں تو فوراً اُنھیں راضی کریں، کیوں کہ اُن کی رضا میں رب تعالیٰ کی رضا ہے۔
- جو بات یا کام ماں باپ کو ناپسند ہو، نہ اُسے کہیں نہ کریں۔
- اپنے پاکیزہ اور حلال مال ودولت کو ماں باپ پر خرچ کرنا باعثِ فخر واجر جانیں۔
- وہ بیمار ہوجائیں تو اُن کی عیادت کریں، مناسب علاج کرائیں، رب تعالیٰ سے دعائیں کریں اور ان کے ہاتھ پیر وغیرہ دبانے کو سعادت مندی تصور کریں۔

**سوال:** کیا ماں باپ کے قدموں کو چوم سکتے ہیں؟

**جواب:** بالکل، اِس میں کوئی حرج نہیں، والدین کے قدموں کو چومنا بہت بڑی سعادت مندی ہے۔ یہ فخر خوش قسمتوں کو ہی حاصل ہوتا ہے۔ اِن کے علاوہ اپنے پیر صاحب یا کسی بزرگ عالمِ دین کے قدموں کو بھی چوما جاسکتا ہے۔

**سوال:** جو لوگ ماں باپ کے ساتھ بدسلوکی کرتے ہیں، اُن کا انجام کیا ہوگا؟

**جواب:** والدین کی نافرمانی اور اُن کے ساتھ بدسلوکی کرنا، دنیا اور آخرت میں سخت نقصان دِہ ہے۔ ایسا بدتمیز انسان دنیا میں رُسوا ہوتا ہے اور آخرت میں بھی سخت عذاب میں گرفتار ہوگا۔ اِس سلسلہ میں دو حدیثیں ملاحظہ فرمائیں:

- [۱] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: وہ ملعون [یعنی رحمتِ الٰہی سے محروم] ہے جو اپنے ماں باپ کو ستائے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ تین بار فرمایا۔[۱]
- [۲] آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تین قسم کے لوگوں کا کوئی فرض ونفل قبول نہیں فرماتا: والدین کا نافرمان، صدقہ دے کر احسان جتلانے والا، تقدیر کو جھٹلانے والا۔[۲]

---

[۱] [فتاویٰ رضویہ ج:۱۰، ص:۳۹۴]　　[۲] [فتاویٰ رضویہ، ج:۹، ص:۵۸]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تحفیظ

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تبلیغِ دین سے روکنے کے لیے کفارِ مکہ نے ایذا رسانی کے علاوہ دوسری کیا تدبیر اختیار کی؟

**جواب:** کفارِ مکہ نے "عتبہ بن ربیعہ" کے ذریعہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ کہلوایا:

❁ اے محمد! [صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] آخر اس دعوتِ اسلام سے آپ کا مقصد کیا ہے؟ آپ سردار بننا چاہتے ہیں، دولت وعزت کے خواہش مند ہیں یا کسی بڑے گھرانے میں شادی کرنا چاہتے ہیں؟ آپ اپنی خواہش بیان کریں! آپ یقین کریں! آپ کی ہر آرزو پوری کی جائے گی۔ بس آپ اسلام کی تبلیغ سے باز آجائیں!

**سوال:** "عتبہ بن ربیعہ" کی ساحرانہ تقریر سن کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا جواب عنایت فرمایا؟

**جواب:** اُس کی گفتگو سن کر آقاے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآنِ کریم کی چند آیتیں تلاوت فرمائیں۔ اُنھیں سن کر جلالِ الٰہی سے عتبہ کے جسم کا رونگٹا رونگٹا کھڑا ہوگیا۔ اُس کے بدن کا بال بال خوفِ ذوالجلال سے لرزنے اور کانپنے لگا۔ اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاکیزہ منہ پر ہاتھ رکھ کر رشتے داری کا واسطہ دیتے ہوئے درخوست کی:

❁ آپ خاموش ہوجایئے! اِس کلام کی عظمت سے میرا کلیجہ پھٹا جارہا ہے۔

عتبہ بن ربیعہ نے واپس آکر سردارانِ قریش کو مشورہ دیا کہ: تم لوگ محمد [صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] کو اُن کے حال پر چھوڑ دو۔ اگر وہ کامیاب ہوگئے تو تمھاری ہی عزت بڑھے گی ورنہ سارا عرب انھیں خود ہی فنا کر دے گا۔ مگر قریش کے سرکش کافروں نے اُس کی بات نہ مانی اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایذا رسانیوں میں اور اضافہ کر دیا۔[1]

**سوال:** چچا ابوطالب کے سمجھانے پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنھیں کیا جواب دیا؟

**جواب:** جب چچا ابوطالب نے سمجھاتے ہوئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ کہا:

❁ پیارے بھتیجے! اپنے بوڑھے چچا کی سفید داڑھی پر رحم کرو! مجھ پر اتنا بوجھ نہ ڈالو کہ میں برداشت نہ کرسکوں۔ اب تک قریش کا بچہ بچہ میرا احترام کرتا تھا مگر اب اُن کا لب ولہجہ بدل چکا ہے۔ وہ تمھارے اور میرے خلاف تلوار اٹھانے سے بھی گریز نہ کریں گے۔ اِس لیے اسلام کی دعوت کو چند دنوں کے لیے موقوف کردو۔

تو آقاے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جذبات سے لبریز آواز میں فرمایا:

---

[1] [ملخصاً من سیرتِ مصطفی، ص: ۱۰۰-۱۰۱]

✿ چچا جان! اگر قریش میرے ایک ہاتھ میں سورج اور دوسرے ہاتھ میں چاند لا کر رکھ دیں تب بھی میں اِس دعوت سے باز نہ آؤں گا۔ یا تو خدا مجھے کامیاب فرما دے گا یا میں اِسی دینِ اسلام پر قربان ہو جاؤں گا۔

یہ سن کر ابوطالب نے نہایت گرم جوشی کے ساتھ کہا: نورِ نظر! جاؤ دین کا کام کرو! جب تک میں زندہ ہوں کوئی تمھارا ایک بال بھی بیکا نہیں کر پائے گا۔ [1]

## اسمِ محمد کی قدر و قیمت

### حدیثِ پاک

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَنْ وُّلِدَ لَهٗ ثَلٰثَةُ اَوْلَادٍ فَلَمْ يُسَمِّ اَحَدًا مِّنْهُمْ مُحَمَّدًا فَقَدْ جَهِلَ۔

[المعجم الکبیر للامام الطبرانی، ج:١١، ص:٥٩]

ترجمہ: حضرتِ عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس مومن کے تین بیٹے پیدا ہوں اور وہ اُن میں سے کسی کا بھی نام ''محمد'' نہ رکھے تو یقیناً وہ جاہل ہے۔

---

[1] [ملخصاً من سیرتِ مصطفیٰ، ص:١٠٢/ ١٠٣]

پانچویں فصل

# اذکار و ادعیہ

تحفیظ

## آبِ زم زم پینے اور ہر نماز کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَّافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِّنْ كُلِّ دَآءٍ۔[۱]

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم، کشادہ رزق اور ہر بیماری سے شفا کا [کی] طلب گار ہوں۔

## روزہ افطار کرنے کے بعد کی دعا

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ۔[۲]

ترجمہ: اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا، میں تجھ پر ایمان لایا [لائی] میں نے تجھ پر بھروسا کیا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا۔

## شیطان سے حفاظت کی دعا [صبح کے وقت پڑھیں]

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔[۳]

ترجمہ: میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا [آتی] ہوں جو سنتا اور جانتا ہے۔

## ہر شر سے حفاظت کی دعا

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔[۴]

ترجمہ: میں تمام مخلوق کے شر سے اللہ تعالیٰ کے مکمل کلمات کی پناہ چاہتا [چاہتی] ہوں۔

---

[۱] [السنن للامام ابن ماجہ، باب مایقال بعد التسلیم، رقم الحدیث: ۹۷۷]

[۲] [السنن للامام ابی داؤد، باب القول عند الافطار، رقم الحدیث: ۲۳۵۹]

[۳] [عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی، ص: ۴۹]

[۴] [الصحیح للامام مسلم، باب فی التعوذ من سوء القضاء، رقم الحدیث: ۷۰۵۳]

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۷] عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَوْ كَانَتِ الدُّنْيَا تَعْدِلُ عِنْدَ اللهِ جَنَاحَ بَعُوضَةٍ مَا سَقَى كَافِرًا مِنْهَا شَرْبَةَ مَاءٍ ۔[1]

**ترجمہ:** حضرت سہل بن سعد سے مروی ہے کہ حضور احمدِ مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگر دنیا کی حیثیت اللہ عزوجل کے نزدیک کسی مچھر کے پَر کے برابر بھی ہوتی تو ہرگز کسی کافر کو دنیا کے پانی کا ایک گھونٹ بھی نہ پلاتا۔

[۸] عَنْ أَبِي بَكْرَةَ أَنَّ رَجُلاً قَالَ يَا رَسُولَ اللهِ! أَيُّ النَّاسِ خَيْرٌ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَحَسُنَ عَمَلُهُ۔ قَالَ فَأَيُّ النَّاسِ شَرٌّ ؟ قَالَ: مَنْ طَالَ عُمُرُهُ وَسَاءَ عَمَلُهُ ۔[2]

**ترجمہ:** حضرت ابوبکرہ سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سے دریافت کیا: اے اللہ کے رسول! کون انسان سب سے بہتر ہے؟ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس کی عمر لمبی اور اعمال اچھے ہوں۔ اُس نے کہا: اور کون شخص سب سے بُرا ہے؟ فرمایا: جس کی عمر دراز اور اعمال بُرے ہوں۔

[۹] عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَوَكَّلُونَ عَلَى اللهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرُزِقْتُمْ كَمَا تُرْزَقُ الطَّيْرُ تَغْدُو خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا ۔[3]

**ترجمہ:** حضرت عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگر تم اللہ عزوجل پر کما حقہ بھروسا کرو تو تمھیں پرندوں کی طرح رزق دیا جائے جو صبح کو بھوکے پیٹ جاتے ہیں اور شام کو شکم سیر ہو کر آتے ہیں۔

---

[1] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی ھوان الدنیا علی اللہ عزوجل، رقم الحدیث: ۲۴۹۰]

[2] [الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث: ۲۵۰۰]

[3] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی التوکل علی اللہ، رقم الحدیث: ۲۵۱۵]

# ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

## استعانت واستمداد کا جواز

**سوال:** ''استعانت'' کا معنی بیان فرما دیجیے!

**جواب:** ''استعانت'' کا مطلب ''مدد طلب کرنا'' ہے۔ اِس کا دوسرا نام ''استمداد'' ہے۔

**سوال:** کیا اللہ عزوجل کے مقرب بندوں سے یعنی انبیاے کرام اور اولیاے عظام سے ''مدد مانگ'' سکتے ہیں؟

**جواب:** حضراتِ انبیاے کرام و مرسلینِ عظام بالخصوص حضور رحمتِ عالم جانِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر اللہ والوں سے بلا شک ''استعانت'' کر سکتے ہیں؛ جب کہ یہ عقیدہ ہو کہ حقیقی مالک ومختار اور مددگار تو اللہ عزوجل ہی ہے۔ یہ حضرات اللہ عز و جل کی عطا کی ہوئی طاقت وقدرت سے مدد فرمایا کرتے ہیں۔

الحمد للہ ہر سنی مسلمان اسی عقیدے کے ساتھ اِن حضرات سے مدد طلب کرتا ہے۔

**سوال:** چوں کہ کچھ نادان اِس سے منع کرتے ہیں، اِس لیے اِس کے جواز کی دلیل پیش فرما دیجیے!

**جواب:** ہمارا رب اللہ عزوجل قرآنِ مقدس میں ارشاد فرماتا ہے:

فَإِنَّ اللّٰهَ هُوَ مَوْلَاهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ ظَهِيْرٌ ۔[1]

ترجمہ: تو بے شک اللہ ان کا مددگار ہے اور جبریل اور نیک ایمان والے اور اس کے بعد فرشتے مدد پر ہیں۔

دیکھیے! اللہ رب العزت نے حضرت جبریل علیہ السلام، نیک مومنین اور فرشتوں کو بھی مددگار کہا ہے۔ پتہ چلا کہ اللہ عز وجل کے مقرب بندے اور فرشتے بھی اُس کے اِذن سے مدد فرمایا کرتے ہیں۔

[1] [سورۂ تحریم، آیت نمبر: ۴]

# چوتھا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تحفیظ

**سوال:** "فِرِشتوں" کی حقیقت پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** جیسے انسان اور جِنّات اللہ تبارک وتعالیٰ کی مخلوق ہیں، ویسے ہی "فرشتے" بھی اُس کی مخلوق ہیں۔فرشتوں کو اللہ عزو جل نے نور سے پیدا فرمایا ہے، اِسی وجہ سے اُنھیں "نوری مخلوق" کہا جاتا ہے۔

**سوال:** کیا فرشتوں پر بھی ایمان لانا ضروری ہے؟

**جواب:** جی ہاں! فرشتوں کا وجود تسلیم کرنا بھی ضروریاتِ دین کا حصہ ہے۔جو اِن کے وجود کا انکار کرے کافر ہے؛ کیوں کہ ان کا وجود قرآنِ مقدس کی بہت سی آیتوں سے ثابت ہے، اِن کا انکار درحقیقت قرآنِ مقدس کی بہت سی آیتوں کا انکار ہے اور قرآن کریم کی کسی آیت؛ بلکہ کسی حرف کا بھی انکار کرنے والا کافر ہوجاتا ہے۔

**سوال:** اگر کوئی شخص یہ بکواس کرے کہ "نیکی کی طاقت کا نام فرشتہ ہے" تو اُس کا حکمِ شرعی کیا ہے؟

**جواب:** نیکی کی قوت کو "فرشتہ" کہنے والا کافر ہے؛ کیوں کہ یہ فرشتوں کا صاف انکار ہے۔

**سوال:** فرشتے مرد ہوتے ہیں کہ عورت؟ وضاحت فرمادیں!

**جواب:** فرشتے نہ مرد ہوتے ہیں نہ عورت۔نر اور مادہ ہونا "انسانوں، جنوں اور دوسری مخلوقات" میں ہوتا ہے۔فرشتے نر اور مادہ ہونے سے پاک ہیں۔[1]

---

[1] [منح الروض الأزہر، ص: ۱۲]

دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تفہیم

**سوال:** ہمارے مذہبِ اسلام میں ”**نماز**“ کی کیا اہمیت ہے؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** ایمان لانے اور اہلِ سنت و جماعت کے مطابق عقائد درست کر لینے کے بعد تمام فرائض میں سب سے اہم فریضہ ”**نماز**“ ہی ہے۔ قرآنِ مجید اور احادیثِ مبارکہ اِس کی اہمیت کے بیان سے مالا مال ہیں۔ جگہ جگہ اِس کی تاکید آئی ہے اور اِسے چھوڑنے والوں کو عذابِ دوزخ کی وعید [دھمکی] سنائی گئی ہے۔

- نماز ہر عاقل بالغ مسلمان پر فرضِ عین ہے۔ جو مسلمان جان بوجھ کر ایک وقت کی بھی نماز چھوڑے وہ فاسق و فاجر ہے۔ اُس کی گواہی بھی معتبر نہیں۔ اور جو بدبخت اِس کے فرض ہونے کا انکار کرے، وہ کافر ہے۔[۱]

**سوال:** نماز نہ پڑھنے والوں کے لیے اللہ عزوجل نے قرآنِ مجید میں کیا فرمایا ہے؟

**جواب:** نماز چھوڑنے والوں کے لیے رب تبارک وتعالیٰ نے کتنا سخت عذاب تیار کر رکھا ہے، اُس کا اندازہ اِس ایک آیتِ کریمہ سے لگائیں! اُس نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا:

- فَوَيۡلٌ لِّلۡمُصَلِّيۡنَ ۝ الَّذِيۡنَ هُمۡ عَنۡ صَلَاتِهِمۡ سَاهُوۡنَ ۝[۲]

ترجمہ: ویل ہے اُن نمازیوں کے لیے جو اپنی نماز سے بے خبر ہیں، وقت گزار کر پڑھنے اٹھتے ہیں۔

”ویل“ دوزخ کی اُس وادی کا نام ہے جس کی سختی سے خود دوزخ پناہ مانگتی ہے۔ جان بوجھ کر نماز کو وقت پر نہ پڑھنے والے اُس کے مستحق ہیں۔ تو ذرا سوچیں! جو بالکل ہی نہیں پڑھتے، اُن کا کیا بنے گا۔[۳]

**سوال:** نماز قائم کرنے والے کِن کِن نعمتوں کے حق دار بنتے ہیں؟

**جواب:** نماز دین کا ستون ہے۔ اِس کی ادائیگی سے اللہ عزوجل اور ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رضا حاصل ہوتی ہے۔ حدیثِ پاک میں ہے:

- جب بندہ نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو جنّتوں کے دروازے کھول دیے جاتے ہیں۔[۴]

اور نمازی مسلمان دنیا و آخرت کی بے شمار سعادتوں سے بہرہ مند ہوتا ہے۔

---

[۱] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم، نماز کا بیان، ص: ۴۳۳]
[۲] [سورۂ ماعون، آیت نمبر: ۴/۵]
[۳] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم نماز کا بیان، ص: ۴۳۴]
[۴] [الترغیب والترہیب، ج: ۱، ص: ۱۲۶]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** کیا گناہ کے کاموں میں بھی ماں باپ کی اطاعت کرنا فرض ہے؟

**جواب:** جی نہیں، خدا کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں، ماں باپ ہوں یا کوئی اور؛ لہٰذا اگر ماں باپ مثلاً شرک کرنے، نماز چھوڑنے، چوری کرنے یا کسی اور حرام کام کا حکم دیں تو اُن کی بات نہیں مانی جائے گی، اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مقدس میں فرمایا ہے:

- وَاِنۡ جَاهَدٰكَ لِتُشۡرِكَ بِىۡ مَا لَيۡسَ لَكَ بِهٖ عِلۡمٌ فَلَا تُطِعۡهُمَا ۔[۱]

ترجمہ: اور اگر وہ کوشش کریں کہ تو میرا شریک ٹھہرائے جس کا تجھے علم نہیں تو تو اُن کا کہنا مان۔

**سوال:** ماں باپ میں کس کا حق زیادہ ہے؟

**جواب:** ماں کا حق باپ کے حق سے زیادہ ہے؛ کیوں کہ بچے کی پیدائش کے وقت ماں جس قدر مشقتیں برداشت کرتی ہے، باپ اُس کا تصور بھی نہیں کر سکتا، پھر بچے کو اپنا خونِ جگر [دودھ] پلانا، اُس کے لیے رات بھر جاگنا، کئی سالوں تک اُس کا پیشاب پاخانہ صاف کرنا، یہ وہ کام ہیں، جنھیں باپ انجام نہیں دے سکتا۔ اسی لیے حدیثِ پاک میں آیا:

- ایک شخص نے حضور ﷺ سے عرض کیا: یا رسول اللہ! میرے اچھے سلوک کا سب سے زیادہ حق دار کون ہے؟ حضور ﷺ نے تین بار ماں کا نام لیا اور چوتھی بار باپ کا نام لیا۔[۲]

بس اتنا سمجھ لیں کہ: بچہ خدمت ماں کی زیادہ کرے اور ادب و احترام باپ کا زیادہ کرے۔

**سوال:** کیا والدین کے انتقال کے بعد بھی اُن کے کچھ حقوق باقی رہتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! انتقال کے بعد بھی ماں باپ کے بہت سے حقوق باقی رہتے ہیں، اُن میں سے بعض یہ ہیں:

- سنت کے مطابق اُن کے جنازے کی تجہیز و تکفین و تدفین کا انتظام کرنا۔
- اگر اُن پر قرض ہو تو جلد سے جلد اُسے ادا کرنے کی کوشش کرنا۔

---

۱۔ [سورۂ عنکبوت، آیت نمبر: ۸]

۲۔ [الصحیح للامام مسلم، ج: ۲، ص: ۳۱۲]

- شریعت کے مطابق اُن کی وصیت کو پورا کرنا۔
- جہاں تک ممکن ہو اُن کی چھوٹی ہوئی نمازوں اور چھوٹے ہوئے روزوں کا فدیہ ادا کرنا۔
- اگر اُن پر حج فرض تھا تو اُن کی طرف سے حج کرنا یا کسی اور سے کرانا۔
- ماں باپ کے رشتے داروں اور دوستوں سے اچھا سلوک کرنا۔
- اُن کے نام سے صدقہ وخیرات کرتے رہنا۔
- اُن کے لیے ایصالِ ثواب کرتے رہنا۔
- وقتاً فوقتاً اُن کی قبروں کی زیارت کرنا۔
- برے کاموں سے بچنا اور اچھا کام کرتے رہنا؛ تاکہ ماں باپ کی روحوں کو خوشی حاصل ہو۔

## عِمامہ کی فضیلت

### حدیثِ پاک

عَنْ عُبَادَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: عَلَيْكُمْ بِالْعَمَآئِمِ فَاِنَّهَا سِيْمَآءُ الْمَلَائِكَةِ وَاَرْخُوْهَا خَلْفَ ظُهُوْرِكُمْ۔ [مشکاۃ المصابیح، ص: ۳۷۷]

ترجمہ: حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، آپ نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: عمامہ ضرور زیبِ سر کیا کرو! کیوں کہ یہ فرشتوں کا نشان ہے اور اُس کے شملے کو پیٹھ کے پیچھے لٹکایا کرو!

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو "**حبشه**" کی جانب ہجرت کرنے کا حکم کب اور کیوں دیا؟

**جواب:** کفارِ مکہ نے جب مسلمانوں کا جینا دوبھر کر دیا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُنھیں حبشہ کی جانب ہجرت کرنے کا حکم دیا؛ کیوں کہ وہاں کا بادشاہ "نَجَاشِي" عیسائی ہونے کے باوجود نہایت انصاف پسند اور رحم دل تھا۔ چناں چہ اعلانِ نبوت کے پانچویں سال، رجب کے مہینے میں گیارہ مرد اور چار عورتوں نے حبشہ کی جانب ہجرت کی۔

**سوال:** اِن پندرہ مسلمانوں کے حبشہ چلے جانے کے بعد قریش کے ظالموں نے کیا ترکیب اپنائی؟

**جواب:** کفارِ مکہ کو یہ ناگوار ہوا کہ مسلمان حبشہ میں چین وسکون سے رہیں، چناں چہ اُنھوں نے قیمتی تحفوں کے ساتھ اپنے کچھ لوگوں کو نجاشی کے دربار میں بھیجا۔ اُنھوں نے نجاشی کے پاس جا کر فریاد کی:

❁ **اے بادشاہ!** ہمارے کچھ مجرم مکہ سے بھاگ کر آپ کے ملک میں آگئے ہیں، آپ اُنھیں ہمارے حوالے کر دیں۔

بادشاہ نے مسلمانوں کو اپنے دربار میں بلا کر حقیقتِ حال دریافت کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بڑے بھائی حضرت جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مسلمانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے بادشاہ کے روبرو یہ تقریر کی:

❁ **اے بادشاہ!** ہم نہایت جاہل وظالم قوم تھے، بتوں کی پوجا کرتے، مردار کھاتے اور مختلف قسم کی بداعمالیاں کیا کرتے تھے۔ اللہ نے ہمارے حال پر رحم فرما کر ہم میں ایک ایسے رسول کو بھیجا جس کے حسب ونسب اور امانت و صداقت سے ہم اچھی طرح واقف تھے۔ اُنھوں نے ہمیں بت پرستی، ظلم وزیادتی اور ہر طرح کی برائیوں سے روک کر ایک خدا کی عبادت کرنے کا حکم دیا۔ ہم نے اُنھیں اللہ کا رسول مان کر ہر قسم کے گناہوں سے توبہ کر لی۔ بس اِسی سے ناراض ہو کر ہماری قوم نے ہم پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑے۔ ہم نے آپ کے ملک میں پناہ لی ہے۔ یہ ہمیں یہاں سے نکال کر اُسی ظلم کے ماحول میں لے جانا چاہتے ہیں۔

❁ حضرت جعفر کی تقریر سن کر شاہِ حبشہ نجاشی بے حد متاثر ہوا۔

**سوال ۳:** کفار مکہ نے شاہِ حبشہ کو مسلمانوں سے متنفّر کرنے کی جو آخری کوشش کی، وہ کیا تھی؟

**جواب:** کافروں نے اپنے ترکش کا آخری تیر پھینکتے ہوئے کہا:

❁ اے بادشاہ! یہ لوگ آپ کے نبی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں دوسرا عقیدہ رکھتے ہیں۔

بادشاہ نے اس بارے میں حضرتِ جعفر سے پوچھا، آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

❁ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں یہی بتایا ہے کہ حضرتِ عیسیٰ علیہ السلام اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ خدا نے اُنھیں اپنی قدرتِ کاملہ کا نشان بنا کر کنواری مریم سلام اللہ علیہا کے شکمِ مبارک سے بغیر باپ کے پیدا کیا ہے۔

پھر حضرت جعفر نے سورۂ مریم کی تلاوت کی۔ کلامِ ربانی کی تاثیر سے بادشاہ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور اس نے کہا:

❁ بے شک قرآنِ مقدس اور انجیلِ پاک دونوں ایک ہی آفتابِ ہدایت کے دو نور ہیں۔ یقیناً حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا کے بندے اور رسول ہیں۔

اس کے بعد بادشاہ نے کفارِ مکہ کو اپنے دربار سے نکال کر مسلمانوں کو امن وسکون کے ساتھ رہنے کی اجازت دے دی۔[1]

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۰۵-۱۰۶]

پانچویں فصل | اذکار وادعیہ | تحفیظ

### نظرِ بد سے بچنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ حَرَّھَا وَبَرْدَھَا وَوَصَبَھَا ۔[۱]

ترجمہ: اے اللہ! نظرِ بد کی گرمی، اُس کی ٹھنڈک اور اس کی تکلیف کو دور فرما!

### کسی خطرے یا خوف کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ ۔[۲]

ترجمہ: اے اللہ! ہم اُن کے مقابلے میں تجھے پیش کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ چاہتے ہیں۔

### ایمان پر ثابت قدمی کی دعا

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِكَ ۔[۳]

ترجمہ: اے دلوں کو پھیرنے والے! اپنے دین پر میرا قلب [دل] ثابت فرمادے!

### غم دور کرنے کی دعا

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۔[۴]

ترجمہ: اے ہمیشہ زندہ رہنے والے، سب کو قائم رکھنے والے! میں تجھ سے تیری رحمت کی امید کے ساتھ فریاد کرتا [کرتی] ہوں۔

---

[۱] [مسند الامام احمد بن حنبل، رقم الحدیث: ۱۵۲۷۳]
[۲] [السنن للامام ابی داوٗد، باب مایقول اذا خاف قوما، رقم الحدیث: ۱۵۳۹]
[۳] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء أن القلوب بین اصبعی الرحمٰن، رقم الحدیث: ۲۲۹۰]
[۴] [الجامع للامام الترمذی، کتاب الدعوات، رقم الحدیث: ۳۸۶۷]

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۱۰] عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ يَقُولُ: لَا تُصَاحِبْ إِلَّا مُؤْمِنًا وَلَا يَأْكُلْ طَعَامَكَ إِلَّا تَقِيٌّ۔[۱]

ترجمہ: حضرت سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آقائے دوجہاں ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: صرف اُسی کی صحبت اختیار کرو جو مومن ہو اور تمھارا کھانا وہی کھائے جو پرہیزگار ہو۔

[۱۱] عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: لَا يُقِمْ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ مِنْ مَجْلِسِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيهِ۔[۲]

ترجمہ: حضرت عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ مناسب نہیں کہ کوئی شخص اپنے مسلم بھائی کو اُٹھا کے خود اُس کی جگہ بیٹھ جائے۔

[۱۲] عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: أَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَأَعْفُوا اللِّحَى۔[۳]

ترجمہ: حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: مونچھیں کم کرواور داڑھیاں بڑھاؤ۔

---

[۱] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی صحبة المومن، رقم الحدیث: ۲۵۷۴]

[۲] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی کراھیة أن یقام الرجل من مجلس ثم یجلس فیه، رقم الحدیث: ۲۹۷۳]

[۳] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی إعفاء اللحیة، رقم الحدیث: ۲۹۹۰]

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

**سوال:** ''استعانت'' کے ثبوت پر اگر کوئی ایک حدیث پیش فرمادیں تو دل باغ باغ ہوجائے!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں! مُعْجَم کبیر میں حضرت عُتبہ بن غزوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ ہمارے سردار حضور احمدِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- جب تم میں سے کسی کی کوئی چیز گُم ہوجائے اور کوئی یار ومددگار نہ ہو تو اُسے یوں پکارنا چاہیے!

اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو! اے اللہ کے بندو! میری مدد کرو!

کیوں کہ اللہ کے کچھ ایسے [مددگار] بندے ہیں جنھیں تم نہیں دیکھتے۔[1]

دیکھیے! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے پریشان حال امتی کو اللہ عزوجل کے بندوں سے مدد مانگنے کا حکم دے رہے ہیں۔ کیا معاذ اللہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے غلاموں کو ناجائز کام کا حکم دیں گے؟ ہرگز نہیں۔

**سوال:** منع کرنے والے نادان یہ کہتے ہیں:

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر اللہ والوں سے اُن کی زندگی میں استعانت جائز تھی، بعدِ وصال ناجائز بلکہ شرک ہے۔

اِس کا جواب عنایت فرمادیں!

**جواب:** یہ نادان قیامت تک کوئی ایک آیت یا حدیث نہیں پیش کرسکتے جس میں یہ کہا گیا ہو:

- اللہ کے مقرب بندوں سے اُن کی زندگی میں مدد مانگنا جائز ہے؛ لیکن وصال کے بعد ناجائز ہے۔
- صحیح یہی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، دیگر انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور اللہ والوں سے ہر وقت استعانت کر سکتے ہیں، بشرطے کہ اُنھیں اللہ کی عطا سے معین ومددگار مانا جائے۔

---

[1] [المعجم الکبیر، ج:۱۵، ص:۱۷۷، رقم الحدیث:۲۹۰]

# پانچواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** کیا فرشتوں کی تعظیم وتوقیر کرنا ضروریاتِ دین کا حصہ ہے؟

**جواب:** جی ہاں۔ اُن کی تعظیم کرنا اور ادب واحترام کے ساتھ اُن کا ذکر کرنا ضروریاتِ دین میں سے ہے۔ اُن کی شان میں ادنیٰ گستاخی بھی کفر ہے۔ [۱]

**سوال:** فرشتوں کے سردار کون ہیں؟

**جواب:** فرشتوں کے سردار حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام ہیں۔

**سوال:** فرشتوں کی تعداد کتنی ہے؟

**جواب:** فرشتوں کی تعداد اللہ رب العزت اور اُس کے بتانے سے ہمارے آقا حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی بہتر جانتے ہیں۔ [۲]

**سوال:** فرشتے کیا کھاتے اور پیتے ہیں؟

**جواب:** فرشتے نہ کچھ کھاتے ہیں، نہ کچھ پیتے ہیں۔

**سوال:** کیا فرشتے انسانوں کی طرح شادی کرتے ہیں؟

**جواب:** نہیں، وہ شادی کرنے سے پاک ہیں؛ کیوں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن میں نفسانی خواہش نہیں رکھی ہے۔

**سوال:** فرشتے کرتے کیا ہیں؟ اُن کی طاقت وقوت کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** فرشتے وہی کرتے ہیں، جس کا اللہ تعالیٰ اُنھیں حکم دیتا ہے، اللہ رب العزت نے اُنھیں بڑی طاقت وقوت عطا فرمائی ہے۔ وہ ایسے ایسے کام کر سکتے ہیں جنھیں لاکھوں لوگ مل کر بھی نہیں کر سکتے۔ [۳]

---

[۱] [الفتاوی الهندیة، ج:۲،ص:۲۶۶]
[۲] [سورۂ مدثر، آیت نمبر:۳۱۔ تفسیرِ بغوی، ج:۴،ص:۳۸۵]
[۳] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، ملائکہ کا بیان]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** بچوں کو کس عمر سے نماز پڑھائی جائے؟

**جواب:** ہم سب کے آقا حضور رحمتِ عالم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

جب تمھارے بچے سات برس کے ہو جائیں تو اُنھیں نماز پڑھنے کا حکم دو، اور جب دس برس کے ہو جائیں تو اُنھیں مار کر نماز پڑھاؤ۔ [۱]

**سوال:** "اذان" کسے کہتے ہیں اور اِس کی فضیلت کیا ہے؟

**جواب:** شریعت میں "اذان" ایک خاص قسم کے اعلان کو کہتے ہیں۔ اِس کے ذریعہ مسلمانوں کو نماز کے لیے بلایا جاتا ہے۔ اِس کی فضیلت میں بہت سی حدیثیں وارد ہیں۔ ایک حدیث ملاحظہ فرمائیں! حضور ﷺ ارشاد فرماتے ہیں:

میں جنت میں گیا، تو اُس میں موتی کے گنبد دیکھے، اور [دیکھا کہ] اُس کی مٹی مُشک کی ہے، پوچھا، اے جبریل! یہ کس کے لیے ہے؟ انھوں نے عرض کی: حضور [ﷺ] کی امت کے موذّنوں اور اماموں کے لیے۔ [۲]

**سوال:** کیا اذان دینا فرض ہے؟

**جواب:** جی نہیں، بلکہ پانچوں وقت کی فرض نماز اور جمعہ کے لیے وقت پر اذان دینا "سنتِ مؤکدہ" ہے، مگر یہ واجب کی طرح ہے۔ یعنی اگر مسجد میں اذان نہ ہوئی تو سب کے سب گناہ گار ہوں گے۔ [۳]

**سوال:** "اذان" کے الفاظ کیا ہیں؟ ترجمہ کے ساتھ بیان فرمائیں!

---

[۱] [السنن لابی داوٗد، کتاب الصلاۃ، باب مایؤمر الغلام بالصلاۃ، رقم الحدیث ۴۹۵]

[۲] [الجامع الصغیر، حرف الدال، رقم الحدیث: ۴۱۷۹۔]

[۳] [ملخصاً از بہار شریعت حصۂ سوم، اذان کا بیان، ص: ۴۶۴]

**جواب:** "اذان" کے الفاظ مع ترجمہ یہ ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| [۱] اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ | | اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ |
| [۲] اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ | | اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ |
| [۳] اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّ سُوْلُ اللّٰہ | | اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّداً رَّ سُوْلُ اللّٰہِ |
| [۴] حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ ۔ حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ | | [۵] حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ |
| [۶] اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ | | لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ |

صرف فجر کی اذان میں "حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ" کے بعد دو مرتبہ [۷] اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ کہا جائے۔

**ترجمہ** [۱] اللہ عز و جل سب سے بڑا ہے [چار مرتبہ]

[۲] میں گواہی دیتا [دیتی] ہوں کہ اللہ عز و جل کے سوا کوئی معبود نہیں [دو مرتبہ]

[۳] میں گواہی دیتا [دیتی] ہوں کہ [ہمارے آقا حضرت] محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] اللہ عز و جل کے رسول ہیں [دو مرتبہ]

[۴] آؤ نماز کی طرف [دو مرتبہ] [۵] آؤ کامیابی کی طرف [دو مرتبہ]

[۶] اللہ عز و جل سب سے بڑا ہے، اللہ عز و جل سب سے بڑا ہے، اللہ عز و جل کے سوا کوئی خدا نہیں۔

[۷] نماز نیند سے بہتر ہے۔

**یتیم کے ساتھ حسنِ سلوک کرو!**

## حدیثِ پاک

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَنْ آوٰی یَتِیْماً اِلٰی طَعَامِہٖ وَشَرَابِہٖ اَوْجَبَ اللّٰہُ لَہُ الْجَنَّۃَ۔ [مشکاۃ المصابیح ص: ۴۲۳]

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کسی یتیم کو اپنے کھانے اور پینے میں شریک کرے گا اللہ تعالیٰ اُس کے لیے جنت کو واجب کر دے گا۔

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** کیا ماں باپ پر بھی اولاد کے حقوق ہیں؟

**جواب:** جس طرح اولاد کے ذمے والدین کے حقوق ہیں، اِسی طرح والدین کے ذمے بھی اولاد کے حقوق ہیں، جن کی ادائگی اولاد کو متقی اور فرماں بردار بناتی ہے اور اُن سے غفلت و لا پرواہی اولاد کی بربادی کا سبب بنتی ہے۔ جو ماں باپ اپنے بچوں کی صحیح اسلامی تربیت نہیں کرتے، اُن کے بچے سرکش، ٹھلّڑ باز اور بدتمیز بن کر اُن کی ناک میں دم کرتے اور اُن کی بدنامی کا سبب بنتے ہیں۔

**سوال:** اولاد کے کیا کیا حقوق ہیں؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** جی، ملاحظہ فرمائیں:

- **پہلا حق:** بچے کی پیدائش کے فوراً بعد ماں باپ اُس کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہلائیں، اِس کی برکت سے بچہ شیطان کے خلل اور اُمُّ الصبیان [ایک بیماری] سے محفوظ رہے گا۔
- **دوسرا حق:** تحنیک کرائیں یعنی کوئی میٹھی چیز مثلاً کھجور کسی بزرگ سے چھوٹی کرا کر بچے کو کھلائیں۔
- **تیسرا حق:** بہتر ہے کہ جس دن پیدا ہوا اُسی دن اُس کا کوئی بہترین اسلامی نام رکھیں۔ نام ایسا ہو جس سے اُس کا مسلمان ہونا ظاہر ہو۔ ایسا نام ہرگز نہ ہو کہ سننے سے معلوم ہی نہ پڑے کہ مسلمان ہے یا کچھ اور۔
- **چوتھا حق:** ساتویں دن عقیقہ کرائیں، یہ نہ ہو سکے تو جب چاہیں کرالیں، سنت ادا ہو جائے گی۔
- **پانچواں حق:** بچہ جب ہوشیار ہو جائے تو اُسے اسلامی آداب سکھائیں، اُس کی اسلامی تعلیم کا مکمل اہتمام کریں، لاڈ پیار اتنا زیادہ نہ ہو کہ بچہ برباد ہو جائے۔
- **چھٹا حق:** سات سال کا ہو جائے تو نماز سکھائیں اور دس سال کا ہو جائے تو سختی کے ساتھ نماز پڑھوائیں۔
- **آٹھواں حق:** اگر چند بچے ہوں تو کم سے کم کسی ایک بچے کو عالِمِ دین بنائیں۔
- **نواں حق:** جب بچہ شادی کے لائق ہو جائے تو جانچ پڑتال کے بعد کسی شریف سنی خاندان میں اُس کی شادی کر دیں۔

سوال: اولاد کی تربیت سے متعلق ایک حدیثِ پاک پیش فرمائیں!

جواب: جی، ملاحظہ فرمائیں:

اللہ کے رسول احمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی باپ نے اپنے بچے کو اچھے ادب سے بہتر کوئی تحفہ نہیں دیا۔ [1]

## تنہائی برے ہم نشیں سے بہتر ہے

### حدیثِ پاک

عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم یَقُوْلُ: اَلْوَحْدَۃُ خَیْرٌ مِّنْ جَلِیْسِ السُّوْءِ وَالْجَلِیْسُ الصَّالِحُ خَیْرٌ مِّنَ الْوَحْدَۃِ وَاِمْلَاءُ الْخَیْرِ خَیْرٌ مِّنَ السُّکُوْتِ وَالسُّکُوْتُ خَیْرٌ مِّنْ اِمْلَاءِ الشَّرِّ۔ [مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۱۴]

ترجمہ: حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تنہائی برے ہم نشیں سے بہتر ہے اور اچھا ہم نشیں تنہا رہنے سے اچھا ہے۔ بھلائی کا سکھانا خاموش رہنے سے عمدہ ہے اور خاموش رہنا برائی کی تعلیم سے بہتر ہے۔

---

[1] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی أدب الولد، رقم الحدیث: ۲۰۷۹]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** اعلانِ نبوت کے چھٹے سال کون سے اہم واقعات رونما ہوئے؟

**جواب:** اعلانِ نبوت کے چھٹے سال حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے۔ اِن حضرات کے مسلمان ہو جانے سے اسلام اور مسلمانوں کے جاہ وجلال اور اُن کے عزت و اِقبال کا پرچم بہت ہی بلند ہو گیا اور کفر پر لرزہ طاری ہو گیا۔

**سوال:** حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کے واقعہ پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** حضرت حمزہ مکۂ مکرمہ کے بہادروں میں شمار کیے جاتے تھے۔آپ شکار کرنے کے بے حد شوقین تھے۔ روزانہ صبح کو جاتے اور شام کو تشریف لاتے تھے۔ ایک دن شکار سے واپس آئے تو اُن کی بہن حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا نے اُن سے کہا:

- ابوجہل نے آج تمھارے بھتیجے محمد [صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] کی بڑی بے ادبی اور گستاخی کی ہے۔

یہ سن کر حضرت حمزہ کا خون کھول گیا، تیر کمان لے کر سیدھا حرم شریف تشریف لے گئے اور اپنی کمان سے ابوجہل کے سر پر اس قدر زور سے مارا کہ اُس ملعون کا سر پھٹ گیا۔ اُس کے بعد اُس خبیث سے کہا:

- تو میرے بھتیجے کو اِس لیے مارتا ہے کہ وہ دینِ حق کی دعوت دیتا ہے۔ کان کھول کر سن لے! میں بھی اُنھی کے دین پر ہوں۔ تجھے جو کرنا ہے کر لے!

حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے مسلمان ہو جانے سے اسلام کو بڑی تقویت حاصل ہوئی۔ [ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص: ۱۰۹۔۱۱۰]

**سوال:** حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشرّف بہ اسلام ہونے کا واقعہ سنائیں!

**جواب:** آپ کے اسلام لانے کا واقعہ یوں بیان کیا جاتا ہے:

- ایک دن آپ ننگی تلوار لے کر پیغمبرِ اسلام [فداہ ابی و امی] کو شہید کرنے کی نیت سے جا رہے تھے۔ راستے میں حضرت نُعیم بن عبداللہ نے پوچھا: کہا جا رہے ہو؟ کہنے لگے: آج بانیِ اسلام کا فیصلہ کرنے جا رہا ہوں۔

❁ انھوں نے کہا: اپنے گھر کی خبر لو؛ کیوں کہ تمھاری بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو چکے ہیں۔

حضرت عمر نہایت غصے کی حالت میں بہن کے گھر پہنچے۔ دروازہ کھٹکھٹایا۔ گھر میں موجود مسلمان ڈر گئے۔ بہن نے دروازہ کھولا۔ حضرت عمر نے اپنی بہن سے گرج دار آواز میں پوچھا: کیا تو مسلمان ہو گئی ہے؟ یہ کہہ کر اپنے بہنوئی حضرت سعید بن زید اور اپنی بہن فاطمہ بنت خطاب کو بے تحاشہ مارنے لگے۔ دونوں نے بیک زبان کہا: تمھیں جو کرنا ہے کرلو؛ لیکن اسلام کی محبت دل سے نہیں نکل سکتی۔

❁ بہن کا بہتا خون دیکھ کر حضرت عمر کا دل نرم پڑا، بولے: لاؤ! دیکھیں، تم لوگ کیا پڑھ رہے تھے۔ بہن نے قرآن کے اوراق سامنے کیے۔ جیسے ہی قرآن کی آیتیں پڑھیں، دل کی دنیا بدل گئی اور بے ساختہ زبان پر جاری ہو گیا:

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ

حضرت عمر کے اسلام لانے سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور مسلمانوں کو بے حد خوشی حاصل ہوئی حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے نعرۂ تکبیر بلند فرمایا اور مسلمانوں نے ایسا زوردار نعرہ لگایا کہ مکہ کی وادیاں گونج اٹھیں۔ [۱]

---

[۱] [ملخصاً از سیرتِ مصطفی، ص: ۱۱۰-۱۱۱]

## پانچویں فصل — اذکار و ادعیہ — تحفیظ

### دوزخ سے نجات پانے کی دعا

[نمازِ فجر و مغرب کے بعد سات سات بار پڑھے]

اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ ۔[1]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے دوزخ سے نجات عطا فرما!

### دارین کی بھلائی حاصل کرنے کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ وَالْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔[2]

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت کی عافیت طلب کرتا [کرتی] ہوں۔

### بدن کی سلامتی کی دعا

[صبح و شام تین تین بار پڑھیں]

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ ۔ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ ۔ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ۔[3]

ترجمہ: اے اللہ! میرے جسم کو عافیت عطا فرما! اے اللہ! میرے کان کو سلامتی عطا فرما! اے اللہ! میری آنکھ کے سلسلے میں مجھے تندرستی عطا فرما۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

### نقصان سے بچنے کی دعا

[صبح و شام ۳ بار پڑھیں]

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔[4]

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع، کہ جس کے نام کی برکت سے زمین و آسمان کی کوئی بھی چیز نقصان نہیں پہنچاتی۔ اور وہی سننے والا بڑا جاننے والا ہے۔

---

[1] [السنن للامام ابی داؤد، باب مایقول اذا اصبح، رقم الحدیث: ۵۰۸۱] [2] [الجامع للامام الترمذی، کتاب الدعوات، باب ای الدعا افضل، رقم الحدیث: ۳۸۵۴]
[3] [السنن للامام ابی داؤد، باب مایقول اذا اصبح، رقم الحدیث: ۵۰۹۲] [4] [الجامع لامام الترمذی، باب مایقول اذا اصبح واذا امسی، رقم الحدیث ۳۷۱۶]

## چھٹی فصل — سُوَرِ قرآنِ کریم — تحفیظ

[۱]

**سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ وَفِيْهَا اِحْدٰى عَشَرَةَ اٰيَةً وَرُكُوْعٌ.**

سورۂ ضُحیٰ مکی ہے، اِس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

وَالضُّحٰى ۞۱ وَاللَّيْلِ إِذَا سَجٰى ۞۲ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۞۳ وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ
الْأُوْلٰى ۞۴ وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۞۵ أَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۞۶ وَوَجَدَكَ
ضَآلًّا فَهَدٰى ۞۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَأَغْنٰى ۞۸ فَأَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۞۹ وَأَمَّا
السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۞۱۰ وَأَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۞۱۱

[۱] چاشت کے وقت کی قسم [۲] اور رات کی قسم جب وہ پھیل جائے [۳] (اے محبوب!) آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ وہ (آپ سے) بے زار ہوا [۴] اور بے شک بعد والی ساعت آپ کے لیے پہلی ساعت سے بہتر ہے [۵] اور عن قریب آپ کا رب آپ کو اتنا دے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے [۶] کیا اُس نے آپ کو یتیم نہیں پایا، پھر آپ کو ٹھکانا دیا [۷] اور (آپ کے رب نے) آپ کو اپنی محبت میں سرشار پایا تو آپ کو تبلیغِ دین کی طرف متوجہ کیا [۸] اور آپ کو ضرورت مند پایا تو غنی کر دیا [۹] سو آپ یتیم پر شِدّت نہ کریں [۱۰] اور مانگنے والے کو نہ جھڑکیں [۱۱] اور اپنے رب کی نعمت کا (خوب) ذِکر کریں۔

[۲]

سُوْرَۃُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ وَفِيْهَا ثَمَانُ آيَاتٍ وَرُكُوْعٌ.

سورۂ الم نشرح مکی ہے، اِس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿١﴾ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ ﴿٢﴾ الَّذِيْٓ أَنقَضَ ظَهْرَكَ ﴿٣﴾
وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿٤﴾ فَإِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٥﴾ إِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿٦﴾ فَإِذَا
فَرَغْتَ فَانصَبْ ﴿٧﴾ وَإِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿٨﴾

[۱] (اے رسولِ مُکرَّم!) کیا ہم نے آپ کی خاطر آپ کا سینہ کُشادہ نہیں کیا [۲] اور آپ سے (پُرمشقّت چیزوں کا) بوجھ اُتار دیا [۳] جس نے آپ کی پُشت کو گراں بار کر دیا تھا [۴] اور آپ کی خاطر آپ کا ذکر بُلند کر دیا [۵] پس بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے [۶] بے شک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے [۷] پس (اے محبوب!) جب آپ (تبلیغ سے) فارغ ہوں تو عبادت پر کمر بستہ ہوں [۸] اور اپنے رب ہی کی طرف راغب ہوں۔

[۳]

سُوْرَۃُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ وَفِيْهَا ثَمَانُ آيَاتٍ وَّرُكُوْعٌ.

سورۂ تین مکی ہے، اِس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿١﴾ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿٢﴾ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْأَمِيْنِ ﴿٣﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا
الْإِنسَانَ فِيْٓ أَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿٤﴾ ثُمَّ رَدَدْنَاهُ أَسْفَلَ سَافِلِيْنَ ﴿٥﴾ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَلَهُمْ أَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿٦﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ﴿٧﴾ أَلَيْسَ
اللّٰهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِيْنَ ﴿٨﴾

[۱] اِنجیر اور زیتون کی قسم [۲] اور طورِ سینین کی [۳] اور اِس اَمن والے شہر (مکہ) کی [۴] بے شک ہم نے انسان کو بہترین ساخت میں پیدا کیا [۵] پھر ہم نے اُس کو سب سے نچلے طبقے میں لوٹا دیا [۶] سِوائے اُن لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک اعمال کیے، سو اُن کے لیے کبھی نہ ختم ہونے والا اجر ہے [۷] سو کون ہے جو اِس کے بعد قیامت کے متعلق آپ کی تکذیب کرے [۸] کیا اللہ تمام حاکموں سے بڑا حاکم نہیں ہے۔

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تحفیظ

## توسل کی شرعی حیثیت

**سوال:** "تَوَسُّل" کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** "توسل" کا مطلب یہ ہے کہ مقصد حاصل کرنے یا حاجت کے بَر آنے کے لیے اللہ عزوجل کی بارگاہ میں، اُس کے کسی مقرَّب بندے کو وسیلہ اور واسطہ بنایا جائے۔

**سوال:** کیا حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور دیگر انبیاے کرام و اولیاے عظام کو "وسیلہ بنانا" جائز ہے؟

**جواب:** دنیا و آخرت کی تمام حاجتوں کو پورا کرنے کے لیے اِن حضرات کو رب تبارک وتعالیٰ کی بارگاہ میں وسیلہ بنانا جائز و درست ہے؛ کیوں کہ اِنھیں اللہ عزوجل کی بارگاہ میں قُرب حاصل ہے، جس کے سبب اللہ عزوجل اِن کی دعائیں قبول فرماتا ہے اور اِن کی سفارش سے بندوں کے کام بناتا ہے۔

**سوال:** "وسیلہ" کے ثبوت پر قرآنِ کریم کی کوئی ایک آیت پیش فرمادیں!

**جواب:** اللہ ربُّ العزت سورۂ مائدہ میں ارشاد فرماتا ہے:

❁ یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ ۔[1]

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو! اور اُس کی طرف وسیلہ ڈھونڈو!

دیکھا آپ نے! خود پروردگارِ عالَم نے اپنے بندوں کو اپنی بارگاہ میں "وسیلہ" پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔

**سوال:** کچھ لوگ کہتے ہیں کہ اِس آیت میں "وسیلہ" سے مراد اعمالِ صالحہ ہیں۔ لہذا صرف اعمالِ صالحہ کو وسیلہ بنایا جاسکتا ہے۔

**جواب:** یہ نہایت جاہلانہ بات ہے۔ آیتِ کریمہ مطلق ہے۔ اِس میں وسیلہ سے مراد اعمالِ صالحہ بھی ہیں اور اللہ عزوجل کے نیک بندے بھی۔ انبیاے کرام اور شہدا و صالحین یقیناً اللہ رب العزت کی بارگاہ میں مقبول ہیں؛ لیکن نماز، روزہ، حج و زکاۃ وغیرہ کا مقبول ہونا یقینی نہیں۔

❁ اِن وہابیوں کی مَت ماری گئی ہے کہ جن اعمالِ صالحہ کا مقبول ہونا یقینی نہیں اُن کو وسیلہ بنانا جائز مانتے ہیں اور جن اللہ والوں کا مقبول ہونا یقینی ہے اُن کے وسیلے کو ناجائز بلکہ شرک تک بتاتے ہیں۔

---

[1] [سورۂ مائدہ، آیت نمبر: ۳۵]

# چھٹا سبق

## پہلی فصل — ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تحفیظ

**سوال:** مشہور فرشتوں کے نام اور کام بتائیں!

**جواب:** مشہور فرشتے چار ہیں۔ اُن کے اسماے گرامی یہ ہیں:

- حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام۔
- حضرت سیدنا میکائیل علیہ السلام۔
- حضرت سیدنا اسرافیل علیہ السلام۔
- حضرت سیدنا عزرائیل علیہ السلام۔

حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام، انبیاے کرام و مرسلینِ عظام علیہم الصلاۃ والسلام کی بارگاہوں تک اللہ رب العزت کا پیغام پہنچاتے تھے۔ حضرت میکائیل علیہ السلام کی ذمہ داری رزق پہنچانا اور پانی برسانا ہے۔ حضرت اسرافیل علیہ السلام قیامت کے دن صور پھونکیں گے۔ اور حضرت عزرائیل علیہ السلام لوگوں کی روحیں قبض فرماتے ہیں۔ اِنھی کو "مَلَكُ الْمَوْت" یعنی موت کا فرشتہ کہا جاتا ہے۔

**سوال:** اِن چار فرشتوں کے علاوہ جو فرشتے ہیں، وہ کیا کرتے ہیں؟

**جواب:** وہ جداگانہ کاموں پر مُقرَّر رہیں۔ بعضے جنت پر، بعضے دوزخ پر، بعضے آدمیوں کے عمل لکھنے پر، بعضے روزی پہنچانے پر، بعضے پانی برسانے پر، بعضے ماں کے پیٹ میں بچے کی صورت بنانے پر، بعضے آدمیوں کی حفاظت پر، بعضے روح قبض کرنے پر، بعضے قبر میں سوال کرنے پر، بعضے عذاب دینے پر اور بعضے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربارِ گُہر بار میں غلاموں کے درود وسلام پہنچانے پر مقرر رہیں۔[۱]

[۱] [کتاب العقائد ص:۲۸۔ بہارِ شریعت، حصۂ اول، ملائکہ کا بیان، ص:۹۱۔ ۹۲]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** "اذان" کے وقت ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:** "اذان" کی تعظیم میں اپنے تمام کام روک کر اُس کا جواب دینا چاہیے! جو لوگ اذان کا احترام نہیں کرتے بلکہ اذان کے وقت بات چیت کرتے یا ٹی وی، موبائیل میں مست رہتے ہیں، خطرہ ہے کہ موت کے وقت اُنھیں "کلمۂ پاک" نصیب نہ ہو۔ العیاذ باللہ تعالیٰ۔ دورانِ اذان قرآنِ مقدس کی تلاوت بھی بند کر دینی چاہیے!

**سوال:** "اذان" کا جواب کس طرح دیا جائے؟

**جواب:** "اذان" ہی کے کلمات دہرا دیے جائیں، البتہ "حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃِ" اور "حَیَّ عَلَی الْفَلَاحِ" کے جواب میں "لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ" ساتھ ہی ساتھ "مَا شَاءَ اللّٰہُ کَانَ وَمَا لَمْ یَشَأْ لَمْ یَکُنْ" بھی کہہ لیا جائے تو بہتر ہے۔ اور فجر کی اذان میں "اَلصَّلٰوۃُ خَیْرٌ مِّنَ النَّوْمِ" کے جواب میں "صَدَقْتَ وَ بَرَرْتَ وَ بِالْحَقِّ نَطَقْتَ" [ترجمہ: آپ نے سچی، اچھی اور حق بات کہی] کہا جائے۔

**سوال:** کیا نمازِ پنج گانہ کے علاوہ کسی اور نماز کے لیے "اذان" ہے؟

**جواب:** "اذان" صرف پانچ وقت کی فرض نمازوں کے لیے ہے۔ اِن کے علاوہ جو نمازیں ہیں، مثلاً "نمازِ جنازہ، نمازِ عید و بقرعید، نمازِ نذر، نمازِ تراویح وغیرہ" تو ان کے لیے اذان نہیں دی جائے گی۔

**سوال:** کِن کِن امور کے لیے "اذان" دینا مستحب ہے؟

**جواب:** "اذان" دینے کے "مستحب مقامات" یہ ہیں:

- بچے، غم زدہ، مرگی والے، غصے والے اور بد مزاج آدمی یا جانور کے کان میں۔
- سخت لڑائی جھگڑے کے وقت، آگ لگنے کے وقت اور میت کو دفنانے کے بعد۔
- جِنّ کی شرارت کے وقت۔ جنگل میں راستہ بھول جائے اور کوئی بتانے والا نہ ہو، اُس وقت، اذان دے لینا مستحب ہے۔ [1]

---

[1] [ملخصاً از بہار شریعت حصۂ سوم، اذان کا بیان]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** مذہبِ اسلام نے ''بیٹیوں'' کو کیا حقوق دیے ہیں؟

**جواب:** عورت چاہے بیٹی ہو یا ماں، بہن ہو یا بیوی، خالہ ہو یا پھوپھی، مذہبِ اسلام نے اُسے اِتنے حقوق دیے ہیں کہ دنیا کے کسی بھی مذہب نے اُس کا دسواں حصہ بھی نہیں دیا؛ مگر صد افسوس! کہ خود کو مسلمان کہلانے والے بہت سے نادان، بیٹیوں کی پیدائش کو منحوس سمجھتے ہیں اور اُنھیں وبالِ جان اور باعثِ زحمت گمان کرتے ہیں، حالاں کہ ماں باپ کے لیے بچیوں کی پیدائش عظیم رحمت اور زبردست نعمت ہے۔

**سوال:** ''بیٹیوں'' کے چند حقوق بیان فرمادیں!

**جواب:** ''بیٹیوں'' کے اہم حقوق ذیل میں ملاحظہ فرمائیں!

- ماں باپ مُعَامَلات میں بیٹوں پر بیٹیوں کو ترجیح دیں، مثلاً کھانے پینے کی چیز دینا ہو تو پہلے لڑکی کو، پھر لڑکے کو دیں؛ تاکہ لڑکی کا شیشے کی طرح نرم و نازک دِل ٹوٹنے نہ پائے۔
- لڑکی بالغ ہوجائے تو اُسے اجنبی مردوں سے پردہ کرائیں، شرم و حیا اور پاک دامنی کا سبق سکھائیں۔
- اُس کا نکاح، کسی نیک، تعلیم یافتہ، سنی صحیح العقیدہ، شریف خاندان کے لڑکے سے کریں، ہرگز کسی وہابی دیوبندی، رافضی یا کسی بھی بدمذہب سے نہ کریں۔
- بیٹی کو وِراثت سے حصہ دیا جائے، اور اگر ماں باپ اپنی زندگی ہی میں اولاد کو کچھ دینا چاہیں تو بیٹوں اور بیٹیوں کو برابر دیں، ہرگز بیٹیوں کو بیٹوں سے کم نہ دیں۔

اکثر مسلمان جہیز کے نام پر ''بیٹیوں'' کو کچھ سامان دے دیتے ہیں، پھر اُن کی زمین جائداد پر بیٹوں کا قبضہ ہوجاتا ہے۔ یہ بہت ہی غلط ہے، ایسا کرنے والے ماں باپ سخت گناہ گار ہیں۔ اگر والدین کو یہ خوف ہو کہ مرنے کے بعد بیٹے ''بیٹیوں'' کو اُن کا حصہ نہیں دیں گے، تو وہ اپنی زندگی ہی میں بیٹیوں کا حق دے دیں یا کم سے کم وصیت کرجائیں؛ تاکہ آخرت کے سخت مواخذے سے بچ سکیں۔

**سوال:** ''بیٹیوں'' کے حقوق سے متعلق دو حدیثیں پیش فرمادیں!

**جواب:** **پہلی حدیث:** آقائے کریم ﷺ نے فرمایا: جو شخص لڑکیوں کے ذریعے کسی آزمائش [مصیبت] میں ڈالا گیا اور اُس نے اُن کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا تو یہ لڑکیاں اُس کے لیے دوزخ سے آڑ بن جائیں گی۔[1]

**دوسری حدیث:** حضور سیدِ عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے تین لڑکیوں کی پرورش کی اور اُنھیں اچھے آداب سکھائے، پھر اُن کی شادی کردی اور اُن کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا تو اُس کے لیے جنت ہے۔[2]

---

[1] [الصحیح للامام البخاری، باب اتقوا النار ولو بشق تمرۃ، رقم الحدیث: ۱۴۱۸]
[2] [السنن لأبی داؤد، باب فی فضل من عال یتامی، رقم الحدیث: ۵۱۴۹]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''شِعبِ ابوطالب'' میں محصوری کا واقعہ کس سن میں پیش آیا؟

**جواب:** یہ دل دہلا دینے والا واقعہ اعلانِ نبوت کے ساتویں سال پیش آیا۔ جب کفار نے دیکھا کہ پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی بھی طرح اپنی تبلیغ سے باز نہیں آ رہے ہیں اور اسلام پھلتا اور پھولتا چلا جا رہا ہے تو انھوں نے یہ طے کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کا سوشل بائیکاٹ کیا جائے اور اُن لوگوں سے :

- کسی قسم کی خرید وفروخت نہ کی جائے۔
- شادی بیاہ اور رشتے داری نہ کی جائے۔
- اُن سے کسی قسم کا تعلق نہ رکھا جائے۔
- اُنھیں کھانے پینے کا کوئی سامان نہ دیا جائے۔

اِس معاہدے پر تمام کافروں نے دستخط کیے، پھر اُسے ایک تھیلے میں رکھ کر خانۂ کعبہ میں لٹکا یا گیا۔ جنابِ ابوطالب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خاندان کے دوسرے لوگوں کو لے کر نا چاہتے ہوئے پہاڑ کی ایک گھاٹی میں بند ہو گئے۔ مسلمان بھوک، پیاس اور طرح طرح کی جاں سوز مصیبتیں برداشت کرتے ہوئے تین سال تک اُس گھاٹی میں رہے۔[۱]

**سوال:** یہ ''سوشل بائیکاٹ'' کب اور کیسے ختم ہوا؟

**جواب:** یہ ظالمانہ بائیکاٹ تین سال کے بعد ختم ہوا۔ اِس کا سبب یہ ہوا کہ ایک مرتبہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے علمِ غیب سے فرمایا:

- قریش کا لکھا معاہدہ دیمک چاٹ گئی ہے سوائے لفظ ''اللہ'' کے۔

ابوطالب نے یہ بات قریش کو بتائی۔ انھوں نے کہا: اگر محمد [صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] سچے ثابت ہوئے تو ہم مسلمانوں کو گھاٹی سے نکلنے کی اجازت دے دیں گے۔ جب خانۂ کعبہ میں جا کر دستاویز دیکھا گیا تو سب حیران رہ گئے کہ واقعی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق دیمک نے سوائے لفظِ اللہ کے سارا دستاویز چٹ کر لیا ہے۔ اِس واقعہ کے بعد مسلمانوں کو اُس گھاٹی سے نکلنے کی اجازت دے دی گئی۔[۲]

**سوال:** ''عامُ الحُزنِ'' یعنی غم کا سال کس سال کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** اعلانِ نبوت کے دسویں سال کو غم کا سال کہا جاتا ہے؛ کیوں کہ اِس سال ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے دو نہایت جان گداز اور روح فرسا حادثات پیش آئے :

---

[۱] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۱۳۔ ۱۱۴]
[۲] [ملخصاً از مدارج النبوۃ، ج: ۲، ص: ۴۲]

❁ ایک یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نہایت مشفق ومہربان چچا، حضرت علی مولائے کائنات کے والد، ابوطالب انتقال کر گئے۔ اگرچہ ابوطالب آخری دم تک ایمان نہ لائے؛ مگر انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پناہی اور نصرت وحمایت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی تھی۔ اُن کی وفات سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت صدمہ ہوا۔

❁ دوسرا یہ کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی غم گسار اور اسلام کی سچی وفادار اُمُّ المومنین حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا، ابو طالب کی وفات کے تین دن بعد انتقال کر گئیں۔ آپ کے وصال سے بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت رنج وغم ہوا۔ مسلسل صدموں کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس سال کا نام "عامُ الحزن" یعنی غم کا سال رکھا۔ [۱]

## جنت سے محروم رہ جانے والے چار بدبخت

### حدیثِ پاک

عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: لَا یَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَّلَا قَمَّارٌ وَّلَا مَنَّانٌ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ [مشکاۃ المصابیح، ص: ۳۱۸]

ترجمہ: حضرت سیدنا عبداللہ ابن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ماں باپ کا نافرمان، جوا کھیلنے والا، احسان جتانے والا اور شراب کا عادی جنت میں داخل نہ ہوگا۔

---

[۱] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۱۵-۱۱۶]

# پانچویں فصل — اذکار وادعیہ — تحفیظ

## ہر حاجت کی دعا

[صبح وشام ۷/بار پڑھیں]

حَسۡبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۔ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ وَھُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ۔[1]

ترجمہ: میرے لیے اللہ تعالیٰ ہی کافی ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ میں نے اُسی پر بھروسا کیا اور وہی عرشِ عظیم کا رب ہے۔

## صغیرہ گناہوں سے معافی کی دعا

[روز ۱۰۰/بار پڑھے]

سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ ۔[2]

ترجمہ: اللہ رب العزت تمام عیبوں سے پاک ہے اور ہر طرح کی حمد اُسی کے لیے ہے۔

## حافظہ مضبوط کرنے کی دعا

اَللّٰھُمَّ افۡتَحۡ عَلَیۡنَا حِکۡمَتَکَ وَانۡشُرۡ عَلَیۡنَا رَحۡمَتَکَ یَاذَا الۡجَلَالِ وَالۡاِکۡرَامِ ۔[3]

ترجمہ: اے اللہ! ہم پر اپنی حکمت کے دروازے کھول دے اور ہم پر اپنی رحمت نازل فرما! اے عظمت وبزرگی والے!

## کسی مندر یا گرجا گھر کو دیکھے تو یہ دعا پڑھے

أَشۡھَدُ أَنۡ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ اِلٰھًا وَّاحِدًا ۔ لَا نَعۡبُدُ اِلَّآ اِیَّاہُ ۔[4]

ترجمہ: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ عزوجل کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ وہ معبود اکیلا ہے، ہم اسی کی عبادت کرتے ہیں۔

---

[1] [السنن للامام ابی داؤد، کتاب الادب، باب مایقول اذا أصبح، رقم الحدیث: ۵۰۸۳]
[2] [الصحیح للامام البخاری، باب فضل التسبیح، رقم الحدیث ۶۴۰۵]
[3] [المستطرف، الباب الرابع فی العلم والادب، ج ۱/ص: ۶۰]
[4] [الملفوظ، حصۂ دوم، ص: ۲۳۵]

## چھٹی فصل — حمدِ باری تعالیٰ ونعتِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تحفیظ

### حمدِ باریِ تعالیٰ

میں کہاں اور تیری حمد کا مفہوم کہاں — اے خدا تیری حقیقت مجھے معلوم کہاں
تیرے اوصاف کی حد ہے میرے مولا! نہ حساب — چند ناموں سے تیری ذات ہے موسوم کہاں
جو بھی آتا ہے تیرے در پہ ندامت لے کر — پھر تیرے فضل سے رہتا ہے وہ محروم کہاں
ہم تو جیتے ہیں فقط تیرے کرم سے ورنہ — جرم کر دیتے نہ جانے ہمیں معدوم کہاں
تونے سرکارِ دو عالم کو بنایا ہے شفیع — ورنہ جاتے یہ تیرے بندۂ مذموم کہاں
ہم گنہ گاروں کو دیں گے وہی دامن میں پناہ — دور حاکم سے رہا کرتے ہیں محکوم کہاں
ہم غلاموں کو بھی پہنچا دے مدینے یا رب — دیکھ لیں ہم بھی کہ ہے کوچۂ مخدوم کہاں
تیرا فیضان نہ ہوتا تو قلم کیوں چلتا — حمد ہو پاتی فریدی سے یہ منظوم کہاں

### نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

عرشِ حق ہے مسندِ رِفعت رسول اللہ کی — دیکھنی ہے حشر میں عزت رسول اللہ کی
قبر میں لہرائیں گے تا حشر چشمے نور کے — جلوہ فرما ہو گی جب طلعت رسول اللہ کی
لَا وَرَبِّ الْعَرْش جس کو جو ملا اُن سے ملا — بٹتی ہے کونین میں نعمت رسول اللہ کی
وہ جہنم میں گیا جو اُن سے مستغنی ہوا — ہے خلیل اللہ کو حاجت رسول اللہ کی
سورج اُلٹے پاؤں پلٹے چاند اشارے سے ہو چاک — اندھے نجدی دیکھ لیں قدرت رسول اللہ کی
تجھ سے اور جنت سے کیا مطلب وہابی دور ہو — ہم رسول اللہ کے جنت رسول اللہ کی
ہم بھکاری وہ کریم اُن کا خدا اُن سے فزوں — اور نہ کہنا نہیں عادت رسول اللہ کی
خاک ہو کر عشق میں آرام سے سونا ملا — جان کی اِکسیر ہے اُلفت رسول اللہ کی
اے رِضاؔ خود صاحبِ قرآں ہے مداحِ حضور — تجھ سے کب ممکن ہے پھر مدحت رسول اللہ کی

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

**سوال:** ”وسیلہ“ کے جواز پر ایک حدیثِ پاک پیش فرما دیجیے!

**جواب:** حضرت امامِ ترمذی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت عثمان بن حُنَیف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں:

- ایک نابینا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوا:
- یا رسولَ اللہ! آپ اللہ عزوجل سے دعا فرما دیں کہ وہ مجھے بینا بنا دے۔

آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

- اگر تو چاہے تو میں دعا کر دوں؛ اور اگر تو چاہے تو صبر کر لے؛ کیوں کہ یہ تیرے لیے بہتر ہے۔

اُنھوں نے کہا:

- حضور! دعا فرما دیں! حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جاؤ! اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز پڑھو! پھر یہ دعا مانگو!

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۤ اَسْئَلُكَ وَ اَتَوَجَّهُ اِلَيْكَ بِنَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ . اِنِّیۤ تَوَجَّهْتُ بِكَ اِلٰی رَبِّیْ فِیْ حَاجَتِیْ هٰذِهٖ لِتُقْضٰی لِیْ . اَللّٰھُمَّ فَشَفِّعْهُ فِیَّ .[۱]

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں اور تیری طرف حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے وسیلے سے توجہ کرتا ہوں جو نبیِّ رحمت ہیں۔ یا رسول اللہ! میں آپ کے وسیلے سے اپنے رب کی طرف اپنی اِس حاجت میں توجہ کرتا ہوں؛ تا کہ میری یہ حاجت پوری کر دی جائے۔ اے اللہ! میرے حق میں رسول اللہ کی شفاعت قبول فرما۔

- اُس نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے حکم کے مطابق کیا تو آنکھ والا ہو گیا۔[۲]

**سوال:** کیا ”وفات یافتہ“ لوگوں کو بھی ”وسیلہ“ بنا سکتے ہیں؟

---

[۱] [الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث: ۳۹۲۷] [۲] [المعجم الکبیر، ج:۹، ص:۳۱]

**جواب:** جی ہاں! اللہ کے مقرّب بندوں کو اُن کی زندگی میں بھی ''وسیلہ'' بنانا جائز ہے اور وصال فرمانے کے بعد بھی اُن سے توسل کرنا درست ہے۔ بلکہ حضرت سیدنا آدم علیہ السلام نے حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو آپ کے دنیا میں تشریف لانے سے ہزاروں سال پہلے ''وسیلہ'' بنایا تھا۔

**سوال:** کوئی رِوایت پیش فرمادیجیے! جس میں وصال کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''وسیلہ'' بنانے کا ذکر ہو۔

**جواب:** حضرت ابوالجوزاء فرماتے ہیں کہ مدینہ منورہ کے لوگ ایک مرتبہ سخت قحط میں مبتلا ہو گئے۔ انھوں نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے شکایت کی۔ انھوں نے کہا:

- نبیِّ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبرِ انور کی چھت سے آسمان کی جانب ایک طاق اِس طرح بنادو کہ قبرِ انور اور آسمان کے بیچ میں کوئی چیز حائل نہ ہو۔

لوگوں نے ایسا کیا تو اُن پر خوب موسلا دھار بارش ہوئی، خوب سبزہ اُگا، اونٹ گھاس کھا کر اِس قدر موٹے ہو گئے کہ لگتا تھا پھٹ جائیں گے۔

اِسی لیے اُس سال کا نام ''عَامُ الفَتْقِ'' یعنی پھٹن کا سال رکھا گیا۔[1]

[1] [السنن للدارمی، ج:۱،ص:۵۶، رقم الحدیث:۹۲۔ مرقات المفاتیح، کتاب الفضائل، ج:۹]

# ساتواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** جو فرشتے مومنوں کے اعمال لکھتے ہیں، اُن کے کیا نام ہیں؟

**جواب:** اُنھیں "کِرَامًا کَاتِبِیْنَ" [معزز فرشتے] کہا جاتا ہے۔ ایک مومن کے دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب ہوتا ہے۔ دائیں جانب والا فرشتہ نیکیاں اور بائیں جانب والا فرشتہ برائیاں لکھتا ہے۔ [1]

**سوال:** قبر میں یعنی عالمِ برزخ میں مومن اور کافر سے سوالات کرنے والے فرشتوں کے نام بیان فرمائیں؟

**جواب:** اُنھیں "مُنْکَرْ نَکِیْر" کہا جاتا ہے [صحیح البخاری، ج:۱، ص:۴۵۰] بعض علمائے کرام فرماتے ہیں کہ مومن سے سوالات کرنے والے فرشتوں کو "بَشِیْر و مُبَشِّر" اور کافر سے سوالات کرنے والے فرشتوں کو "مُنْکَرْ نَکِیْر" کہا جاتا ہے۔ [2]

**سوال:** کیا کسی فرشتے کی شان میں گستاخی کرنے سے انسان کافر ہو جاتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! کسی فرشتے کی شان میں معمولی سی گستاخی بھی کفر ہے۔ اِسی طرح برے انسان یا اپنے دشمن کو دیکھ کر یہ کہنا:

- "ملک الموت یا عزرائیل آ گیا" یہ بھی کفر کے قریب ہے۔ [3]

**سوال:** کیا فرشتے جو شکل چاہیں اختیار کر سکتے ہیں؟

**جواب:** جی بالکل! اللہ ربُّ العزت نے اُنھیں یہ طاقت دی ہے کہ وہ جو شکل چاہیں اختیار کر لیں۔ وہ کبھی انسان کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں اور کبھی دوسری شکلوں میں۔ [4]

---

[1] [تفسیرِ طبری، ج:۱، ص:۱۴۶]
[2] [مرآۃ المناجیح، باب اثبات عذاب القبر ج:۱]
[3] [البحر الرائق، ج:۵، ص:۲۰۵]
[4] [بہارِ شریعت، حصۂ اول، ملائکہ کا بیان، ص:۹۰]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** ''اِقامت'' کے کچھ اہم مسائل بیان فرمادیں!

**جواب:** ''اِقامت'' کے وہی احکام ہیں جواذان کے ہیں؛البتہ اِن دونوں کے مابین درج ذیل باتوں کا فرق ہے۔

- ''اِقامت'' میں ''حَیَّ عَلَی الْفَلَاح'' کے بعد ''قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ'' دوبار کہا جائے۔
- ''اِقامت'' میں صرف اِس قدر آواز بلند ہو کہ مسجد کے حاضرین سن لیں۔
- ''اِقامت'' اذان سے جلد کہی جائے۔
- ''اِقامت'' میں نہ کانوں پر ہاتھ رکھنا ہے، نہ کانوں میں انگلیاں ڈالنا ہیں۔
- امام اور تمام لوگ ''حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃ'' پر کھڑے ہو جائیں۔
- اقامت کے وقت آنے والا کھڑا نہ رہے، بلکہ بیٹھ کر سنے اور جب کہنے والا ''حَیَّ عَلَی الصَّلَاۃ'' پر پہنچے تو کھڑا ہو۔[1]

**سوال:** دن رات میں کتنے وقت کی نمازیں فرض ہیں اور اُن کے نام کیا ہیں؟

**جواب:** دن رات میں پانچ وقت کی نمازیں فرض ہیں:

- صبح کے وقت: نمازِ فَجر
- دوپہر کے وقت: نمازِ ظُہر
- دوپہر کے بعد: نمازِ عَصر
- شام کے وقت سورج ڈوبنے کے فوراً بعد: نمازِ مَغرِب
- رات میں: نمازِ عِشَا۔

**سوال:** فجر، ظہر اور عصر کی نمازوں میں کتنی رکعتیں ہیں؟ تفصیل سے بیان فرمائیے!

**جواب:**

- نمازِ فجر میں چار رکعت ہیں۔ دو رکعت سنتِ مُؤَکَّدہ قَبلِیَّہ، دو رکعت فرض۔
- نمازِ ظہر میں بارہ رکعتیں ہیں، چار رکعت سنتِ مؤکَّدہ قَبلِیَّہ، چار رکعت فرض، دو رکعت سُنَّتِ مُؤکَّدہ بَعدِیَّہ اور دو رکعت نفل۔
- نمازِ عصر میں آٹھ رکعتیں ہیں۔ چار رکعت سُنَّتِ غیرِ مُؤکَّدہ قَبلِیَّہ اور چار رکعت فرض۔

---

[1] [ملخصاً از اسلامی تعلیمی نصاب، ص: ۱۸۳]

**سوال:** نمازِ مغرب اور عشا میں کتنی کتنی رکعتیں ہیں؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** نمازِ مغرب میں سات رکعتیں ہیں۔ تین رکعت فرض، دو رکعت سنتِ موکدہ بعدیہ اور دو رکعت نفل۔

نمازِ عشا میں کل سترہ رکعتیں ہیں۔ چار رکعت سنتِ غیر مؤکدہ قبلیہ ، چار رکعت فرض، دو رکعت سنتِ موکدہ بعدِیہ، دو رکعت نفل، تین رکعت وتر، دو رکعت نفل۔ آسانی کے لیے نیچے کا نقشہ ملاحظہ فرمائیں!

## نقشہ

| نماز | سنتِ مؤکدہ قبلیہ | سنت غیر مؤکدہ قبلیہ | فرض | سنت مؤکدہ بعدیہ | نفل | وتر | نفل | کل رکعات |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| فجر | ۲ | | ۲ | | | | | ۴ |
| ظہر | ۴ | | ۴ | ۲ | ۲ | | | ۱۲ |
| عصر | | ۴ | ۴ | | | | | ۸ |
| مغرب | | | ۳ | ۲ | ۲ | | | ۷ |
| عشا | | ۴ | ۴ | ۲ | ۲ | ۳ | ۲ | ۱۷ |
| جمعہ | ۴ | | ۲ | ۴۔۲ | ۲ | | | ۱۴ |

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** بیوی پر اُس کے شوہر کے کیا کیا حقوق ہیں؟

**جواب:** بیوی پر اُس کے شوہر کے بہت سے حقوق ثابت ہیں، اُن میں اہم یہ ہیں:

- بیوی، ہر جائز کام میں شوہر کی فرماں برداری کرے اور اُس کی رضا جوئی میں لگی رہے۔
- بیوی اپنی پاک دامنی کے ساتھ، شوہر کے مال کی بھی مکمل حفاظت کرے، شوہر کی مرضی کے بغیر اُس کا مال کسی کو نہ دے۔
- شوہر کی اجازت کے بغیر کہیں نہ جائے۔
- شوہر کی موجودگی میں اُس کی اجازت کے بغیر نفلی عبادت نہ کرے، مثلاً نفلی روزے نہ رکھے۔
- شوہر کے لیے زینت اختیار کرے، نہ کہ دوسروں کے لیے۔ بعض عورتیں اپنے خاوند کے لیے میک اَپ نہیں کرتیں، مگر جب شادی وغیرہ میں جانا ہوتا ہے تو خوب بنتی سنورتی ہیں، اُنہیں اِس روش سے باز آنا چاہیے؛ کیوں کہ شوہر کے علاوہ کسی اور کے لیے میک اپ کرنا جائز نہیں ہے۔
- شوہر سے بدزبانی نہ کرے، بلکہ حتی الامکان شوہر کی تلخ باتوں پر صبر کرے؛ تاکہ رشتۂ نکاح برقرار رہے۔
- شوہر جو دے اُسے خوشی سے لے، طرح طرح کی فرمائشیں کرکے اُسے مصیبت میں نہ ڈالے۔

**سوال:** شوہر کے حقوق پر دو حدیثیں پیش کریں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں:

**پہلی حدیث:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر میں کسی کو مخلوق کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔ [1]

**دوسری حدیث:** آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جب عورت پانچ وقت کی نماز ادا کرے، رمضان کے روزے رکھے، اپنی شرم گاہ کی حفاظت کرے اور اپنے شوہر کی اِطاعت کرے تو جنت کے دروازوں میں سے جس سے چاہے داخل ہو جائے۔ [2]

---

[1] [مشکاۃ المصابیح، ص: ۲۸۱]
[2] [مشکاۃ المصابیح، ص: ۲۸۱]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ''سفرِ طائف'' کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دین کی تبلیغ کے لیے اعلانِ نبوت کے دسویں سال اپنے غلام حضرت زید بن حارثہ کے ساتھ طائف کا سفر کیا۔ وہاں کے رئیسوں اور سرداروں سے ملاقات کی اور اُنھیں اسلام کی دعوت دی۔ اُنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ انتہائی بے ہودہ سلوک کیا اور طائف کے غنڈوں کو گستاخی کرنے پر ابھارا۔ اُن لُچے لفنگوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر پتھروں کی برسات کی جس سے آپ کا جسمِ نازنین لہولہان ہوگیا۔[1]

**سوال:** ''طائف'' کے ظالموں کے اِس رویے پر ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کس صبر وشکر اور حسنِ خُلق کا مظاہرہ فرمایا؟

**جواب:** ''طائف'' سے واپسی پر حضرت جبریل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوئے:

- **یا رسول اللہ**! یہ پہاڑوں کا فرشتہ آپ کی بارگاہ میں حاضر ہے۔

اُس فرشتے نے کہا:

- **یا رسول اللہ**! اللہ تعالیٰ نے آپ کی قوم کا جواب سن لیا ہے۔ اُس نے مجھے آپ کی خدمتِ اقدس میں بھیجا ہے۔ اگر آپ کہیں تو میں اِن دونوں پہاڑوں کو اِن کافروں پر الٹ دوں؛ تاکہ یہ پِس کر ہلاک وبرباد ہوجائیں!

یہ سن کر ہمارے رحیم وکریم آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- نہیں؛ بلکہ میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اِن کی نسلوں سے ایسے بندوں کو پیدا فرمائے گا جو صرف اللہ کی بندگی کریں گے اور کسی کو اُس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔[2]

**سوال:** حضور آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ''سیرِ معراج'' کے بارے میں ہمیں کچھ بتائیے!

**جواب:** قرآنِ کریم کے بعد ''سیرِ معراج'' ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا دوسرا سب سے بڑا معجزہ ہے۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو راہِ خدا میں مختلف تکلیفیں لاحق ہوئیں تو اللہ عزوجل نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی دل جوئی کے لیے معراج کی سیر کرائی۔ سفرِ معراج میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اِن نعمتوں سے نوازا گیا:

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۱۱۹۔ سیرتِ رسولِ اکرم، ص:۲۵]
[2] [الصحیح للامام البخاری، باب ذکر الملائکۃ، ج:۱، ص:۴۵۸]

- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم براق پر سوار ہو کر مسجدِ اقصیٰ تشریف لائے اور تمام انبیا و مرسلین علیہم الصلاۃ والسلام نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اقتدا میں نماز ادا کی۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے زمین و آسمان، عرش و کرسی، جنت و دوزخ اور سدرۃ المنتہیٰ کی سیر کی۔
- آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے ماتھے کی نگاہوں سے رب تعالیٰ کا دیدار کیا اور ہمارے لیے پانچ نمازوں کا تحفہ لائے۔

## بدترین لوگ

### حدیثِ پاک

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ غَنْمٍ اَنَّ النَّبِیَّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: شِرَارُ عِبَادِ اللّٰہِ اَلْمَشَّاءُوْنَ بِالنَّمِیْمَۃِ اَلْمُفَرِّقُوْنَ بَیْنَ الْاَحِبَّۃِ۔

[مشکاۃ المصابیح، ص: ۴۱۵]

ترجمہ: حضرت عبدالرحمٰن ابن غنم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور احمدِ مجتبیٰ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ عزوجل کے بدترین بندے وہ ہیں جو لوگوں کی چغلی کھاتے پھرتے ہیں اور دوستوں کے درمیان جدائی ڈالتے ہیں۔

پانچویں فصل — اذکار وادعیہ — تحفیظ

## اداے قرض کی دعا

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔[1]

ترجمہ: اے اللہ! مجھے حلال رزق عطا فرما کر حرام سے بچا اور اپنے فضل وکرم سے اپنے علاوہ غیروں سے بے نیاز کردے۔

## مصیبت زدہ کو دیکھتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِہٖ وَ فَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ۔[2]

ترجمہ: ہر طرح کی حمد وستائش اللہ عزوجل کے لیے کہ جس نے مجھے اس مصیبت سے نجات دی جس میں تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی بہت سی مخلوق پر فضیلت دی۔

## ہر آفتِ ارضی وسماوی سے حفاظت کی دعا

بِسْمِ اللہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔[3]

ترجمہ: میں اُس اللہ عزوجل کے نام سے حفاظت حاصل کرتا [کرتی] ہوں جس کے نامِ اقدس کی برکت سے زمین وآسمان کی کوئی بھی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی۔ اور وہی سننے والا اور علم رکھنے والا ہے۔

## قبولیتِ توبہ کی دعا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ۔ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُكَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ۔ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ ۔ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ۔ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ۔[4]

ترجمہ: یا اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔ تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا ہی بندہ ہوں اور میں حسبِ طاقت وقوت تیرے ساتھ کیے گئے وعدہ اور عہد و پیمان پر قائم ہوں۔ اپنے اعمال کے شر سے میں تیری پناہ چاہتا ہوں۔ میں تیری اُن نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں جو تو نے مجھ پر کی ہیں اور میں تیرے روبرو اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں۔ پس تو مجھے معاف فرما دے؛ کیوں کہ تیرے سوا گناہوں کو معاف فرمانے والا کوئی نہیں۔

---

[1] [المستدرک، ج ۲ ص: ۲۳۰]
[2] [الجامع للامام الترمذی، کتاب الدعوات، باب مایقول اذا رای مبتلیٰ، رقم الحدیث: ۳۴۴۲]
[3] [الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث: ۳۳۸۸]
[4] [الجامع للامام الترمذی، رقم الحدیث: ۳۵۷۵]

چھٹی فصل — عربی زبان وادب — تحفیظ

## عربی گنتیاں

| NUMBERS | گنتیاں | ألأعداد |
|---|---|---|
| FIFTY ONE | اکیاون | وَاحِدٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥١] |
| FIFTY TWO | باوَن | اِثْنَانِ وَخَمْسُوْنَ [٥٢] |
| FIFTY THREE | ترپن | ثَلَاثَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٣] |
| FIFTY FOUR | چوّن | اَرْبَعَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٤] |
| FIFTY FIVE | پچپن | خَمْسَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٥] |
| FIFTY SIX | چھپن | سِتَّةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٦] |
| FIFTY SEVEN | ستاون | سَبْعَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٧] |
| FIFTY EIGHT | اٹھاون | ثَمَانِيَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٨] |
| FIFT NINE | انسٹھ | تِسْعَةٌ وَّخَمْسُوْنَ [٥٩] |
| SIXTY | ساٹھ | سِتُّوْنَ [٦٠] |
| SIXTY ONE | اکسٹھ | وَاحِدٌ وَّسِتُّوْنَ [٦١] |
| SIXTY TWO | باسٹھ | اِثْنَانِ وَسِتُّوْنَ [٦٢] |
| SIXTY THREE | ترسٹھ | ثَلَاثَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٣] |
| SIXTY FOUR | چوسٹھ | اَرْبَعَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٤] |
| SIXTY FIVE | پینسٹھ | خَمْسَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٥] |
| SIXTY SIX | چھیاسٹھ | سِتَّةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٦] |
| SIXTY SEVEN | سرسٹھ | سَبْعَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٧] |
| SIXTY EIGHT | اڑسٹھ | ثَمَانِيَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٨] |
| SIXTY NINE | انہتر | تِسْعَةٌ وَّسِتُّوْنَ [٦٩] |
| SEVENTY | ستّر | سَبْعُوْنَ [٧٠] |
| SEVENTY ONE | اکہتر | وَاحِدٌ وَّسَبْعُوْنَ [٧١] |
| SEVENTY TWO | بَہتّر | اِثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ [٧٢] |
| SEVENTY THREE | تہتر | ثَلَاثَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [٧٣] |
| SEVENTY FOUR | چوہتر | اَرْبَعَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [٧٤] |

| | | |
|---|---|---|
| SEVENTY FIVE | پچھتر | خَمْسَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [۷۵] |
| SEVENTY SIX | چھہتر | سِتَّةٌ وَّسَبْعُوْنَ [۷۶] |
| SEVENTY SEVEN | ستتر | سَبْعَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [۷۷] |
| SEVENTY EIGHT | اٹھتر | ثَمَانِيَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [۷۸] |
| SEVENTY NINE | اناسی | تِسْعَةٌ وَّسَبْعُوْنَ [۷۹] |
| EIGHTY | اسی | ثَمَانُوْنَ [۸۰] |
| EIGHTY ONE | اکیاسی | وَاحِدٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۱] |
| EIGHTY TWO | بیاسی | اِثْنَانِ وَثَمَانُوْنَ [۸۲] |
| EIGHTY THREE | تراسی | ثَلَاثَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۳] |
| EIGHTY FOUR | چوراسی | اَرْبَعَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۴] |
| EIGHTY FIVE | پچاسی | خَمْسَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۵] |
| EIGHTY SIX | چھیاسی | سِتَّةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۶] |
| EIGHTY SEVEN | ستاسی | سَبْعَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۷] |
| EIGHTY EIGHT | اٹھاسی | ثَمَانِيَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۸] |
| EIGHTY NINE | نواسی | تِسْعَةٌ وَّثَمَانُوْنَ [۸۹] |
| NINETY | نوے | تِسْعُوْنَ [۹۰] |
| NINETY ONE | اکیانوے | وَاحِدٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۱] |
| NINETY TWO | بیانوے | اِثْنَانِ وَتِسْعُوْنَ [۹۲] |
| NINETY THREE | ترانوے | ثَلَاثَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۳] |
| NINETY FOUR | چورانوے | اَرْبَعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۴] |
| NINETY FIVE | پنچانوے | خَمْسَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۵] |
| NINETY SIX | چھیانوے | سِتَّةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۶] |
| NINETY SEVEN | ستانوے | سَبْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۷] |
| NINETY EIGHT | اٹھانوے | ثَمَانِيَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۸] |
| NINETY NINE | ننیانوے | تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ [۹۹] |
| HUNDRED | سو | مِائَةٌ [۱۰۰] |

## رشتے داروں کے عربی نام

| Relations | رشتے دار | اَلْاَقَارِبُ | شمار نمبر |
|---|---|---|---|
| Father | باپ | اَبٌ | 1 |
| Mother | ماں | اُمٌّ | 2 |
| Uncle | چچا | عَمٌّ | 3 |
| Aunt | پھوپھی | عَمَّةٌ | 4 |
| Maternal uncle | ماموں | خَالٌ | 5 |
| Maternal aunt | خالہ | خَالَةٌ | 6 |
| Son | بیٹا | اِبْنٌ | 7 |
| Daughter | بیٹی | بِنْتٌ | 8 |
| Brother | بھائی | اَخٌ | 9 |
| Sister | بہن | اُخْتٌ | 10 |
| Husband | شوہر | زَوْجٌ | 11 |
| Wife | بیوی | زَوْجَةٌ | 12 |
| Grandfather | دادا۔نانا | جَدٌّ | 13 |
| Grandmother | دادی۔نانی | جَدَّةٌ | 14 |
| Grandson. | پوتا | حَفِيْدٌ | 15 |
| Granddaughter | پوتی | حَفِيْدَةٌ | 16 |
| Daughter,s son | نواسا | اِبْنُ الْبِنْتِ | 17 |
| Daughter,s daughter | نواسی | بِنْتُ الْبِنْتِ | 18 |
| Sister in law | بھابھی | زَوْجَةُ الْأَخِ | 19 |
| Brother in law | بہنوئی | زَوْجُ الْاُخْتِ | 20 |

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

### ﴿عرس منانا﴾

**سوال:** یہ بتائیے کہ "عُرس" کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** کسی بزرگ کے یومِ وفات پر اُن کی یاد منانے یا اُنھیں ثواب پہنچانے کے لیے اُن کے مریدین اور محبین کے اجتماع کا نام "عُرس" ہے۔

**سوال:** کیا کسی بزرگ کا عرس منایا جاسکتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! منایا جاسکتا ہے۔ بزرگوں کا عرس منعقد کرنا شرعی نقطۂ نظر سے نہ صرف یہ کہ ایک اچھا کام ہے؛ بلکہ بے شمار رحمتوں اور برکتوں کا باعث ہے۔ بشرطے کہ اُسے:

- ڈھول تاشے، ناچ گانے، عورتوں کے آنے اور اِس قسم کی دیگر خرافات سے بچایا جائے۔

**سوال:** "عُرس" کے جائز ہونے کی کوئی دلیل بیان فرما دیجیے!

**جواب:** "عُرس" کا جائز ہونا روزِ روشن کی طرح عیاں ہے؛ کیوں کہ اِس میں مسلمان جمع ہوکر:

- تلاوتِ قرآن کرتے ہیں، اللہ کا ذکر کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم پر درود وسلام بھیجتے ہیں، نعت ومنقبت کے گل دستے پیش کرتے ہیں، مختلف قسم کے کھانوں کے ذریعے غربا ومساکین کی ضیافت کرتے ہیں اور اِن نیک کاموں کا ثواب صاحبِ مزار کی بارگاہ میں پیش کرتے ہیں۔

یہ سارے کام صرف جائز ہی نہیں بلکہ قربتِ اِلٰہی کا عظیم الشان وسیلہ ہیں۔ اِن کاموں سے روکنے والا یقیناً احکامِ شرع سے غافل ہے۔ لہٰذا عرس کے جائز ومستحسن ہونے میں شک وشبہ کرنا بھی جہالت وحماقت کی دلیل ہے۔

**سوال:** "عُرس" میں مسلمان "مزارات پر حاضری" دیتے ہیں۔ کیا مزارات پر حاضر ہونا جائز ہے؟

**جواب:** مزارات پر حاضری دینا ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی سنتِ مبارکہ ہے۔ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر سال شہداے احد کے مزارات پر برکتیں لٹانے کے لیے تشریف لایا کرتے تھے۔[1]

- یہ روایت حدیث کی مشہور کتاب مصنف ابن ابی شیبہ اور دوسری کتابوں کے اندر بھی موجود ہے۔ اِس لیے مزارات پر حاضری دینا صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کے زمانے سے ہی مسلمانوں میں رائج ہے۔

---

[1] [ردالمحتار، کتاب الصلاۃ، مطلب فی زیارۃ القبور، ج:۳، ص:۱۷۷]

# آٹھواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** چھٹا کلمہ یعنی "کَلِمۂ رَدِّ کُفر" ترجمہ کے ساتھ سنائیں!

**جواب:** اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ اَنۡ اُشۡرِكَ بِكَ شَیۡئًا وَّ اَنَا اَعۡلَمُ بِهٖ وَ اَسۡتَغۡفِرُكَ لِمَا لَاۤ اَعۡلَمُ بِهٖ تُبۡتُ عَنۡهُ وَ تَبَرَّاۡتُ مِنَ الۡكُفۡرِ وَالشِّرۡكِ وَالۡكِذۡبِ وَالۡغِیۡبَةِ وَالۡبِدۡعَةِ وَالنَّمِیۡمَةِ وَ الۡفَوَاحِشِ وَالۡبُهۡتَانِ وَالۡمَعَاصِیۡ كُلِّهَا وَاَسۡلَمۡتُ وَاَقُوۡلُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں اِس بات سے تیری پناہ چاہتا [چاہتی] ہوں، کہ جان بوجھ کر کسی چیز کو تیرا شریک بناؤں اور تجھ سے اُس [شرک یا گناہ] سے بخشش چاہتا [چاہتی] ہوں جس کو میں نہیں جانتا [جانتی]، میں نے اُس سے توبہ کی اور میں بیزار ہوا [ہوئی] کفر، شرک، جھوٹ، غیبت، بدعت، چغلی، بے حیائی کے کاموں، بہتان لگانے اور تمام گناہوں سے، اور میں اسلام لایا [لائی] اور [دل و جان] سے کہتا [کہتی] ہوں کہ اللہ تبارک و تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

**سوال:** تمام آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا مطلب واضح کیجیے؟

**جواب:** یہ ایمان رکھے کہ تمام آسمانی کتابیں اور صحیفے حق ہیں اور سب اللہ عز و جل کے کلام ہیں۔ اُن میں جو کچھ ارشاد ہوا سب پر ایمان لانا ضروری ہے۔[1]

[1] [بہارِ شریعت، حصۂ اول، عقائد متعلقہ نبوت، ص: ٣٠]

## تحفیظ — فقہیات، فقہی مسائل — دوسری فصل

**سوال:** نماز صحیح ہونے کے لیے کتنی باتیں ''شرط'' ہیں؟

**جواب:** نماز صحیح ہونے کے لیے ''چھ باتیں'' شرط ہیں:

[۱] طہارت [۲] سَترِ عَورت [۳] وقت

[۴] استقبالِ قبلہ [۵] نِیَّت [۶] تکبیرِ تحریمہ۔

اِن شرطوں کے بغیر نماز شروع نہیں ہوسکتی۔ [۱]

**سوال:** ''طہارت'' اور ''سترِ عورت'' سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ''طہارت'' سے مراد یہ ہے:

- نمازی کا بدن، اُس کا کپڑا اور اُس کی نماز ادا کرنے کی جگہ، ہر قسم کی نجاست سے پاک ہو۔

''سترِ عورت'' کا معنی یہ ہے کہ:

- بدن کے اُس حصے کو چھپائے، جس کا چھپانا فرض ہے۔ ناف [توندی] کے نیچے سے گھٹنوں کے نیچے تک کا حصہ چھپانا مرد پر فرض ہے، جبکہ سوائے پانچ اعضا کے پورا جسم چھپانا عورت پر فرض ہے۔

وہ پانچ اعضا یہ ہیں:

[۱] منہ کی ٹکلی [۲۔۳] دونوں ہتھیلیاں [۴۔۵] دونوں پاؤں کے تلوے۔

یہ بھی خیال رہے کہ سترِ عورت ہر حال میں ضروری ہے، نماز میں ہو یا نہ ہو۔ اکیلے ہو یا کسی کے سامنے۔ عذرِ شرعی کے بغیر تنہائی میں بھی شرم گاہ کھولنا جائز نہیں اور لوگوں کے سامنے یا نماز میں سترِ عورت بالاجماع فرض ہے۔ [۱]

---

[۱] [ملخصاً از بہار شریعت، حصہ سوم، نماز کی شرطوں کا بیان]

**سوال:** ''وقت'' اور ''استقبالِ قبلہ'' کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** ''وقت'' کا مطلب آسان لفظوں میں یہ ہے:

- جس نماز کا جو وقت شریعت نے بتلایا ہے، وہ نماز اُسی وقت پر ادا کی جائے۔ اگر وقت نکلنے کے بعد نماز ادا کی گئی تو وہ ادا نہ ہوئی؛ بلکہ قضا ہوئی۔

اور ''استقبالِ قبلہ'' سے مراد یہ ہے:

- کعبہ شریف کی طرف چہرہ کرکے نماز پڑھی جائے۔

**سوال:** ''نِیَّت'' اور ''تکبیرِ تحریمہ'' کا مفہوم سمجھایئے!

**جواب:** ''نِیَّت'' دِل کے پکّے ارادے کو کہتے ہیں، زبان سے کہنا ضروری نہیں، مگر جب دل میں نیت حاضر ہو تو زبان سے کہہ لینا بہتر ہے۔ نیت کا سب سے کم درجہ یہ ہے کہ اگر نماز پڑھتے وقت کوئی پوچھے کہ کون سی نماز پڑھ رہے ہو تو فوراً بغیر غور و فکر کے بتادے کہ فلاں نماز پڑھنے جارہا ہوں۔

آغازِ نماز کے لیے تکبیر یعنی ''اللہ اکبر'' کہنے کو تکبیرِ تحریمہ کہا جاتا ہے۔ تکبیرِ تحریمہ کہتے ہی نماز شروع ہو جاتی ہے، اگرچہ ہاتھ نہ اٹھایا ہو۔[1]

---

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم، نماز کی شرطوں کا بیان]

## تفہیم — تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب

**سوال:** کیا بیوی پر شوہر کے والدین یعنی اپنی ''ساس و سسر کی خدمت کرنا'' واجب ہے؟

**جواب:** والدین کا خیال رکھنا خود شوہر پر واجب ہے، البتہ بیوی کو بھی اُن کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا چاہیے۔ اُن سے زبان لڑانا، یا اُن کی شان میں کسی قسم کی بدتمیزی کرنا ہرگز جائز و درست نہیں؛ بلکہ عورت کو چاہیے کہ ساس اور سسر کو اپنے ماں باپ کی طرح سمجھے، اپنے والدین کی طرح اُن کی تعظیم و توقیر کرے؛ تاکہ اُسے شوہر اور اُس کے گھر والوں کی سچی محبت حاصل ہوسکے۔

**سوال:** شوہر پر بیوی کے کیا کیا ''حقوق'' ہیں؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** شوہر پر بیوی کے بہت سے ''حقوق'' ہیں، اُن کی ادائیگی کے بغیر گھر میں امن و امان قائم نہیں ہوسکتا، کامیاب شوہر وہی ہے جو اپنی بیوی کے جملہ ''حقوق'' ادا کرے۔ یہاں چند اہم ''حقوق'' لکھے جارہے ہیں۔

- سب سے بڑا حق یہ ہے کہ شوہر اپنی بیوی کے کھانے، کپڑے اور مکان کا انتظام کرے۔
- اُس کا مہر ادا کرے، اُس کی ادائیگی میں ٹال مٹول بالکل نہ کرے۔
- اُس کے ساتھ اچھا سلوک کرے، وقتاً فوقتاً اُس سے محبت کا اظہار کرتا رہے، اُسے تحفے و تحائف دیتا رہے۔
- اُسے مارنے یا ستانے کی حیلے بہانے نہ تلاش کرے، جیسا کہ بعض جاہلوں کی عادت ہوا کرتی ہے۔
- لفظِ ''طلاق'' زبان پر ہرگز نہ لائے، اگر اختلاف ہوجائے تو اُس کے حل کی صورتیں تلاش کرے۔
- بیوی اگر بدمزاج ہو تو حسنِ اخلاق سے اُسے راہِ راست پر لانے کی کوشش کرے۔
- اُسے پردے میں رکھے، عورت کو بے پردہ کرکے اپنی بے غیرتی کا مظاہرہ نہ کرے۔
- وقتاً فوقتاً اُس کے رشتے داروں سے بالخصوص ماں باپ سے ملاقات کراتا رہے۔
- اُس کے جائز مطالبات کو پورا کرنے کی کوشش کرے۔
- اُسے کسی کے سامنے ذلیل نہ کرے، بلکہ اگر اُس سے کوئی غلطی ہوبھی جائے تو اُسے پیار سے سمجھائے۔

سوال: بیوی کے ''حقوق'' سے متعلق دو حدیثیں بیان فرمائیں!

جواب: جی لیجیے! حاضر ہیں:

**پہلی حدیث :** سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: سب سے کامل مومنین وہ ہیں جن کے اخلاق اچھے ہوں اور تم میں سب سے اچھے وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے ساتھ اچھے ہوں۔[1]

**دوسری حدیث :** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیویوں کا تمھارے اوپر یہ حق ہے کہ تم اچھے طریقے پر اُنھیں کھلاؤ اور کپڑا پہناؤ۔[2]

سوال: کیا شوہر بیوی کی بہن یعنی ''سالی'' سے مذاق کر سکتا ہے؟

جواب: ہرگز نہیں، یہ حرام و ناجائز ہے۔ اِسی طرح مرد اپنی ''بھابھی'' سے بھی مذاق نہیں کر سکتا ہے؛ بلکہ ''سالی'' کو بہنوئی سے اور ''بھابھی'' کو دیور سے پردہ کرنا لازم و ضروری ہے۔

## چوری کرنے والا ملعون ہے

### حدیثِ پاک

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِیِّ صلی اللہ علیہ وسلم قَالَ: لَعَنَ اللهُ السَّارِقَ۔

[الصحیح للامام مسلم، ج:۲، ص:۶۴]

ترجمہ: حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: چوری کرنے والے پر اللہ عزوجل نے لعنت فرمائی ہے۔

---

[1] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی حق المرأة علی زوجھا، رقم الحدیث: ۱۱۹۵]

[2] [الصحیح للامام مسلم، باب حجة النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رقم الحدیث: ۳۰۰۹]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''بیعتِ عَقَبَہ اُولیٰ'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اِس بیعت کا واقعہ اعلانِ نبوت کے گیارہویں سال پیش آیا۔ تبلیغِ اسلام کے سلسلے میں اِسے بڑی اہمیت حاصل ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایامِ حج میں مِنیٰ کے میدان میں تشریف لے گئے۔ یہاں ایک گھاٹی کے پاس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملاقات مدینہ منورہ سے آئے ہوئے چھ لوگوں سے ہوئی۔

یہ لوگ اگرچہ بت پرست تھے، مگر یہودیوں کی زبانی آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری نشانیاں سن چکے تھے۔ اُنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ اقدس میں وہ ساری نشانیاں پائیں تو کلامِ الٰہی سن کر فوراً مشرف بہ اسلام ہوگئے۔[1]

**سوال:** اُن ''چھ خوش نصیبوں'' کے نام کیا ہیں اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کن باتوں پر اُن سے بیعت لی۔

**جواب:** اُن ''خوش نصیبوں'' کے اسمائے گرامی یہ ہیں:

- حضرت اَبُوْ الْهَیْثَمِ بْنِ تَیِّهَانْ
- حضرت اَبُوْ اُمَامَه اَسْعَدْ بن زُرَارَه
- حضرت عَوْف بن حارث
- حضرت رافع بن مالك
- حضرت قُطْبَةُ بن عامر
- حضرت جابر بن عبد الله ـ رضی الله عنهم

اِن حضرات نے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مندرجہ ذیل باتوں پر پختہ عہد لیا:

- ہم ایک خدا کی عبادت کریں گے، کسی کو اُس کا شریک نہیں بنائیں گے۔
- چوری اور زنا نہیں کریں گے۔
- اپنی اولاد کو قتل نہیں کریں گے۔
- نہ کسی پر جھوٹی تہمت لگائیں گے اور نہ کسی کی چغلی کریں گے۔
- ہر بات پر نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کریں گے۔[2]

**سوال:** ''مدینہ منورہ'' میں اسلام کی روشنی کیسے پھیلی؟

**جواب:** دامنِ اسلام سے وابستہ ہوجانے کے بعد جب یہ چھ خوش نصیب حضرات، اپنے وطن ''مدینۂ منورہ'' جانے لگے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن کے ساتھ اسلام کی تبلیغ کے لیے ''حضرتِ مُصعَب بن عُمَیر'' رضی اللہ عنہ کو روانہ فرمایا۔ اِس عظیم مبلغ کی کاوشوں سے چند ہی دنوں میں مدینۂ منورہ کے کئی بڑے سردار مسلمان ہوگئے، حتیٰ کہ مدینہ کے سب سے بڑے سردار ''حضرت سعد بن معاذ'' بھی مشرف بہ اسلام ہوگئے اور اُن کے ساتھ اُن کی پوری قوم بھی دامنِ اسلام سے وابستہ ہوگئی۔[3]

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۲۳/ ۱۲۴] [2] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۲۳۔ ۱۲۴]
[3] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۲۴]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** وہ کون سے نبی ہیں جن کے دستِ اقدس میں ''لوہا موم کی طرح نرم'' ہوجاتا تھا؟

**جواب:** وہ ''سیدنا داوٗد'' علیہ الصلاۃ والسلام ہیں، آپ جب لوہے کو ہاتھ میں لیتے تو وہ موم کی طرح نرم ہوجاتا تھا۔ پھر آپ اُس نرم لوہے سے زِرہیں، تلواریں اور دوسرے آلاتِ حرب بناتے تھے۔

**سوال:** حضرت ''سیدنا موسیٰ کلیم اللہ'' علیہ الصلاۃ والسلام کا ''معجزہ'' کیا تھا؟

**جواب:** اللہ عزوجل نے اُنھیں ایک باکمال '' عَصا '' سے سرفراز فرمایا تھا، جو اژدہا، بن کر فرعون کے جادوگروں کی، کئی ٹن رَسیاں نگل جانے کے باوجود، ویسا ہی رہا، نہ اس کی لمبائی میں اضافہ ہوا نہ چوڑائی میں، نہ اُس کے حَجم میں زیادتی ہوئی نہ وزن میں۔ اور جب حضرت موسیٰ کلیم اللہ نے اُسے دریاے نیل پر مارا تو اُس کے درمیان ایک وسیع وعریض شاہراہ بن گئی۔

**سوال:** ''حضرت عیسیٰ'' علیہ السلام کو اللہ عزوجل نے ''کِن معجزات'' سے سرفراز فرمایا؟

**جواب:** حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام، کسی مادرزاد اندھے کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے، تو اُس کی آنکھوں میں نور اتر آتا۔ کسی اَبرص [سفید داغ والے] کے جسم پر، دستِ اقدس پھیرتے تو فوراً اُسے شفا مل جاتی اور اگر مُردے کو ٹھوکر مارتے، تو وہ اٹھ کر لوگوں سے باتیں کرنے لگتا۔

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۱۳] عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَعَنَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُتَشَبِّهَاتِ بِالرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهِينَ بِالنِّسَاءِ مِنَ الرِّجَالِ۔[1]

ترجمہ: حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس نے فرمایا کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مَردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر اور عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں پر لعنت فرمائی ہے۔

[۱۴] عَنْ أَبِي طَلْحَةَ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَلَا صُورَةُ تَمَاثِيلَ۔[2]

ترجمہ: حضرت ابوطلحہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبیِّ کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس گھر میں کتا ہو یا مجسموں کی تصویریں ہوں اُس میں [رحمت کے فرشتے] فرشتے داخل نہیں ہوتے۔

[۱۵] إِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَأَهْلَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا وَحَتَّى الْحُوتَ لَيُصَلُّونَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ۔[3]

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتے، آسمانوں اور زمینوں کی مخلوق، حتی کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور مچھلی دریا میں لوگوں کو نیکی سکھانے والے کے لیے رحمت کی دعا مانگتے ہیں۔

---

۱ [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی المتشبهات بالرجال من النساء، رقم الحدیث: ۳۰۱۳]

۲ [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء أن الملائكة لا تدخل بیتا فیه صورة ولا كلب، رقم الحدیث: ۳۰۳۴]

۳ [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی فضل الفقه، ص: ۳۸۵]

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

**سوال:** "عرس" سے منع کرنے والے کہتے ہیں:

- چوں کہ عرس میں بہت سے ناجائز کام ہوتے ہیں اِس لیے کسی کا عرس منانا جائز نہیں۔

اِس کا جواب عطا فرمادیں!

**جواب:** ہم اہلِ سنت و جماعت صرف عرس کو جائز قرار دیتے ہیں جب کہ شریعت کے دائرے میں منایا جائے۔

- رہ گئیں وہ "خرافات ولغویات" جو بعض عرسوں میں نادانوں نے رائج کر لی ہیں تو اُنھیں ہم بھی جائز نہیں مانتے؛ بلکہ ہم اُن سے اپنی بے زاری کا اعلان کرتے ہیں۔
- مگر اُن خرافات کی وجہ سے عرس کو ناجائز نہیں کہا جا سکتا؛ لہٰذا عرس کو اُن باتوں سے پاک کرنے کی کوشش کرنی چاہیے! اگر ناک پر مکھی بیٹھ جائے تو ناک نہیں کاٹی جاتی بلکہ مکھی اڑا دی جاتی ہے۔

**سوال:** "عرس" کے موقع پر جو جانور بزرگوں کے نام منسوب کیا جاتا ہے، بعض نادان اُسے حرام کہتے ہیں۔ اِس پر روشنی ڈال دیجیے!

**جواب:** بزرگوں کی جانب صرف "منسوب" کر دینے سے کوئی جانور حرام نہیں ہو جاتا۔ جانور اُسی وقت حرام ہوتا ہے جب کہ کسی غیر اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے۔ سنی مسلمان اگر چہ یہ کہہ دیتے ہیں کہ:

"یہ حضرت امامِ حسین کا بکرا ہے۔ یہ غوثِ پاک کا مرغا ہے"

- مگر ذبح کی وقت صرف اللہ کا نام لیتے ہیں۔ لہٰذا ایسے پاکیزہ جانوروں کو حرام و ناجائز کہنا بہت بڑی جسارت اور اللہ کے حلال کردہ کو حرام قرار دینا ہے۔

اگر اِس طرح سے جانور حرام ہونے لگے تو کوئی بھی جانور حلال نہیں ہوگا؛ کیوں کہ ہر جانور کسی نہ کسی کی جانب ضرور منسوب کیا جاتا ہے۔

# نواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تحفیظ

**سوال:** کیا موجودہ ''توریت وانجیل'' کی ساری باتیں حق ہیں؟

**جواب:** یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنی اپنی خواہشات کے مطابق، اپنی مذہبی کتابوں میں ''کافی کچھ تبدیلیاں'' کر لی ہیں اور آج بھی اپنی مرضی کے مطابق تبدیلیاں کرتے رہتے ہیں؛ لہٰذا اگر اُن کی کتابوں کی کوئی بات ہمارے سامنے پیش ہو تو ہم یہ دیکھیں کہ وہ بات ''قرآنِ کریم کے مطابق'' ہے یا نہیں۔ اگر قرآنِ مجید کے مطابق ہو تو اُس کی تصدیق کریں اور اگر مطابق نہ ہو تو یقین کرلیں کہ یہ اُن کی تحریفات [تبدیلیوں] میں سے ہے۔

**سوال:** اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ تمام کتابوں میں سب سے افضل کتاب کون سی ہے؟

**جواب:** سب سے افضل کتاب ''قرآنِ مقدس'' ہے، جو کہ سب سے افضل پیغمبر حضرت سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل ہوئی ہے۔

**سوال:** ''جِنّات'' کی حقیقت کیا ہے؟ بیان فرمائیے!

**جواب:** انسان اور فرشتوں کی طرح ''جِنّات'' بھی اللہ تبارک وتعالیٰ کی مخلوق ہیں، اللہ عزوجل نے اُنھیں آگ سے پیدا فرمایا ہے۔ کچھ جِنّوں کو یہ طاقت دی گئی ہے کہ جو شکل چاہیں اختیار کرلیں۔ اُن کی عمریں بڑی لمبی ہوتی ہیں۔ اُن میں جو شریر ہوتے ہیں اُنھیں ''شیطان'' کہا جاتا ہے۔[1]

---

[1] [تفسیر کبیر، ج:۱، ص:۸۵]

دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

سوال: زبان سے نماز کی "نیت" کس طرح کی جاتی ہے۔

جواب: ہر نماز کی نیت ذیل میں ملاحظہ فرمائیں!

فجر کی دو رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، فجر کی دو رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

فجر کی دو رکعت فرض: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، فجر کی دو رکعت فرض کی نیت کی۔ اللہ اکبر

ظہر کی چار رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، ظہر کی چار رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

ظہر کی چار رکعت فرض: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، ظہر کی چار رکعت فرض کی نیت کی۔ اللہ اکبر

ظہر کی دو رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، ظہر کی دو رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

ظہر کی دو رکعت نفل: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، ظہر کی دو رکعت نفل کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عصر کی چار رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عصر کی چار رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عصر کی چار رکعت فرض: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عصر کی چار رکعت فرض کی نیت کی۔ اللہ اکبر

مغرب کی تین رکعت فرض: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، مغرب کی تین رکعت فرض کی نیت کی۔ اللہ اکبر

مغرب کی دو رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، مغرب کی دو رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

مغرب کی دو رکعت نفل: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، مغرب کی دو رکعت نفل کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عشا کی چار رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عشا کی چار رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عشا کی چار رکعت فرض: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عشا کی چار رکعت فرض کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عشا کی دو رکعت سنت: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عشا کی دو رکعت سنت کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عشا کی تین رکعت وتر: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عشا کی تین رکعت وتر کی نیت کی۔ اللہ اکبر

عشا کی دو رکعت نفل: میں نے کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے، اللہ تعالیٰ کے لیے، عشا کی دو رکعت نفل کی نیت کی۔ اللہ اکبر

نوٹ: دیگر نوافل و فرائض کی نیتوں کو انھیں پر قیاس کرنا چاہیے!

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** کیا ''شادی کا مقصد'' صرف نفسانی خواہش کی تکمیل ہے؟

**جواب:** نہیں؛ ''شادی'' صرف جنسی خواہش کی تسکین کے لیے نہیں ہے؛ بلکہ شادی ایک خدائی قانون کا نام ہے۔ اِس کا مقصد نسلِ انسانی کی بقا اور انسان کی شرافت کو محفوظ کرنا ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ اِس سے جنسی تسکین بھی حاصل ہو جاتی ہے۔

**سوال:** ''شادی'' کے چند فوائد [فائدے] شمار کرائیں!

**جواب:** ''شادی'' کے بے شمار فائدے ہیں، جن میں سے چند یہ ہیں:

- شادی سے نسلِ انسانی کو فروغ ملتا ہے۔
- شادی سے نبی ﷺ کی پیروی کرنے کا ثواب ملتا ہے۔
- شادی سے حاصل ہونے والی نسل بڑھاپے کا سہارا بنتی ہے۔
- بچوں سے والدین کا دل بہلتا ہے۔
- شادی سے انسان کے دل میں رحمت وشفقت پیدا ہوتی ہے۔
- نئے لوگوں سے تعلقات پیدا ہوتے ہیں، جس سے معاشرہ میں خوش حالی آتی ہے۔
- شادی سے دل پاکیزہ ہوتے ہیں، شہوت کا زور ٹوٹ جاتا ہے اور شرم گاہیں محفوظ ہو جاتی ہیں۔
- شادی کے سبب ایک مونس وغم خوار ساتھی ملتا ہے جو دکھ درد اور خوشی وغم میں ساتھ دیتا ہے۔
- شادی مومن کو رب سے قریب کر دیتی ہے۔

**سوال:** ''شادی'' کی اہمیت بیان کرنے والی دو حدیثیں سنائیں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں:

**پہلی حدیث:** حضور ﷺ نے فرمایا: اے نوجوانو! تم میں سے جو شخص نکاح [کی ذمے داریاں نبھانے] کی طاقت رکھتا ہو وہ نکاح کرے؛ کیوں کہ نکاح نگاہ کو جھکانے والا اور شرم گاہ کی حفاظت کرنے والا ہے اور جس میں نکاح [کی ذمے داریاں ادا] کرنے کی طاقت نہ ہو وہ روزہ رکھے، کیوں کہ روزہ شہوت کو توڑ دیتا ہے۔[۱]

**دوسری حدیث:** آقائے کریم ﷺ نے فرمایا: دو آدمیوں کے مابین سچی محبت پیدا کرنے والا، تم نے نکاح کے علاوہ کوئی اور رشتہ نہیں دیکھا ہوگا۔[۲]

---

[۱] [الصحیح للبخاری، ج:۲،ص:۷۵۸۔ الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی فضل التزویج والحث علیہ، رقم الحدیث:۱۱۰۳]

[۲] [السنن للامام ابن ماجہ، ص:۱۳۳]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** ''بیعتِ عقبۂ ثانیہ'' پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حضرت مُصعَب بن عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی تبلیغ کا یہ اثر ہوا کہ اگلے سال ۷۳ / مردوں اور ۲ / عورتوں کا قافلہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مدینہ آنے کی دعوت دینے کے لیے مکۂ مکرمہ آیا۔ یہ حضرات اُسی مقام پر ٹھہرے جہاں ایک سال قبل چھ خوش نصیبوں نے بیعت کی تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اُن سے فرمایا:

- کیا تم دینِ حق کی اشاعت میں میری پوری مدد کروگے؟
- جب میں مدینہ آؤں گا تو تم لوگ میری اور میرے ساتھیوں کی اپنے اہل وعیال کی طرح حمایت کروگے؟

اُنھوں نے کہا: ہمیں اِس کا کیا بدلہ ملے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تمھیں جنت ملے گی، جو خدا کی خوش نودی کی جگہ ہے۔ اُنھوں نے کہا: آپ ہمارا ساتھ تو نہیں چھوڑیں گے؟

یہ سن کونین کے سردار نے مسکراتے ہوئے اُنھیں یہ مژدۂ جاں فزا سنایا:

- **اطمینان رکھو!** میرا خون تمھارا خون ہے، میرا جینا مرنا تمھارے ساتھ ہے، میں تمھارا ہوں تم میرے ہو، تمھارا دوست میرا دوست اور تمھارا دشمن میرا دشمن ہے۔

اِس جملے کو سن کر عاشقانِ رسالت بیعت کے لیے ٹوٹ پڑے، سب سے پہلے ''برا ابن معرور'' نے بیعت کی۔ اِسی کو ''بیعتِ عقبۂ ثانیہ'' کہا جاتا ہے۔[1]

**سوال:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ''بارہ نقیبوں'' کے بارے میں بتائیں!

**جواب:** بیعت ہو جانے کے بعد، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں دعوت وتبلیغ کے لیے، اِنھی حضرات میں سے بارہ آدمیوں کا انتخاب فرمایا، نو آدمی قبیلۂ خَزرَج اور تین اشخاص قبیلۂ اَوس سے۔ اور ارشاد فرمایا:

- جس طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے لیے بارہ اشخاص کو چُن لیا تھا اِسی طرح میں نے تمھیں منتخب کر لیا ہے۔ اِنھی نفوسِ قدسیہ کو ''بارہ نقیب'' کہا جاتا ہے۔[2]

**سوال:** اِن بارہ خوش نصیبوں کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

**جواب:** اُن کے نامِ اقدس یہ ہیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| اَسعَد بن زُرارَہ | رافع بن مالک | عُبادَہ بن صامِت | سعد بن ربیع |
| مُنذِر بن عُمَر | عبداللہ بن رَواحہ | بَرا ابن مَعرور | عبداللہ بن عمرو |
| سعد بن عُبادہ | اُسَید بن حُضَیر | سعد بن خَیثمہ | ابوالہیثم بن تَیہان۔[3] |

[1] [ملخصاً از سیرتِ ابن ہشام، ج:۴، ص: ۱۴۴۱۔ زرقانی علی المواہب، ج:۱، ص: ۳۱۷]

[2] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۲۵] [3] [زرقانی علی المواہب، ج:۱، ص: ۳۱۷]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** ''آسمانی کتابیں'' کن کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے جو کتابیں حضراتِ انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام پر نازل کیں، اُنھیں ''آسمانی کتابیں'' کہا جاتا ہے۔

**سوال:** اللہ رب العزت نے انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام پر کتابیں کیوں نازل کیں؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے انسانوں کی ہدایت و رہ نمائی کے لیے ''کتابیں'' نازل فرمائیں۔

**سوال:** کتنی آسمانی کتابیں مشہور و معروف ہیں؟

**جواب:** چار آسمانی کتابیں معروف و مشہور ہیں:

- توریت شریف
- زبور شریف
- انجیل شریف
- قرآنِ مقدس۔

**سوال:** اِن چاروں کتابوں میں سب سے پہلے کون سی آسمانی کتاب کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

**جواب:** سب سے پہلے توریت شریف حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۱۶] حضور سیدِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَّارٍ۔[۱]

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے علم حاصل کیا پھر اسے چھپا لیا یعنی بیان نہ کیا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے آگ کی لگام ڈالے گا۔

[۱۷] حضور دانائے غیوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَلَا أُخْبِرُكُمْ بِأَكْبَرِ الْكَبَائِرِ؟ قَالُوْا: بَلٰى، يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ: اَلْإِشْرَاكُ بِاللهِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَيْنِ وَشَهَادَةُ الزُّوْرِ، قَالَ: فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ يَقُوْلُهَا حَتّٰى قُلْنَا: لَيْتَهُ سَكَتَ۔

ترجمہ: کیا میں تمھیں کبیرہ گناہوں میں سے سب سے بڑے گناہوں کے بارے میں نہ بتا دوں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں! سرکار علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا اور جھوٹی گواہی دینا۔ [یہ سب، گناہِ کبیرہ میں سب سے بڑے ہیں] راوی کا بیان ہے کہ آقائے کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم مسلسل اِسی طرح فرماتے رہے، یہاں تک کہ [خوف زدہ ہوکر] ہم کہنے لگے کہ کاش! حضور خاموش ہو جاتے۔[۲]

[۱۸] تاجدارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا صَغِيْرَةَ مَعَ الْإِصْرَارِ وَلَا كَبِيْرَةَ مَعَ الْاِسْتِغْفَارِ۔

ترجمہ: بار بار کرنے سے کوئی گناہ صغیرہ نہیں رہ جاتا [بلکہ کبیرہ ہو جاتا ہے] اور کوئی گناہ [سچی] توبہ کرنے کے بعد کبیرہ نہیں رہ جاتا [بلکہ معاف کر دیا جاتا ہے]۔[۳]

---

[۱] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی کتمان العلم، ص: ۷۹ ۳] [۲] [الجامع للامام الترمذی، الشھادات، ج: ۲، ص: ۵۴]

[۳] [تاریخ دمشق للامام ابن عساکر، ج: ۲، ص: ۲۰۹، بحوالہ جامع الاحادیث، ج: ۱، ص: ۱۲۶]

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

## مزارات پر پھول اور چادر ڈالنا

**سوال:** کیا مسلمانوں کی قبروں پر "پھول" ڈال سکتے ہیں؟

**جواب:** مسلمانوں کی قبروں پر پھول ڈالنے میں کوئی "حرج" نہیں، بلکہ ثواب کا کام ہے۔

**سوال:** اِس کی دلیل پیش فرمادیں! نوازش ہوگی۔

**جواب:** مزارات وقبور پر پھول ڈالنے کی اصل وہ حدیثِ پاک ہے جسے حدیث کی مشہور کتاب "مشکاۃ المصابیح" کے اندر یوں روایت کیا گیا ہے:

❁ ایک مرتبہ آقائے کریم ﷺ کا گزر دو قبروں پر ہوا۔ آپ ﷺ نے ملاحظہ فرما کر صحابہ کو بتایا کہ ان دونوں قبر والوں کو عذاب ہو رہا ہے۔ اِن میں سے ایک پیشاب کی چھینٹوں سے نہیں بچتا تھا اور دوسرا چغلی کھاتا تھا۔ اُس کے بعد آپ ﷺ نے ایک تر شاخ لے کر اُس کے دو حصے کیے اور ایک ایک حصہ دونوں قبروں پر گاڑ دیا۔

❁ صحابۂ کرام نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ نے ایسا کیوں کیا؟

جواب دیا کہ: جب تک یہ شاخیں خشک نہ ہوں گی تب تک اِن [کی تسبیح وتہلیل سے ان] کے عذاب میں کمی ہوتی رہے گی۔[1]

**سوال:** اِس حدیثِ مبارک سے کیا ثابت ہوا؟

**جواب:** حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہیں:

❁ اِس حدیثِ پاک سے ثابت ہوا کہ قبروں پر سبزہ اور پھول ڈالنا جائز ہے۔[2]

اِس حدیثِ پاک کی شرح میں علامہ ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے فرمایا:

❁ قبروں پر پھول اور کھجور کی ٹہنی ڈالنے کی جو عادت جاری ہے وہ سنت ہے۔[3]

---

[1] [مشکاۃ المصابیح، کتاب الطہارۃ، باب آداب الخلاء، الفصل الاول، رقم الحدیث: ٣٣٨]

[2] [اشعۃ اللمعات، ج:١، ص:٢١٥]　[3] [مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، ج:٢، ص:٥٩]

# دسواں سبق

## پہلی فصل: ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** کیا ''جنات'' بھی ہم انسانوں کی طرح کھاتے پیتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں ! یہ بھی انسانوں کی طرح کھاتے اور پیتے ہیں ؛ بلکہ شادی بھی کرتے ہیں اور اُن میں توالد وتناسل کا سلسلہ بھی جاری ہوتا ہے، یعنی اُن کے بچے بھی ہوتے ہیں ۔[۱]

**سوال:** کیا ''جِنّ'' مسلمان بھی ہوتے ہیں؟

**جواب:** ہاں ! یہ مسلمان بھی ہوتے ہیں اور کافر بھی ؛ لیکن ان کے کُفّار مسلمانوں کی بہ نسبت زیادہ ہیں ۔اور مسلمانوں میں نیک بھی ہوتے ہیں اور فاسق وفاجر بھی ؛ لیکن فاسقوں کی تعداد نیکوں سے زیادہ ہے۔

**سوال:** جو شخص جنوں کو نہ مانے اور یہ بکواس کرے کہ ''برائی کی طاقت کا نام شیطان ہے'' اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** اِن کے وجود کو نہ ماننا قرآنِ مقدس کی آیتوں کا انکار ہے، لہذا کفر ہے ۔ اِسی طرح برائی کی طاقت کو'' شیطان'' کہنا بھی کفر ہے۔ اُن کے بارے میں وہ عقیدہ رکھنا فرض ہے جو اوپر مذکور ہوا۔[۲]

**سوال:** ''عَالَمِ بَرْزَخ'' کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** دنیا اور آخرت کے درمیان ایک اور عالم ہے اُسی کو'' برزخ '' کہتے ہیں ۔مَرنے کے بعد سے قیامت تک تمام انسانوں اور جناتوں کو اُس میں رہنا ہے، عَالَمِ برزَخ ہی کو'' قبر'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ یہ عالَم، اِس دنیا سے بہت بڑا ہے۔ دنیا اِس کے مقابلے میں ماں کے پیٹ کی طرح چھوٹی ہے۔[۳]

---

[۱] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، جن کا بیان، ص:۹۷]
[۲] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، جن کا بیان، ص:۹۷]
[۳] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ اول، عالمِ برزخ کا بیان، ص:۹۸]

## تحفیظ — دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل

**سوال:** یہ بتایئے کہ نماز میں کتنی باتیں فرض ہیں

**جواب:** نماز میں مندرجہ ذیل سات باتیں فرض ہیں: اگر ان میں سے ایک بھی ترک ہوئی تو نماز نہیں ہوگی۔

[۱] تکبیرِ تحریمہ [۲] قیام [۳] قراءت [۴] رکوع

[۵] سجود [۶] قعدۂ اخیرہ [۷] خروج بِصُنْعِہٖ

اِن سات باتوں کو ''ارکانِ نماز'' بھی کہا جاتا ہے۔

**سوال:** ''تکبیرِ تحریمہ'' سے کیا مراد ہے؟ وضاحت فرمادیں!

**جواب:** ''تکبیرِ تحریمہ'' سے مراد نماز شروع کرنے کے لیے ''اللہ اکبر'' کہنا ہے۔ اِسے تکبیرِ اولیٰ بھی کہا جاتا ہے۔ تکبیرِ تحریمہ فرض بھی ہے اور شرط بھی۔ نماز کی تمام شرطوں کا اس تکبیر سے پہلے پایا جانا ضروری ہے۔

جن نمازوں میں ''قیام'' فرض ہے، اُن میں ''تکبیرِ تحریمہ'' کے لیے قیام کرنا فرض ہے۔ اگر مقتدی نے لفظ ''اللہ'' امام کے ساتھ کہا اور ''اکبر'' امام سے پہلے ختم کیا تو مقتدی کی نماز شروع نہ ہوئی۔

**سوال:** ''قیام'' کسے کہتے ہیں؟ چند ضروری مسائل کے ساتھ وضاحت فرمائیں!

**جواب:** تکبیرِ تحریمہ کے بعد ''سیدھے کھڑے ہونے'' کو قیام کہا جاتا ہے۔ قیام کے چند اہم مسائل ملاحظہ فرمائیں!

- قیام کی کم سے کم مقدار یہ ہے کہ ہاتھ بڑھائے تو گھٹنے تک نہ پہنچے اور پورا قیام یہ ہے کہ سیدھا کھڑا ہو۔
- فرض، وتر، عیدین اور فجر کی سنت میں قیام فرض ہے۔ اگر کوئی شخص شرعی عذر کے بغیر یہ نمازیں بیٹھ کر پڑھے گا تو نہ ہوں گی۔
- حالتِ قیام میں بغیر کسی عذر کے زمین سے ایک پیر اٹھالینا مکروہِ تحریمی ہے۔
- اگر نمازی قیام تو کرسکتا ہے مگر سجدہ نہیں کرسکتا تو بیٹھ کر اشارے سے نماز پڑھے۔
- اُس کے لیے یہ بھی جائز ہے کہ کھڑے ہو کر اشارے سے سجدہ کرتے ہوئے نماز پڑھے۔
- آج کل کچھ لوگ معمولی تکلیف میں بھی بیٹھ کر نمازیں پڑھنا شروع کر دیتے ہیں، حالاں کہ وہ قیام کر

سکتے ہیں، ایسے لوگوں کی نمازیں نہیں ہوتیں۔

**سوال:** "قراءت" کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** "قراءت" کا مطلب یہ ہے کہ نماز میں تمام مخارج کی ادائیگی کے ساتھ قرآنِ کریم کی تلاوت کی جائے۔ فرض کی پہلی دو رکعتوں میں، سنت، وتر اور نفل کی ہر رکعت میں امام اور منفرد [تنہا نماز پڑھنے والے] کے لیے ایک آیت کی مقدار تلاوت کرنا فرض ہے۔[1]

**سوال:** "رکوع" سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** "رکوع" سے مراد یہ ہے کہ قراءت کے بعد اتنا جھکے کہ اگر ہاتھ بڑھائے تو گھٹنوں تک پہنچ جائے، یہ مرد کے لیے رکوع کا سب سے کم درجہ اور عورت کے لیے کامل درجہ ہے۔ مرد کے لیے رکوع کا کامل درجہ یہ ہے پیٹھ سیدھی بچھا دے۔

## سب سے اچھے نام

### حدیثِ پاک

عَنۡ عَبۡدِ اللهِ بۡنِ عُمَرَ رَضِیَ اللهُ عَنۡهُمَا قَالَ: قَالَ رَسُوۡلُ اللهِ ﷺ:
اِنَّ اَحَبَّ اَسۡمَآءِ کُمۡ اِلَی اللهِ عَبۡدُ اللهِ وَ عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ۔ [الصحیح للامام مسلم، ج:۲، ص:۲۰۶]

ترجمہ: حضرتِ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عزوجل کے نزدیک تمھارے ناموں میں سب سے محبوب نام "عبداللہ" اور "عبدالرحمٰن" ہیں۔

---

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، نماز پڑھنے کا طریقہ]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** کیا مذہبِ اسلام میں دادا، دادی اور نانا، نانی کے حقوق بھی مقرّر رہیں؟

**جواب:** جی ہاں ؛ ہمارے مذہب میں اِن حضرات کے وہی حقوق ہیں جو ماں باپ کے ہیں۔ لہذا ہر شخص پر لازم ہے کہ جو اسلامی سلوک وہ اپنے باپ کے ساتھ کرتا ہے وہی سلوک اپنے دادا اور نانا کے ساتھ بھی کرے ، اِسی طرح جو سلوک وہ اپنی ماں کے ساتھ کرتا ہے، وہی سلوک اپنی دادی اور نانی کے ساتھ بھی کرے۔

**سوال:** خالہ، ماموں اور چچا، پھوپھی کے حقوق بیان فرمادیں!

**جواب:** ہمارے پیارے مذہب میں خالہ اور پھوپھی کے وہی حقوق ہیں جو ماں کے ہیں ، یوں ہی چچا اور ماموں کے وہی حقوق ہیں جو باپ کے ہیں۔ لہذا اہم پر واجب ہے کہ والدین کی طرح اِن حضرات کے ساتھ بھی حسنِ سلوک کریں۔
ایک حدیثِ پاک میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ:

❁ ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہوکر عرض گزار ہوا ، یا رسول اللہ ! مجھ سے ایک بہت بڑا گناہ سرزد ہوگیا ہے، تو کیا میری توبہ قبول ہوگی ؟، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: کیا تیری ماں زندہ ہے؟ اُس نے کہا: نہیں، آپ نے فرمایا: کیا تیری خالہ ہے؟ اُس نے کہا: ہاں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جاؤ اُس کے ساتھ اچھا سلوک کرو۔[1]

بلکہ ایک دوسری حدیثِ پاک میں آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے، خالہ کو ماں سے تشبیہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

❁ بلا شبہ خالہ ماں کی طرح ہے۔[2]

**سوال:** سوتیلی ماں اور رضاعی [دودھ پلانے والی] ماں کے ساتھ کیسا برتاؤ کرنا چاہیے!

**جواب:** اِن دونوں کے ساتھ بھی ماں کی طرح برتاؤ کرنا چاہیے! سوتیلی ماں، باپ کی بیوی ہونے کے سبب اور رضاعی ماں، دودھ پلانے کے سبب حسنِ سلوک کی حق دار ہے۔

❁ ہمارے آقا احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی رضاعی ماں، حضرت حلیمہ سعدیہ کی بہت زیادہ تعظیم وتوقیر فرمایا کرتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُن کے لیے اپنی چادرِ پاک بچھادیا کرتے تھے۔[3]

---

[1] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجآء فی برالخالۃ، رقم الحدیث:۲۰۲۷]
[2] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی برالخالۃ، رقم الحدیث:۲۰۲۶]
[3] [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء مایذہب مذمۃ الرضاع، رقم الحدیث:۱۱۸۶۔ مرقاۃ المفاتیح شرح مشکاۃ المصابیح، کتاب النکاح، جلد:۵، باب المحرمات، ص:۳۰۵]

## چوتھی فصل گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تفہیم

**سوال:** ''مدینۂ منورہ'' کی جانب ہجرت کا آغاز کیسے ہوا؟

**جواب:** جب اہلِ مدینہ کی ایک بڑی تعداد حلقہ بگوشِ اسلام ہوگئی اور مدینہ منورہ میں مسلمانوں کو پناہ گاہ مل گئی تو آقائے دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو ''مدینۂ منورہ'' کی جانب ہجرت کرنے کی عام اجازت دے دی، اجازت ملنے کے بعد مسلمانوں نے چھپ چھپ کر ہجرت کا سلسلہ شروع کر دیا اور اکثر مسلمان ہجرت کر کے ''مدینۂ منورہ'' تشریف لے آئے۔

**سوال:** کیا کفارِ مکہ نے ہجرت کرنے والے مسلمانوں کو روکنے کی کوشش نہیں کی؟

**جواب:** کیوں نہیں، جب اُن بدبختوں کو مسلمانوں کی ہجرت کا علم ہوا تو اُنھوں نے روک ٹوک شروع کی اور طاقت کے بل پر اُنھیں روکنے لگے۔ چناں چہ اُنھوں نے کئی صحابہ وصحابیات کو مشقِ ستم بھی بنایا۔ جب حضرت صہیب رومی کو ہجرت کرتے دیکھا تو روک کر کہنے لگے:

- جب تو یہاں آیا تھا تو نہایت مفلس وکنگال تھا، اب جب کہ تو نے یہاں خوب کمائی کرلی تو اپنی دولت لے کر یہاں سے بھاگنا چاہتا ہے۔ بخدا ہم تجھے یہاں سے جانے نہیں دیں گے۔

حضرت صہیب نے کہا:

- اگر میں اپنی دولت تمھارے حوالے کر دوں تو کیا تم ہمیں جانے دو گے؟ انھوں نے کہا: ہاں۔

حضرت صہیب نے اپنا سارا خزانہ اُن کے حوالے کیا اور تنِ تنہا خالی ہاتھ مدینہ تشریف لے آئے۔
اِسی طرح دوسرے مسلمانوں نے بھی ہجرت کے موقع پر بڑی بڑی قربانیاں پیش کیں۔ [سیرتِ رسول اکرم، ص: ۲۳]

**سوال:** جب مکۂ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ساتھ صرف چند ہی مسلمان رہ گئے تو کافروں نے کیا تدبیر اپنائی؟

**جواب:** اُنھوں نے اسلام کو مٹانے کے لیے نہایت خبیث ''منصوبہ'' تیار کیا۔ مکہ کے تمام سردار ''دارالندوہ'' میں جمع ہوئے؛ تاکہ سیدنا ونبینا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے خلاف کوئی فیصلہ کرسکیں۔ اُس میٹنگ میں مردود شیطان بھی شیخ نجد کے بھیس میں شریک ہوا۔ قریش کے بڑے بڑے جاہل سرداروں نے مختلف قسم کے مشورے دیے، مگر شیطانِ لعین نے سب کی رائے رد کر دی۔ آخر میں سب سے بڑے جاہل ''ابوجہل'' نے یہ خبیث مشورہ دیا:

- عرب کے ہر قبیلے سے ایک جواں مرد کو لیا جائے اور سب مل کر ''محمد'' پر یکبارگی حملہ کر دیں۔ اِس طرح ہمیں اُن سے چھٹکارا مل جائے گا اور قاتلوں سے کوئی قصاص بھی نہیں لے سکے گا۔

یہ تجویز سن کر ابلیسِ لعین خوشی سے اچھل پڑا اور بولا: رائے تو بس یہی ہے۔ یہ مشورہ تمام کافروں نے منظور کرلیا اور اِسی پر مجلسِ شوریٰ برخواست ہوگئی۔[1]

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۲۷۔۱۲۸]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** ''توریت شریف'' کے بعد کون سی کتاب، کس رسول پر نازل ہوئی؟

**جواب:** ''توریت شریف'' کے بعد ''زبور شریف'' حضرت سیدنا داؤد علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

**سوال:** ''زبور شریف'' کے بعد کون سی کتاب، کس نبی پر نازل ہوئی؟

**جواب:** زبور کے بعد ''انجیل شریف'' حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

**سوال:** سب سے آخر میں کون سی کتاب، کس پیغمبر پر نازل کی گئی؟

**جواب:** سب سے آخری کتاب ''قرآنِ مقدس'' ہمارے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کی گئی۔

**سوال:** ''قرآنِ مقدس'' کتنی مدّت میں نازل ہوا؟

**جواب:** قرآنِ مجید حاجت وضرورت کے مطابق تھوڑا تھوڑا کر کے تقریباً ۲۳ سال کی مدّت میں نازل ہوا۔[1]

---

[1] [تفسیرِ کشاف، ج:۴، ص:۱۷۷، سورۂ قدر کی تفسیر]

## چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۱۹] حضور آقائے نامدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ كَثَّرَ سَوَادَ قَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ وَمَنْ رَضِيَ عَمَلَ قَوْمٍ كَانَ شَرِيْكَ مَنْ عَمِلَ بِهٖ۔

ترجمہ: جو کسی قوم کا جتھا بڑھائے وہ انھی میں سے ہے اور جو کسی قوم کا کوئی کام پسند کرے وہ اُس کام کرنے والوں کا شریک ہے۔[۱]

[۲۰] اللہ کے حبیب، دوعالم کے طبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ فَسَادِ أُمَّتِيْ فَلَهٗ أَجْرُ مِأَةِ شَهِيْدٍ۔

ترجمہ: جو شخص اُس وقت میری سنت کو مضبوطی سے تھامے، جب کہ میری امت میں فساد رونما ہو چکا ہو، تو اُسے سَو شہیدوں کے برابر ثواب ملے گا۔[۲]

[۲۱] اللہ کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ ۔

ترجمہ: دین یہ ہے کہ اللہ اور اُس کی کتاب اور اُس کے رسول پر سچے دل سے ایمان لائے اور سلاطینِ اسلام اور جملہ مسلمانوں کی خیر خواہی کرے۔[۳]

---

[۱] [اتحاف السادۃ للامام الزبیدی، ج:۶،ص:۱۲۶، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱،ص:۸۴]

[۲] [الترغیب والترہیب، ج:۱،ص:۸۰۔ الجامع الصغیر للامام السیوطی، ج:۲،ص:۵۲۲]

[۳] [الصحیح للامام البخاری، کتاب الایمان، ج:۱،ص:۱۳۔ الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، ج:۲،ص:۱۴۔ الصحیح للامام مسلم، ج:۱،ص:۵۴]

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

**سوال:** اِس سے پہلے ساتویں فصل میں جو حدیث مذکور ہوئی اُس سے اور کیا کیا باتیں ثابت ہوئیں؟

**جواب:** اُس سے درج ذیل باتیں ثابت ہوئیں:

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم قبر والوں کو پہچانتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم امتیوں کے احوال سے واقف ہیں۔
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہوں سے کوئی بھی شے مخفی نہیں ہے۔ نیز ثابت ہوا کہ ایمان کے بعد اعمال ضروری ہیں۔
- یہ بھی ثابت ہوا کہ عذابِ قبر برحق، چغلی کرنا حرام اور پیشاب کی چھینٹوں سے بچنا لازم و ضروری ہے۔

**سوال:** "مزارات" پر چادر چڑھانا کیسا ہے؟

**جواب:** بالکل جائز و درست ہے۔ اِس سے صاحبِ مزار کی عظمت و شان ظاہر ہوتی ہے۔ اِس کے ناجائز ہونے پر کسی کے پاس کوئی دلیل نہیں ہے۔ اور یہ شرعی ضابطہ ہے:

- جس عمل کے عدمِ جواز پر دلیل نہ ہو وہ جائز ہوا کرتا ہے۔

ہاں جب تک ایک چادر خراب نہ ہو جائے دوسری چادر چڑھانے سے پرہیز کرنا چاہیے۔

**سوال:** آج کل مزاروں پر ایک وقت میں چالیس پچاس سے بھی زائد چادریں چڑھائی جاتی ہیں۔ اِس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** ایسا کرنے سے بچنا چاہیے! ایک سے زائد چادر چڑھانے سے بہتر یہ ہے کہ وہی رقم کسی غریب کو دے دی جائے یا راہِ خدا میں خرچ کی جائے۔

**سوال:** کچھ لوگ قبر پر پانی چھڑکتے ہیں، کیا یہ درست ہے؟

**جواب:** میت کو دفنانے کے بعد "قبر پر پانی چھڑکنے میں" کوئی حرج نہیں۔ اِسی طرح اگر بوسیدہ قبر پر مٹی چڑھائی گئی ہو تو بھی پانی چھڑک سکتے ہیں؛ تاکہ مٹی بیٹھ جائے اور قبر کا نشان باقی رہے۔ ہاں بلا وجہ اُس پر پانی بہانا یا چھڑکنا درست نہیں ہے۔

# گیارہواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** کیا مرنے کے بعد بھی "روح" کا بدن سے تعلق قائم رہتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! مرنے کے بعد بھی روح کا بدن سے تعلق قائم رہتا ہے۔ جس طرح دنیا میں آرام بدن پر وارد ہوتا ہے؛ مگر لذّت روح کو پہنچتی ہے، اِسی طرح تکلیف بدن پر وارد ہوتی ہے مگر اذیت روح کو بھی پہنچتی ہے، یوں ہی "عالمِ برزخ" میں بھی ہوگا۔[1]

**سوال:** مرنے کے بعد مسلمانوں اور کافروں کی روحیں کہاں رہتی ہیں؟

**جواب:** مرنے کے بعد مسلمانوں کی روحیں اپنے مرتبے کے مطابق مختلف مقاموں میں رہتی ہیں۔ چناں چہ:

- بعض کی اپنی قبر پر، بعض کی زم زم کے کنویں میں، بعض کی آسمان و زمین کے درمیان، بعض کی پہلے یا دوسرے یا تیسرے یا ساتویں آسمان پر اور بعض کی آسمانوں سے بھی بلند مقام پر رہتی ہیں۔
- اِسی طرح بعض کافروں کی روحیں مرگھٹ پر، یا قبر پر، بعض کی چاہِ برہوت [یمن میں ایک گندے نالے] میں بعض کی پہلی یا دوسری، اِسی طرح ساتویں زمین کی تہہ میں اور بعض کی روحیں "سِجّین" [یعنی ساتویں زمین کے نیچے ایک تنگ قید خانے] میں ہوتی ہیں۔[2]

---

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالَمِ برزخ کا بیان، ص: ۹۸]
[2] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالَمِ برزخ کا بیان، ص: ۱۰۳]

## دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** "سجود" کا مفہوم اور انداز واضح کریں!

**جواب:** زمین پر پیشانی اور ناک کی ہڈی جَما دینے کا نام "سجود" ہے، اِس کی تفصیل یوں بھی کی جاتی ہے کہ سات ہڈیوں یعنی دونوں ہاتھ، دونوں پاؤں، دونوں گھٹنوں اور ناک کی ہڈی کو زمین پر لگانا "سجود" کہلاتا ہے۔ چند مسائل دیکھیں!

- ہر رکعت میں دو سجدے فرض ہیں۔
- سجدہ میں پیر کی ایک انگلی کا پیٹ زمین پر لگنا فرض ہے اور دونوں پیروں کی تین تین انگلیوں کا پیٹ لگنا واجب ہے۔
- اگر کسی نے اِس طرح سجدہ کیا کہ اُس کے دونوں پیر زمین سے اٹھے رہے، تو اُس کی نماز نہ ہوگی؛ بلکہ اگر انگلی کی نوک زمین سے لگے تب بھی نماز نہ ہوگی۔
- گھاس، روئی اور قالین وغیرہ پر سجدہ کرنے میں یہ ضروری ہے کہ پیشانی جم جائے، یعنی اب دبانے سے نہ دبے۔ اگر دبانے سے دب رہی ہو تو نماز نہ ہوگی؛ کیوں کہ پیشانی کا جمنا ضروری ہے۔

**سوال:** "قعدۂ اخیرہ" کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** "قعدۂ اخیرہ" کا معنیٰ یہ ہے کہ نماز کی رکعتیں پوری کر لینے کے بعد اتنی دیر بیٹھنا کہ پوری "التحیات" پڑھ لی جائے۔ یہ فرض ہے۔

**سوال:** "خروجِ بصُنْعِہٖ" پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** قعدۂ اخیرہ کے بعد قصداً نماز کے مُنافی کوئی کام کر کے نماز سے باہر نکلنے کو "خروجِ بصُنْعِہٖ" کہتے ہیں؛ لیکن لفظِ "سلام" کہہ کر نماز سے باہر نکلنا واجب ہے۔ لہٰذا اگر اِس کے علاوہ کسی اور طریقے سے نماز سے باہر آیا تو نماز کو دوبارہ پڑھنا ضروری ہوگا۔[1]

---

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، نماز پڑھنے کا طریقہ]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** کیا مذہبِ اسلام نے تمام رشتے داروں کے حقوق بیان فرمائے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! یہ ہمارے پیارے مذہب کی خصوصیت ہے کہ اِس نے تمام رشتے داروں کے حقوق تفصیل کے ساتھ بیان فرمائے ہیں، کیوں کہ رشتے داروں سے حسنِ سلوک کیے بغیر اچھا معاشرہ قائم نہیں ہوسکتا۔ اِس لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے جا بجا رشتے داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے کی تاکید فرمائی، اور حتی الامکان تعلقات ختم کرنے سے منع فرمایا۔

لیکن افسوس! کہ آج ہمارے بہت سے اسلامی بھائی معمولی سی باتوں پر بھی رشتے اس طرح ختم کر دیتے ہیں کہ زندگی بھر کے لیے بات چیت کا سلسلہ بالکل منقطع ہو کر رہ جاتا ہے۔ اِس سے معاشرہ تباہی کے دہانے تک پہنچ چکا ہے۔ معاشرے میں بہتری پیدا کرنے کے لیے، ہم سب کو اپنے اپنے رشتے داروں کے ساتھ وہ سلوک کرنا ہوگا، جس کا ہمارے مذہب نے ہمیں حکم دیا ہے۔

**سوال:** رشتے داروں کے حقوق بیان فرمادیں!

**جواب:** جی! رشتے داروں کے چند اہم حقوق ملاحظہ فرمائیں:

- اُن کے ساتھ بہتر تعلقات قائم کیے جائیں، اُن کے ساتھ صلہ رحمی کی جائے، مثلاً وہ کسی پریشانی میں ہوں تو اُن کی بھرپور مدد کی جائے۔
- اگر اُن سے اختلاف ہوجائے تو صلح صفائی کی ہر ممکن کوشش کی جائے۔
- اگر کوئی رشتے دار بد مذہب ہوجائے تو اُسے راہِ راست پر لانے کی پوری کوشش کی جائے، کوشش کے باوجود اگر وہ راہِ حق پر نہ آئے تو اُس کا بائیکاٹ کیا جائے۔
- اگر اُن میں سے کوئی غریب ہو تو اُس کی معاشی حالت بہتر بنانے کی کوشش کی جائے۔
- رشتے داروں سے ملاقات کر کے حالات دریافت کیے جائیں، کہ اِس سے محبت برقرار رہتی ہے اور اگر وہ دور ہوں تو فون وغیرہ کے ذریعہ خیریت معلوم کی جائے۔

**سوال:** اِس سلسلہ میں قرآنِ مقدس نے کیا رہنمائی فرمائی ہے؟

**جواب:** ہمارے قرآن نے یہ رہنمائی فرمائی!

- وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى۔

ترجمہ: اور اللہ کی عبادت کرو اور کسی کو بھی اُس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور ماں باپ کے ساتھ اور رشتے داروں کے ساتھ بھلائی کرو۔[1]

[1] [سورۂ نسآء، آیت نمبر: ۳۶]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** کیا کفار کے اِس خبیث منصوبے کا ذکر قرآنِ مقدس میں بھی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ رب العزت نے قرآنِ کریم کی مندرجہ ذیل آیت میں اِسی واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا ہے:

❁ وَ اِذْ یَمْكُرُ بِكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِیُثْبِتُوْكَ اَوْ یَقْتُلُوْكَ اَوْ یُخْرِجُوْكَ وَ یَمْكُرُوْنَ وَ یَمْكُرُ اللّٰهُ وَ اللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ۔

ترجمہ: اور اے محبوب! یاد کیجیے! جس وقت کفار آپ کے بارے میں مکر کر رہے تھے کہ آپ کو قید کریں یا قتل کریں یا شہر بدر کر دیں۔ یہ لوگ مکر کر رہے تھے اور اللہ خفیہ تدبیر فرما رہا تھا اور اللہ کی پوشیدہ تدبیر سب سے بہتر ہے۔

**سوال:** کافروں نے اپنے ناپاک منصوبے کو عملی جامہ پہنانے کے لیے کیا صورت اختیار کی؟

**جواب:** اُنھوں نے اِس نیت کے ساتھ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے مکان کا محاصرہ کر لیا کہ جیسے ہی آپ باہر تشریف لائیں گے، وہ آپ پر یکبارگی حملہ کر دیں گے۔ اللہ رب العزت نے اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو اُن کی چال سے آگاہ فرمایا۔ چناں چہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے فرمایا:

❁ میرے بستر پر لیٹ کر آرام سے سو جاؤ، یہ کچھ امانتیں ہیں، صبح آٹھ کر اِنھیں ادا کرنا اور میرے پاس آ جانا۔ کچھ فکر نہ کرنا! یہ کفار تمھارا ایک بال بھی بیکا نہ کر پائیں گے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنے بستر پر لٹانے کے بعد آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم سورۂ یٰسٓ شریف کی تلاوت کرتے ہوئے باہر تشریف لائے اور کافروں کی جانب ایک مٹھی خاک پھینکی جس سے سب اندھے ہو گئے۔ جب اُنھیں ہوش آیا تو دیکھا کہ سب کے سروں پر خاک پڑی ہے اور گھر میں محمد [صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم] کے بجائے، حضرت علی ہیں۔[1]

**سوال:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے بستر پر لیٹتے وقت حضرت علی رضی اللہ عنہ خوف زدہ کیوں نہ ہوئے؟

**جواب:** یہ بڑے سخت خطرے کا موقع تھا، حضرت علی کو معلوم تھا کہ کفار حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کو قتل کرنے کا ارادہ کر چکے ہیں، مگر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے اِس فرمان سے کہ

❁ تم قریش کی ساری امانتیں ادا کر کے مدینہ چلے آنا۔

اُنھیں کامل یقین ہو گیا تھا کہ میں زندہ بھی رہوں گا اور مدینہ بھی پہنچوں گا۔ اِس لیے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا بسترِ مبارک جو بظاہر کانٹوں کا بچھونا تھا، مگر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لیے پھولوں کی سیج بن گیا اور آپ رضی اللہ عنہ صبح تک بڑے آرام سے میٹھی نیند سوتے رہے۔ اپنے اِسی کارنامے کو حضرت علی رضی اللہ عنہ فخریہ بیان کیا کرتے تھے۔[2]

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۳۰/۱۳۱]  [2] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۳۱]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

سوال: ’’قرآنِ مقدس‘‘ کس زبان میں ہے؟

جواب: ’’قرآنِ مقدس‘‘ عربی زبان میں ہے۔

سوال: کیا قرآنِ کریم کوکسی اور زبان میں پڑھ یا لکھ جاسکتے ہیں؟

جواب: نہیں، قرآنِ کریم کو عربی کے علاوہ کسی بھی زبان میں لکھنا یا پڑھنا جائز نہیں؛ ہاں! اُس کا ترجمہ ہر زبان میں پڑھنا اور لکھنا جائز ہے۔

سوال: کیا ’’قرآنِ مقدس‘‘ کا نزول، صرف حصولِ برکت کے لیے ہوا ہے؟

جواب: نہیں، اِس کا نزول صرف حصولِ برکت کے لیے نہیں ہوا؛ بلکہ اِس کے نزول کا بنیادی مقصد انسانیت کی صحیح رہ نمائی کرنا ہے۔ لہذا ہر مسلمان پر قرآنی اَحکام وہدایات پر عمل کرنا لازم وضروری ہے۔

سوال: ’’قرآنِ مقدس‘‘ کی جامع ومانع تعریف کریں؟

جواب: ’’قرآنِ مقدس‘‘ کی تعریف یہ ہے:

❁ قرآنِ مجید، اللہ ربُّ العالمین کا وہ مُعْجِز انہ کلام ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام کے واسطے سے نازل ہوا، جو مَصَاحِف میں مَکْتُوْب [لکھا ہوا]، ہمارے سینوں میں محفوظ اور ہم تک تَوَاتُر کے ساتھ مَنْقُوْل ہے۔ جس کی شروعات ’’سورۃ الفاتحۃ‘‘ سے اور اختتام ’’سورۃ الناس‘‘ پر ہے۔ [1]

[1] [ملخصاً، از شرحِ عقائد، ص: ۷۷]

چھٹی فصل — احادیثِ کریمہ — تحفیظ

[۲۲] حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

لَا طَاعَةَ لِاَحَدٍ فِیْ مَعْصِیَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی، اِنَّمَا الطَّاعَةُ فِی الْمَعْرُوْفِ۔

ترجمہ: اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی کی بھی اطاعت و پیروی نہیں کی جائے گی، اطاعت تو صرف نیکی میں کی جائے گی۔ ع۱

[۲۳] حبیبِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰی ذٰلِكَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔

ترجمہ: جو بندہ بھی یہ کہے کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں اور پھر اِسی عقیدے پر انتقال کرے تو ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ ع۲

[۲۴] اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حِصْنِیْ، فَمَنْ قَالَهَا دَخَلَ حِصْنِیْ وَمَنْ دَخَلَ حِصْنِیْ اَمِنَ مِنْ عَذَابِیْ۔

ترجمہ: کلمۂ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ میرا قلعہ ہے، جس نے اِسے پڑھ لیا وہ میرے قلعے میں داخل ہوگیا اور جو میرے قلعے میں داخل ہوگیا وہ میرے عذاب سے محفوظ ہوگیا۔ ع۳

[۲۵] حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: مَنْ شَهِدَ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ النَّارَ۔

ترجمہ: جو شخص اِس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ عزوجل کے سِوا کوئی خدا نہیں اور [حضرت] محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] اللہ کے رسول ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ اُس پر جہنم کی آگ کو حرام فرما دیتا ہے۔ ع۴

---

ع۱ [الصحیح للامام البخاری، کتاب الاحکام، ج:۲، ص:۱۰۵۸۔ ایضاً کتاب المغازی، ج:۲، ص:۶۲۲]

ع۲ [المسند للامام احمد بن حنبل، ج:۵، ص:۱۶۶۔ التفسیر لابن کثیر، ج:۲، ص:۲۸۷۔ الفتاوی الرضویہ للامام احمد رضا خان، ج:۳، ص:۳۶۴]

ع۳ [الصواعق المحرقہ للامام ابن حجر المکی۔ حلیۃ الاولیاء للامام ابی نعیم، ج:۳، ص:۱۹۲، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۱۳]

ع۴ [الصحیح للامام مسلم، باب من لقی اللہ بالایمان وھو غیر شاک فیہ دخل الجنۃ وحرم علی النار، رقم الحدیث:۱۵۱۔ کنز العمال، ج:۱، ص:۴۷]

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

## قبر کو پختہ بنانا اور مزار تعمیر کرنا

**سوال:** کیا کسی مسلمان کی قبر کو "پختہ" بنا سکتے ہیں؟

**جواب:** قبر کا جو حصہ میت سے مِلا ہوا ہو اُسے پختہ بنانا مکروہ و ناپسندیدہ عمل ہے؛ ہاں یہ ہوسکتا ہے کہ قبر اندر سے کچی اور باہر سے پکی ہو۔

**سوال:** بہت سے سنی حضرات اپنے اہلِ خانہ کی قبروں پر نشانی کے طور پر پتھر یا کتبہ لگاتے ہیں۔ اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حدیثِ پاک سے اِس کا ثبوت ملاحظہ فرمائیں!

❁ جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمان بن مظعون کو دفن فرمایا تو اُن کی قبر کے سرہانے ایک پتھر نصب فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ اِس پتھر کے ذریعہ میں اپنے اِس دینی بھائی کو پہچانتا رہوں گا اور میرے گھر والوں میں سے جن کا انتقال ہوگا اُنھیں اِن کی قبر کے پاس دفن کروں گا۔ [1]

**سوال:** کیا قبروں پر مزارات بنانے کی اجازت ہے؟

**جواب:** اللہ والوں کی قبروں پر مزار بنانے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔ اِس کے جواز پر اہلِ سنت کے پاس دلائل کے انبار ہیں:

❁ صاحبِ روح البیان حضرت علامہ اسماعیل حقی علیہ الرحمہ آیتِ کریمہ "اِنَّمَا یَعۡمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰہِ مَنۡ اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَالۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوۃَ"۔ [2]

❁ علمائے کرام اور اولیا و صالحین کی قبروں پر عمارت بنانا جائز ہے، جب کہ مقصود یہ ہو کہ لوگوں کے دلوں میں صاحبِ قبر کی عظمت بڑھے اور لوگ اُسے حقیر نہ جانیں۔ [3]

**سوال:** غیر مقلدین کہتے ہیں کہ مزار بنانا ہندوستانی مسلمانوں نے رائج کیا ہے، یہ کہاں تک درست ہے؟

**جواب:** یہ لوگ اولیائے کرام سے بغض و حسد رکھنے کی بنیاد پر ایسی بکواسیں کرتے ہیں۔ دنیا کے کونے کونے میں ہزاروں سالوں سے انبیائے کرام، شہدائے اسلام اور علما و صالحین کی مزاروں کا موجود ہونا اِس بات کا کھلا ثبوت ہے کہ

❁ ہر زمانے میں اللہ والوں کی مزاریں تعمیر کی گئی ہیں۔

لہٰذا اللہ والوں کی مزار تعمیر کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو جن قبروں کو اکھاڑنے کے لیے بھیجا تھا وہ کافروں اور مشرکوں کی قبریں تھیں، نہ کہ مسلمانوں کی۔

---

[1] [السنن للامام ابی داوٗد، کتاب الجنائز، باب فی جمع الموتی فی قبر، رقم الحدیث: ۳۲۰۶]

[2] [سورۂ توبہ، آیت نمبر: ۱۸] کے تحت فرماتے ہیں: [3] [روح البیان، ج ۳/ ص: ۴۰۰]

# بارہواں سبق

## پہلی فصل: ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تحفیظ

**سوال:** کیا مرنے والے سے قبر یعنی "عالَمِ برزخ" میں سوالات ہوتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! جب مُردے کو دفن کرنے والے، دفن کر کے چلے جاتے ہیں تو مردہ اُن کی جوتیوں کی آواز سنتا ہے، پھر دو فرشتے زمین چیرتے ہوئے آتے ہیں۔ اُن کی صورتیں نہایت ڈراؤنی اور آنکھیں سخت نیلی کالی ہوتی ہیں۔ اُن میں سے ایک کو "مُنکَر" اور دوسرے کو "نَکِیر" کہا جاتا ہے۔ وہ مُردے کو اٹھا کر بہت ہی سخت آواز میں اُس سے یہ تین سوالات کرتے ہیں:

[۱] مَنْ رَّبُّكَ — تیرا رب کون ہے؟

[۲] مَا دِيْنُكَ — تیرا دین کیا ہے؟

[۳] مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ لِمُحَمَّدٍ — تو اِن کے بارے میں دنیا میں کیا کہتا تھا، جن کا نامِ نامی اسمِ گرامی محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] ہے؟[۱]

**سوال:** وہ خوش نصیب کون ہیں جو سوالاتِ قبر کے صحیح جوابات دے سکیں گے؟

**جواب:** جن خوش نصیبوں کو "حسنِ خاتمہ" کی دولت نصیب ہوگی، وہی درست جواب دے سکیں گے۔ چناں چہ مومن پہلے سوال کے جواب میں کہے گا:

❁ رَبِّيَ اللّٰهُ — میرا رب اللہ عزوجل ہے۔

دوسرے سوال کے جواب میں کہے گا:

❁ دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ — میرا دین اسلام ہے۔

تیسرے سوال کا جواب یوں دے گا:

❁ اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ — میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ عزوجل کے عظیم بندے اور اُس کے رسول ہیں۔[۲]

**سوال:** کُفّار اور مُنافقین جواب میں کیا کہیں گے؟

**جواب:** یہ بدبخت جوابات نہ دے سکیں گے، بلکہ افسوس کرتے ہوئے کہیں گے:

❁ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِيْ، كُنْتُ اَسْمَعُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَاَقُوْلُ۔ افسوس! مجھے تو کچھ بھی پتہ نہیں، لوگوں کو جو کہتے سنتا تھا، میں بھی وہی کہہ دیا کرتا تھا۔[۳]

---

[۱] [بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالمِ برزخ کا بیان، ص:۱۰۶] [۲] [کتاب العقائد ص:۲۳۔ بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالمِ برزخ کا بیان، ص:۱۰۷]
[۳] [ملخصاً از کتاب العقائد، ص:۳۲]

دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تحفیظ

**سوال:** نماز میں کتنی چیزیں واجب ہیں؟

**جواب:** نماز میں یہ باتیں واجب ہیں:

- تکبیرِ تحریمہ میں "اللہ اکبر" کہنا اور مکمل ''سورۂ فاتحہ'' پڑھنا۔
- فرض کی پہلی دو رکعتوں میں، سنت، نفل اور وتر کی تمام رکعتوں میں "الحمد" کے ساتھ کوئی ایک سورت یا تین چھوٹی آیتیں ملانا۔
- "الحمد" کی تلاوت سورت سے پہلے کرنا اور قراءت کے بعد فوراً "رکوع" کرنا۔
- ایک "سجدہ" کے بعد فوراً دوسرا "سجدہ" کرنا اور تمام ارکان کو ''سکون واطمینان'' کے ساتھ ادا کرنا۔
- "قَوْمَہ" یعنی رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا اور "جَلْسَہ" یعنی دونوں سجدوں کے درمیان سیدھا بیٹھنا۔
- پہلا "قعدہ" کرنا اور ہر قعدہ میں پوری "التحیات" پڑھنا۔
- فرض، واجب اور سُنَنِ مُؤَکَّدَہ کے قعدۂ اولیٰ میں التحیات کے بعد ''کچھ نہ پڑھنا'' اور لفظِ "السلام" دو بار کہنا۔
- وتر میں ''دعائے قنوت'' پڑھنا اور دعائے قنوت سے پہلے "اللہ اکبر" کہنا۔

**نوٹ:** اِن کے علاوہ اور بھی واجبات ہیں، جن کی تفصیل بڑی بڑی کتابوں میں ہے۔ وہاں سے یاد کریں!

**سوال:** نماز میں اِن مذکورہ باتوں کے ''واجب ہونے'' کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** نماز میں اِن باتوں کے ''واجب ہونے'' کا مفہوم یہ ہے کہ اِن کو جان بوجھ کر چھوڑنے سے نماز مکروہِ تحریمی، واجب الاعادہ ہوتی ہے، یعنی ایسی نماز کو دوبارہ پڑھنا واجب وضروری ہوتا ہے اور اگر بھول کر اِن میں سے کوئی ایک یا چند واجب چھوٹ جائیں تو ''سجدۂ سہو'' کر لینے سے نماز ہو جاتی ہے۔

**سوال:** ''سجدۂ سہو'' کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** ''سجدۂ سہو'' کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ قعدۂ اخیرہ میں "التحیات" پڑھنے کے بعد دائیں جانب ایک سلام پھیر کر دو سجدے کیے جائیں، اُس کے بعد پھر "التحیات" وغیرہ پڑھ کر سلام پھیرا جائے۔[1]

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ سوم نماز پڑھنے کا طریقہ]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب — تفہیم

**سوال:** گھر والوں اور رشتے داروں کے بعد اسلام میں ''سب سے بڑا حق'' کس کا ہے؟

**جواب:** گھر والوں اور رشتے داروں کے بعد، مذہبِ اسلام میں ''سب سے بڑا حق'' پڑوسی کا ہے۔ ہمارے سرکار محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پڑوسی کے حقوق ادا کرنے پر بہت زور دیا ہے۔ اُس کے حقوق ادا کرنا رب تعالیٰ کی رضا کا سبب اور غافل رہنا عذابِ آخرت کا باعث ہے ۔اُس کے حقوق ادا کیے بغیر کسی بھی مومن کے ایمان میں کمال پیدا نہیں ہوسکتا۔

**سوال:** ہمارے پیارے دین نے ''پڑوسیوں'' کے کیا کیا حقوق بیان فرمائے ہیں؟

**جواب:** ہمارے مذہب نے ''پڑوسیوں'' کے مندرجہ ذیل حقوق بیان کیے ہیں:

- پڑوسی کے ساتھ اچھا سلوک کیا جائے، اُسے کسی طرح کی کوئی تکلیف نہ پہنچائی جائے۔
- اُسے خوشی حاصل ہو تو مبارک بادی دی جائے اور اگر کوئی مصیبت نازل ہو تو تسلی دی جائے اُس کی غلطی یا کوتاہی کو جہاں تک ہو سکے نظر انداز کیا جائے، اُس سے بدلہ نہ لیا جائے۔
- اُس کی غیر موجودگی میں، اُس کے بال بچوں کا پورا خیال رکھا جائے۔
- اُس کے گھر میں تانک جھانک نہ کی جائے۔
- کوئی عمدہ لذیذ کھانا تیار ہو تو اُس میں سے کچھ، پڑوسی کے گھر بھی بھیجا جائے۔

**سوال:** پڑوسی کے حقوق پر دو حدیثیں سنائیں!

**جواب:** دو حدیثیں سماعت فرمائیں!

**پہلی حدیث:** آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی قسم وہ مومن نہیں، خدا کی قسم وہ مومن نہیں، خدا کی قسم وہ مومن نہیں! عرض کیا گیا: یا رسول اللہ! کون [مومن نہیں]؟ ارشاد فرمایا: جس کی ایذا رسانی سے اُس کا پڑوسی محفوظ نہ ہو۔[1]

**دوسری حدیث:** حضرت سیدنا عبد اللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ وہ شخص مومنِ [کامل] نہیں جو خود تو پیٹ بھر کر کھائے اور اُس کے بغل میں اُس کا پڑوسی بھوکا رہ جائے۔[2]

---

[1] [الصحیح للامام البخاری، باب اثم من لا یامن جارہ بوائقہ، رقم الحدیث: ۶۰۱۶] [2] [الادب المفرد، ص: ۱۱۲۔ المعجم الکبیر ج: ۳، ص: ۱۷۵]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تفہیم

**سوال:** اپنے دولت کدہ سے نکل کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہاں تشریف لے گئے؟

**جواب:** رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے نکل کر مقامِ ''حَزوَرہ'' کے پاس تشریف لائے اور خانۂ کعبہ کی طرف رُخ کر کے بڑی حسرت کے ساتھ فرمایا:

❁ اے شہرِ مکہ! تو مجھ کو سب سے پیارا ہے۔ اگر میری قوم مجھے یہاں سے جانے پر مجبور نہ کرتی تو میں تیرے سوا کہیں اور سکونت پزیر نہ ہوتا۔

اُسی جگہ حضرت سیدنا صدیقِ اکبر بھی آ گئے۔ اُنھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے کاندھوں پر اُٹھایا اور کانٹے دار جھاڑیوں اور نوک دار پتھروں والی پہاڑیوں کو روندتے ہوئے اُسی رات ''غارِ ثور'' کے دہانے پر پہنچ گئے۔[1]

**سوال:** غارِ ثور میں سیدنا صدیقِ اکبر نے کس طرح اپنی جان کا ''نذرانہ'' پیش کیا؟

**جواب:** اُس وقت سیدنا صدیقِ اکبر نے وہ قربانی پیش کی کہ تاریخِ انسانی اُس کی مثال پیش کرنے سے قاصر ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا:

❁ یارسول اللہ! آپ یہیں ٹھہریں! پہلے مَیں اندر جا کر صفائی کر دیتا ہوں۔ اُس کے بعد آپ تشریف لائیے گا۔
حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اندر تشریف لے گئے۔ صفائی کی، اپنے جسم کے کپڑے پھاڑ پھاڑ کر اُس کے سوراخ بند کیے۔ ایک سوراخ باقی رہ گیا۔ اُسے اپنی ایڑی سے بند کیا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا:

❁ آقا! اندر تشریف لائیں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اندر تشریف لے گئے اور یارِ غار کی گود میں اپنا سرِ اقدس رکھ کر سو گئے۔

❁ اُسی سوراخ میں رہنے والے ایک نہایت زہریلے سانپ نے بار بار حضرت ابوبکر کی ایڑی کو ڈسا مگر آپ نے اِس خوف سے ایڑی نہ ہٹائی کہ کہیں آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیند میں خلل نہ واقع ہو جائے۔ مگر درد کی شدت سے آنکھوں سے آنسو نکل کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رخسار پر نثار ہو گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیدار ہوئے، اپنے یارِ غار کو روتا دیکھ کر بے قرار ہو گئے اور پوچھا:

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۳۲]

ابوبکر! کیا ہوا؟ انھوں نے واقعہ بیان کیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن لگا کر فوراً شفا عطا فرمائی۔ سبحان اللہ۔ ۱؎

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کتنے دنوں تک اُس غار میں قیام فرمایا؟

**جواب:** تین راتوں تک آپ دونوں حضرات اُس غار میں رونق افروز رہے۔ حضرت ابوبکر کے فرزند حضرت عبداللہ رات کو غار کے منہپر سوتے اور دن میں مکہ آکر قریش کی تدبیریں معلوم کر کے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کر دیتے اور حضرت ابوبکر کے غلام حضرت عامر رات میں بکریاں لے کر غار کے پاس آجاتے اور دونوں عالم کے تاج دار اپنے یارِ غار کے ساتھ اُن کا دودھ نوش فرماتے۔ ۲؎

## دوزخ میں لے جانے والا عمل

### حدیثِ پاک

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اِنَّ الصِّدْقَ بِرٌّ وَاِنَّ الْبِرَّ یَهْدِیْ اِلَی الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْكِذْبَ فُجُوْرٌ وَاِنَّ الْفُجُوْرَ یَهْدِیْ اِلَی النَّارِ۔

[الصحیح للامام مسلم، ج:۲،ص:۳۲۶]

ترجمہ: حضرت سیدنا عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا: حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سچ بولنا نیکی ہے اور نیکی جنت میں لے جاتی ہے اور جھوٹ بولنا فسق و فجور ہے اور فسق و فجور دوزخ میں لے جاتا ہے۔

۱؎ [زرقانی علی المواہب، ج:۱،ص:۳۳۹]
۲؎ [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص:۱۳۳]

پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** قرآنِ کریم کے کتنے نام ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم کے متعدد [ کئی ] نام ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں :

[۱] اَلْکِتَابُ [۲] اَلْفُرْقَانُ [۳] اَلتَّنْزِیْلُ

[۴] اَلذِّکْرُ [۵] اَلنُّوْرُ وغیرہ۔[۱]

**سوال:** کیا قرآنِ مجید بھی اللہ رب العزت کی ’’مخلوق‘‘ ہے ؟

**جواب:** قرآنِ کریم اللہ عزوجل کا کلامِ قدیم ہے، اُس کی ’’مخلوق‘‘ نہیں۔[۲]

**سوال:** کیا قرآنِ کریم میں ’’کمی بیشی‘‘ ممکن ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں۔ قرآن مقدس ہر طرح کی کمی اور زیادتی سے محفوظ ہے اور قیامت تک یوں ہی محفوظ رہے گا۔ اِس کی حفاظت کا وعدہ کرتے ہوئے رب تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

❁ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۔[۳]

ترجمہ: بے شک ہم نے ہی قرآن نازل کیا اور بے شک ہم ہی اِس کے محافظ ہیں۔

**سوال:** جو شخص قرآنِ مجید میں کمی یا بیشی [ زیادتی ] یا دونوں کا عقیدہ رکھے، اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** جو شخص یہ عقیدہ رکھے:

❁ قرآنِ کریم میں کمی ہوگئی یا اضافہ واقع ہوگیا، تو وہ دائرۂ اسلام سے باہر ہے؛ کیوں کہ یہ شخص اللہ عزوجل کو معاذ اللہ کاذب کہہ رہا ہے اور اللہ عزوجل کی جانب کِذب [ جھوٹ ] کی نسبت کرنے والا؛ بلکہ اُس کے لیے کِذب کو ممکن جاننے والا بھی کافر وبے دین ہے۔

---

[۱] [ جنرل اسلامی معلومات، ص:۱] [۲] [ شرح عقائد، ص:۷۷]
[۳] [ سورۂ حجر، آیت نمبر:۹]

## چھٹی فصل — سُوَرِ قرآنِ کریم — تحفیظ

[۴]

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ وَفِيهَا ثَمَانُ آيَاتٍ وَرُكُوعٌ.

سورۂ زلزال مدنی ہے، اِس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ۱ وَأَخْرَجَتِ الْأَرْضُ أَثْقَالَهَا ۲ وَقَالَ الْإِنسَانُ مَا لَهَا
۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخْبَارَهَا ۴ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوْحَىٰ لَهَا ۵ يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا
لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ۶ فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ ۷ وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۸

[۱] جب پوری زمین زلزلہ کی شِدَّت سے ہِلا دی جائے گی [۲] اور زمین اپنا تمام بوجھ باہر نکال دے گی [۳] اور انسان کہے گا: اِسے کیا ہوا؟ [۴] اُس دن زمین اپنی تمام خبریں بیان کردے گی [۵] کیوں کہ آپ کے رب نے اُسے حکم دیا ہے [۶] اُس دن لوگ مختلف احوال میں لوٹیں گے؛ تاکہ اُنھیں اُن کے اعمال دکھا دیے جائیں [۷] سو جو ذرّہ برابر نیکی کرے گا وہ اُس کا صلہ دیکھے گا [۸] اور جو ذرّہ برابر برائی کرے گا وہ اُس کا عذاب دیکھے گا۔

[۵]

سُوْرَةُ الْعَادِيَاتِ مَكِّيَّةٌ وَفِيهَا إِحْدَىٰ عَشْرَةَ آيَةً وَرُكُوعٌ.

سورۂ عادیات مکی ہے، اِس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

وَالْعَادِيَاتِ ضَبْحًا ۱ فَالْمُورِيَاتِ قَدْحًا ۲ فَالْمُغِيرَاتِ صُبْحًا ۳ فَأَثَرْنَ بِهِ نَقْعًا ۴

فَوَسَطْنَ بِهِ جَمْعًا ﴿٥﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ﴿٦﴾ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ﴿٧﴾ وَإِنَّهُ
لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ﴿٨﴾ أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ ﴿٩﴾ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ﴿١٠﴾
إِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَخَبِيرٌ ﴿١١﴾

[۱] اُن گھوڑوں کی قسم جو بہت تیز دوڑتے ہیں ہانپتے ہوئے [۲] پتھر پر سم مار کر چنگاریاں اُڑاتے ہیں [۳] پھر صبح کے وقت دشمن پر حملہ کرتے ہیں [۴] پھر اُس وقت وہ گرد وغبار اڑاتے ہیں [۵] پھر دشمن کی فوج میں گھُس جاتے ہیں [۶] بے شک انسان اپنے رب کا ضرور ناشکرا ہے [۷] اور بے شک وہ اُس پر ضرور گواہ ہے [۸] اور بے شک وہ مال کی محبت میں بہت سخت ہے [۹] کیا وہ نہیں جانتا کہ جو قبروں میں ہیں وہ اُٹھالیے جائیں گے [۱۰] اور سینوں کی باتوں کو ظاہر کر دیا جائے گا [۱۱] بے شک اُن کا رب اُس دن اُن کی ضرور خبر رکھنے والا ہے۔

[۶]

## سُورَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ وَفِيهَا إِحْدَىٰ عَشْرَةَ آيَةً وَرُكُوعٌ.

سورۂ قارعہ مکی ہے، اِس میں گیارہ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

اَلْقَارِعَةُ ﴿١﴾ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٢﴾ وَمَا أَدْرَاكَ مَا الْقَارِعَةُ ﴿٣﴾ يَوْمَ يَكُونُ النَّاسُ
كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوثِ ﴿٤﴾ وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ ﴿٥﴾ فَأَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ
مَوَازِينُهُ ﴿٦﴾ فَهُوَ فِي عِيشَةٍ رَاضِيَةٍ ﴿٧﴾ وَأَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ ﴿٨﴾ فَأُمُّهُ هَاوِيَةٌ ﴿٩﴾
وَمَا أَدْرَاكَ مَا هِيَهْ ﴿١٠﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿١١﴾

[۱] ناگہانی مصیبت (قیامت کا دن) [۲] ناگہانی مصیبت کیا چیز ہے [۳] آپ کیا سمجھے کہ ناگہانی مصیبت کیا ہے [۴] (یہ وہ دن ہے) جس دن تمام لوگ منتشر پروانوں کی طرح ہو جائیں گے [۵] اور پہاڑ دُھنی ہوئی رنگ برنگی اُون کی طرح ہو جائیں گے [۶] پس جس کی نیکی کے پلڑے بھاری ہوں گے [۷] تو وہ پسندیدہ زندگی میں ہوگا [۸] اور جس کی نیکی کے پلڑے ہلکے ہوں گے [۹] تو اُس کا ٹھکانہ ہاوِیہ (جہنم) ہوگا [۱۰] اور آپ کیا سمجھے کہ ہاویہ کیا ہے [۱۱] وہ سخت دہکتی ہوئی آگ (کا بہت نیچا گڑھا) ہے۔

[۷]

سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ وَفِیْہَا ثَمَانُ آیَاتٍ وَرُکُوْعٌ

سورۂ تکاثر مکی ہے، اِس میں آٹھ آیتیں اور ایک رکوع ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم فرمانے والا

اَلْهٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۱ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۲ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۳ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ ۴ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۵ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ۶ ثُمَّ لَتَرَوُنَّہَا عَیْنَ
الْیَقِیْنِ ۷ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِیْمِ ۸

[۱] تم کو زیادہ مال جمع کرنے کی حِرص نے غافل کردیا [۲] حتّٰی کہ تم (مَرکر) قبروں میں پہنچ گئے [۳] یقیناً تم عن قریب جان لوگے [۴] پھر یقیناً تم عن قریب جان لوگے [۵] ہرگز نہیں! کاش! تم علمِ یقین کے ساتھ اپنا انجام جان لیتے [۶] بے شک تم ضرور دوزخ کو دیکھو گے [۷] پھر تم ضرور عینُ الیقین کے ساتھ دوزخ کو دیکھو گے [۸] پھر تم سے ضرور اُس دن نعمتوں کے متعلّق پوچھا جائے گا۔

## بیٹے کی کمائی میں والد کا حصہ

### حدیثِ پاک

عَنْ عَائِشَۃَ أَنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ: إِنَّ أَوْلَادَکُمْ مِنْ أَطْیَبِ کَسْبِکُمْ فَکُلُوا مِنْ کَسْبِ أَوْلَادِکُمْ۔ (السنن للامام النسائی، رقم الحدیث: 4467)

ترجمہ: حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک تمھاری اولاد تمھاری پاکیزہ کمائی کا حصہ ہے، پس تم اپنی اولاد کی کمائی سے کھا سکتے ہو۔

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

### مزارات پر جانا

**سوال:** اہلِ سنت "مزاروں" پر جاتے ہیں، یہ عمل کیسا ہے؟

**جواب:** اولیاء اللہ کی مزاروں پہ جانا نہ صرف یہ کہ جائز؛ بلکہ "سنتِ نبوی" ہے؛ کیوں کہ ہمارے آقا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فیض پہنچانے کے لیے خود شہداے اُحُد کی مزاروں پر جایا کرتے تھے۔ حدیث کی مشہور کتاب "مصنَّفِ عبد الرزاق" میں یہ روایت موجود ہے:

- نبیِّ کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہر سال شہداے اُحُد کی قبروں کی زیارت کے لیے تشریف لے جایا کرتے تھے۔[1]

**سوال:** کوئی ایسی روایت پیش کریے! جس میں آقاے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے "قبروں پر جانے کی اجازت" دی ہو۔

**جواب:** جی! ملاحظہ فرمائیں!

حدیث کی مشہور کتاب "جامع ترمذی" میں یہ حدیث موجود ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

- میں نے تمھیں قبروں کی زیارت کرنے سے منع کیا تھا۔ اب زیارت کیا کرو؛ کیوں کہ قبریں آخرت کی یاد دلاتی ہیں۔[2]

**سوال:** اولیاء اللہ کی مزاروں پر جانے سے کیا حاصل ہوتا ہے۔

**جواب:** مزاروں پر جانے سے "دین و دنیا کے کئی فائدے" حاصل ہوتے ہیں۔ چند یہ ہیں:

- دنیا سے بے رغبتی پیدا ہوتی ہے اور آخرت کی یاد آتی ہے۔
- دل میں خوفِ خدا اور نیکیوں کا شوق پیدا ہوتا ہے۔
- صاحبِ مزار کے فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں اور اُن کے وسیلے سے رحمتِ الٰہی کا نزول ہوتا ہے۔
- بگڑیاں بنتی ہے اور حل نہ ہونے والے مسائل بھی حل ہوجاتے ہیں۔

---

[1] [مصنف الامام عبد الرزاق، کتاب الجنائز، باب فی زیارۃ القبور، رقم الحدیث: ۶۷۴۵]

[2] [الجامع للامام الترمذی، کتاب الجنائز، باب ماجاء فی الرخصۃ فی زیارۃ القبور، رقم الحدیث: ۱۰۵۶]

# تیرہواں سبق

## پہلی فصل ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں تحفیظ

**سوال:** مسلم و کافر کے جوابات کے بعد رب تبارک وتعالیٰ کیا فیصلہ فرماتا ہے؟

**جواب:** مومن کی قبر روشن اور کشادہ کر دی جاتی ہے اور آسمان سے ایک منادی [یعنی رب تبارک وتعالیٰ] ندا کرتا ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا ہے، اِس کے لیے:

- جنتی بچھونا بچھاؤ!
- اِسے جنتی لباس پہناؤ!
- جنت کی کھڑکیاں کھولو!

اُس کی قبر میں جنت کی کھڑکیاں کھول دی جاتی ہیں، جن سے جنت کی خوشبودار ہوائیں آتی رہتی ہیں اور رحمت کے فرشتے اُس سے کہتے ہیں: اب تو آرام کر!

اور کافر کی قبر تنگ و تاریک کر دی جاتی ہے اور آسمان سے ندا دینے والا ندا کرتا ہے:

- یہ جھوٹا ہے۔ اِس کے لیے "آگ کا بچھونا" بچھاؤ! اِسے آگ کا لباس پہناؤ، اور اِس کی قبر میں دوزخ کی طرف دروازہ کھول دو!

دروازہ کھولا جاتا ہے، جس سے دوزخ کی گرمی اور بدبو آتی رہتی ہے۔ پھر اُس پر عذاب کے اندھے بہرے [بے رحم] فرشتے مقرر کر دیے جاتے ہیں جو اُسے لوہے کے بڑے بڑے ہتھوڑوں سے مارتے ہیں۔[1]

**سوال:** کیا قبر میں "مومنوں" کو بالکل عذاب نہیں ہوتا؟

**جواب:** ایسا نہیں؛ بلکہ "فاسق و فاجر مومنوں" کو بھی عذاب ہوتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے، یا ایصالِ ثواب کی برکت سے یا کسی نبی وولی کی سفارش سے اُنھیں معاف فرما دیتا ہے۔[2]

**سوال:** کیا قبر مردے کو دباتی بھی ہے؟

**جواب:** جی ہاں! حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے علاوہ قبر سب کو دباتی ہے۔ مسلمانوں کو بھی، کافروں کو بھی۔ لیکن مسلمانوں کو ماں کی طرح محبت سے دباتی ہے اور کافروں کو ایسی سختی کے ساتھ دباتی ہے کہ اُن کی پسلیاں چکنا چور ہو کر اِدھر اُدھر ہو جاتی ہیں۔ الامان والحفیظ۔[3]

---

[1] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالمِ برزخ کا بیان، ص: ۱۰۸-۱۱۰] [2] [مرآۃ المناجیح، باب اثباتِ عذاب القبر ج: ۱]

[3] [کتاب العقائد ص: ۳۴ و بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالمِ برزخ کا بیان، ص: ۱۰۵]

تحفیظ

## دوسری فصل: فقہیات، فقہی مسائل

**سوال:** نماز کی چند "سنتیں" بیان فرمادیں!

**جواب:** نماز کی کچھ "سنتیں" ذیل میں ملاحظہ فرمائیں:

- تکبیر تحریمہ کے لیے ہاتھ اٹھانا اور ہاتھوں کی انگلیوں کو اپنے حال پر چھوڑنا۔
- ہتھیلیوں اور انگلیوں کے پیٹ کا قبلہ کی طرف ہونا اور تکبیر کے وقت سر نہ جھکانا۔
- تکبیر سے پہلے کانوں تک ہاتھ اٹھانا؛ مگر عورتوں کے لیے مونڈھوں تک اٹھانا سنت ہے۔
- تکبیر کے بعد فوراً ناف کے نیچے ہاتھ باندھنا، یہ مردوں کے لیے ہے اور عورتیں بائیں ہتھیلی سینہ پر چھاتی کے نیچے رکھ کر اُس کی پشت پر دائیں ہتھیلی رکھیں گی۔
- ثنا، تعوذ، تسمیہ اور آمین آہستہ سے کہنا، مگر مقتدی تعوذ اور تسمیہ نہیں پڑھے گا۔
- پہلے ثنا، پھر تعوذ پھر تسمیہ پڑھنا۔ رکوع میں تین بار "سُبْحٰنَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ" [میرا عظمت والا رب پاک ہے] کہنا۔
- رکوع میں گھٹنوں کو ہاتھ سے پکڑ کر انگلیاں کشادہ رکھنا، یہ مردوں کے لیے ہے اور عورتوں کے لیے سنت یہ ہے کہ صرف ہاتھ گھٹنوں پر رکھ لیں اور انگلیاں کشادہ نہ کریں۔
- رکوع کے لیے "اللّٰهُ اَكْبَرُ" کہنا۔ رکوع سے اٹھنے میں مقتدی کے لیے "اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَ لَكَ الْحَمْدُ" [اے اللہ! اے ہمارے رب! حمد و ثنا تیرے ہی لیے ہے] کہنا۔
- سجدہ کے لیے اور سجدے سے اٹھنے کے لیے "اللہ اکبر" کہنا۔
- سجدہ میں کم سے کم تین بار "سُبْحٰنَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى" [بلندی والا میرا رب پاک ہے] کہنا۔ [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، نماز پڑھنے کا طریقہ]

**سوال:** نماز کے کچھ "مُسْتَحَبَّات" [مستحب باتوں] پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** نماز میں یہ باتیں مستحب ہیں:

- قیام کی حالت میں سجدہ کی جگہ پر اور رکوع میں قدم کی پشت پر نظر رکھنا۔
- سجدے میں ناک کی طرف اور قعدے میں گود کی طرف نظر رکھنا۔
- پہلے سلام میں دائیں کندھے کی طرف اور دوسرے سلام میں بائیں کندھے کی طرف نظر کرنا۔
- جماہی اور کھانسی کو روکنا۔[۱]

**سوال:** نماز کِن کِن باتوں سے ''فاسد'' ہوجاتی ہے؟

**جواب:** نماز بہت سی باتوں سے ''فاسد'' ہوتی ہے، اُن میں سے چند مشہور یہ ہیں:

- بات کرنے، کھانے پینے، سلام کرنے، سلام کا جواب دینے اور ہنسنے سے۔
- چھینکنے والے کے جواب میں ''یَرْحَمُكَ اللّٰهُ'' کہنے، دکھ یا تکلیف کی وجہ سے ''آہ، اُف'' کہنے سے۔
- قراءت میں لحنِ جلی یعنی بڑی غلطی کرنے سے اور کسی ایک رکن میں تین مرتبہ ایک ہی عمل کرنے سے۔
- قبلہ سے سینہ کے پھر جانے سے اور امام سے آگے بڑھ جانے سے۔[۲]

**سوال:** نماز کِن باتوں سے ''مکروہِ تحریمی'' ہوجاتی ہے؟

**جواب:** تقریباً ۴۳ / باتوں سے نماز ''مکروہِ تحریمی'' ہوجاتی ہے، اُن میں سے بعض یہ ہیں:

- کپڑا سمیٹنے اور دونوں آستینوں میں سے کسی کو آدھی سے زیادہ چڑھانے سے۔
- پیشاب اور پاخانہ کے زور کے وقت اور ریاح کے غلبہ کے وقت نماز پڑھنا۔
- انگلیاں چٹکانے اور ادھر ادھر منہ کرکے دیکھنے سے۔
- سجدے میں مرد کے لیے کلائی بچھانا اور جاندار کی تصویر والا کپڑا پہن کر نماز پڑھنا۔
- نمازی کے آگے، پیچھے، دائیں، بائیں یا اوپر کسی جاندار کی تصویر کا ہونا، وغیرہ۔[۳]

---

[۱] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، نماز کے مستحبات]
[۲] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، مفسداتِ نماز کا بیان]
[۳] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصہ سوم، مکروہات کا بیان]

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** کیا اسلام نے ''مہمانوں کے حقوق'' کا تحفظ فرمایا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! مذہبِ اسلام نے ''مہمانوں کے حقوق'' بھی متعین فرمائے ہیں۔ مہمانوں کی آمد، میزبان کے لیے رحمت و برکت کے نزول کا سبب ہے، مہمانوں کی ضیافت کرنا حضراتِ انبیاے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنتِ مبارکہ ہے، خود ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنے مہمانوں کی ضیافت کا خوب خوب اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

**سوال:** مہمانوں کے ''چند اہم حقوق'' بیان فرمائیں!

**جواب:** مہمانوں کے چند اسلامی حقوق یہ ہیں:

- مہمان کی آمد پر، خندہ پیشانی اور گرم جوشی کے ساتھ اُس کا استقبال کرنا چاہیے۔
- مصافحہ و معانقہ کرنے کے بعد اپنی حیثیت کے مطابق قیام و طعام کا انتظام کرنا چاہیے۔
- مہمان سے اُس کی پرہیز کی چیزیں پوچھ لینا چاہیے، تاکہ اُسے دشواری نہ ہو۔
- اگر اُس سے کبھی کوئی نوک جھونک ہوئی ہو، تو اُس کا ذکر نہیں کرنا چاہیے۔
- میزبان کو مہمان کے ساتھ دستر خوان پر بیٹھنا چاہیے، کہ یہی ہمارے اسلافِ کرام کا طریقہ رہا ہے۔
- مہمان جب تک قیام کرے، اُس کے ساتھ محبت کا سلوک کرنا چاہیے۔
- اگر مہمان میں کوئی عیب یا شرعی غلطی ہو تو حسنِ اخلاق کے ساتھ اُس کی اصلاح کرنی چاہیے۔

**سوال:** مہمانوں کے ساتھ حسنِ سلوک سے متعلق دو حدیثیں پیش فرمائیں!

**جواب:** جی حاضرِ بارگاہ ہیں۔ سماعت فرمائیں:

**پہلی حدیث:** آقاے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو، اُسے اپنی مہمان کی عزت و تکریم کرنا چاہیے۔[1]

**دوسری حدیث:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس گھر میں کھانا کھایا جاتا ہے [یعنی مہمان کی ضیافت کی جاتی ہے] وہاں خیر و برکت کا نزول، اونٹ کی کوہان تک چھری کے پہنچنے سے، زیادہ تیز ہوتا ہے۔[2]

---

۱؎ [الصحیح للامام البخاری، باب من کان یؤمن باللہ والیوم الآخر فلا یوذ جارہ، رقم الحدیث: ۶۰۱۸]

۲؎ [السنن للامام ابن ماجہ، باب الضیافۃ، رقم الحدیث: ۳۳۸۱]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم — تفہیم

**سوال:** جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم غارِ ثور میں رونق افروز تھے، کفارِ مکہ کی سرگرمیاں کیا تھیں؟

**جواب:** انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تلاش میں مکہ کے اطراف کا چپہ چپہ چھان مارا، یہاں تک کہ تلاش کرتے کرتے ''غارِ ثور'' کے دہانے تک پہنچ گئے۔ انھیں دیکھ حضرت صدیقِ اکبر گھبرائے اور عرض گزار ہوئے:

- **یارسول اللہ!** اگر ان کافروں نے اپنے قدموں کی طرف نظر ڈالی تو یہ ہمیں دیکھ لیں گے۔

یہ سن کر آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے جاں نثار کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا:

- **لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ۔** [یعنی گھبراؤ نہیں۔ بے شک اللہ کی نصرت وحمایت ہمارے ساتھ ہے]

یہ سن کر سیدنا صدیقِ اکبر کو اطمینانِ قلبی حاصل ہو گیا۔

**سوال:** اِس قدر قریب پہنچنے کے باوجود کفارِ مکہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کیوں کر دیکھ نہ سکے؟

**جواب:** کیوں کہ اُس وقت اللہ رب العزت نے اپنی قدرتِ کاملہ سے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی حفاظت کا زبردست انتظام فرما دیا تھا۔ وہ انتظام یہ تھا:

- اُس کے حکم سے ایک مکڑی نے غار کے منہ پر جالا تن دیا تھا اور ایک کبوتری نے کنارے پر انڈے دے دیے تھے۔

یہ دیکھ کر کفارِ مکہ نے کہا کہ اگر اندر کوئی انسان موجود ہوتا تو نہ یہاں مکڑی کا جالا ہوتا اور نہ ہی یہاں کبوتری انڈے دیتی۔ بہر حال حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم چوتھے روز ایک ربیع الاول دوشنبہ کے دن غار سے باہر تشریف لائے اور اپنی ہجرت گاہ ''مدینۂ منورہ'' کی جانب متوجہ ہوئے۔

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو گرفتار کرنے والے کے لیے کفارِ مکہ نے کس انعام کا اعلان کیا تھا؟

**جواب:** انھوں نے یہ اعلان کیا تھا کہ جو شخص محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] کو پکڑ کر لائے گا اُسے ۱۰۰/اونٹوں کا انعام دیا جائے گا۔ یہ گراں قدر انعام سن کر بہت سے لالچی قسم کے لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تلاش شروع کر دی۔ یہاں تک کہ مشہور شہسوار ''سراقہ بن مالک'' پیچھا کرتے ہوئے بالکل قریب پہنچ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے نظر فرمائی تو ٹھوکر کھا کر گھوڑے سے گر پڑا، مگر انعام کے لالچ میں دوبارہ کوشش کی، اِس بار مکہ کی پتھریلی زمین میں اُس کے گھوڑے کے پاؤں ''گھٹنوں تک دھنس گئے''۔ یہ معجزہ دیکھ کر سراقہ خوف سے کانپنے لگا اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے امان کی بھیک مانگنے لگا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اُسے معاف فرما کر اُس کے لیے ''اَمن کا پروانہ'' لکھوا دیا۔[1]

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۳۵۔ سیرتِ رسولِ اکرم، ص: ۳۵]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

سوال: ”مَکّی“ اور ”مَدَنِی“ سورتوں کا کیا مطلب ہے؟

جواب: جو آیتیں یا سورتیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں، وہ ”مَکّی“ کہلاتی ہیں اور جو آیتیں یا سورتیں ہجرت کے بعد نازل ہوئیں، اُنھیں ”مَدَنِی“ کہا جاتا ہے۔

سوال: قرآنِ کریم میں کتنے پارے ہیں؟

جواب: قرآنِ کریم میں کُل تیس [۳۰] پارے ہیں۔

سوال: قرآنِ مجید میں کُل کِتنی سورتیں ہیں؟

جواب: قرآنِ مجید میں ایک سو چودہ [۱۱۴] سورتیں ہیں۔

سوال: قرآنِ کریم میں کتنے رکوع ہیں؟

جواب: قرآنِ کریم میں پانچ سو چالیس [۵۴۰] رکوع ہیں۔

سوال: قرآنِ مقدس میں کتنی آیتیں ہیں؟

جواب: اکثر علما کے نزدیک قرآنِ کریم کی کُل آیتیں چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ [۶۶۶۶] ہیں۔

چھٹی فصل — نعت ومنقبت — تحفیظ

## نعتِ رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

مصطفاے ذاتِ یکتا آپ ہیں
یک نے جس کو یک بنایا آپ ہیں

آپ جیسا کوئی ہو سکتا نہیں
اپنی ہر خوبی میں تنہا آپ ہیں

آب وِ گِل میں نور کی پہلی کرن
جانِ آدم جانِ حوا آپ ہیں

لا مکاں تک جس کی پھیلی روشنی
وہ چراغِ عالم آرا آپ ہیں

زیب و زینِ خاک و فخرِ خاکیاں
زینتِ عرشِ معلیٰ آپ ہیں

آپ کو رب نے کیا اپنا حبیب
ساری خلقت کا خلاصہ آپ ہیں

آپ کی خاطر بنائے دو جہاں
اپنی خاطر جو بنایا آپ ہیں

جاں توئی جاناں قرارِ جاں توئی
جانِ جاں جانِ مسیحا آپ ہیں

آپ کی رؤیت ہے دیدارِ خدا
جلوہ گاہِ حق تعالیٰ آپ ہیں

آپ کی طلعت کو دیکھا جان دی
قبر میں پہنچا تو دیکھا آپ ہیں

بَرُ دَرَتْ آمَدُ گدا بہرِ سوال
ہو بھلا اخترؔ کا داتا آپ ہیں

## منقبت درشانِ سیدنا صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ

مرے آقا کا جو دَر ہے ، وہ در صدیقِ اکبر کا
بسا ہے سبز گنبد میں ، نگر صدیقِ اکبر کا

نچھاور خلد بھی اُس پر ، جہاں لیٹے ہوئے ہیں وہ
نبی کے قُرب کی جنت ہے گھر صدیقِ اکبر کا

انیسِ مصطفائی بن گئ ، ہر اک اَدا اُن کی
نرالا ہے زمانے سے ، ہنر صدیقِ اکبر کا

زمانہ کیسے بھولے گا وہ ''غارِثور'' کا منظر
شبِ ہجرت انوکھا تھا سفر صدیقِ اکبر کا

ادب اُن کی عبادت ہے، ادب ہی انکا ایماں ہے
تعارف ہے یہی بس مختصر صدیقِ اکبر کا

فدا انسانیت کی عظمتیں اُن کے تقدس پر
لقب، بعدِ رُسُل ، افضلُ بَشَر صدیقِ اکبر کا

اُنھیں حضرت علیِّ پاک ، بے حد پیار کرتے تھے
ادب کرتے تھے ، عثمان و عمر صدیقِ اکبر کا

شَرَف پہلی خلافت کا، اُنھیں سرکار نے بخشا
ہے بُرجِ اَفضلیّت پر ، قمر صدیقِ اکبر کا

ہمارے واسطے اِعزاز ہے اُن کی ثنا خوانی
قصیدہ ہے بہت ہی معتبر صدیقِ اکبر کا

نبی کے بحرِ اُلفت سے ہوئی ہے اُس کی سیرابی
نہ سوکھے گا کبھی باغِ جگر صدیقِ اکبر کا

ہوئے عشق نبی کے ، آج تک جتنے دیئے روشن
فریدی ! سب میں آیا ہے اثر صدیقِ اکبر کا

ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

## مزار کو چومنا یا سجدہ کرنا

**سوال:** کچھ نادان مزار کو ''سجدے'' کرتے ہیں، کیا یہ جائز ہے؟

**جواب:** اللہ رب العزت کے علاوہ کسی کے لیے سجدہ کرنا جائز نہیں۔ مزار کی تعظیم کے لیے سجدہ کرنا ''حرام'' اور عبادت کے لیے سجدہ کرنا ''کفر'' ہے۔ مزار کا ''طواف کرنا'' بھی جائز نہیں۔

**سوال:** کچھ لوگ مزار کو ''بوسہ'' دیتے ہیں، کیا اِس کی اجازت ہے؟

**جواب:** مزار کو بوسہ دینے سے بھی بچنا چاہیے! کیوں کہ ادب یہی ہے کہ ''مزار کو ہاتھ نہ لگایا جائے''۔

**سوال:** مزار پر ''حاضری دینے کا صحیح طریقہ'' ارشاد فرما دیجیے!

**جواب:** مزار پر حاضری دینے کے حوالے سے ہمارے ''امام سرکار اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ'' ارشاد فرماتے ہیں:

- مزاراتِ شریفہ پر حاضر ہونے میں پائنتی طرف سے جائے اور کم از کم چار ہاتھ کے فاصلے پر مواجہہ میں کھڑا ہو اور متوسط آواز میں باادب سلام عرض کرے ''السلام علیك یا سیدی و رحمة الله و بركاته''، پھر درودِ غوثیہ تین بار، الحمد شریف ایک بار، آیۃ الکرسی ایک بار، سورۂ اخلاص سات بار، پھر درودِ غوثیہ سات بار اور وقت فرصت دے تو سورۂ یٰسٓ اور سورۂ ملک پڑھ کر اللہ عزوجل سے دعا کرے:
- اِلٰہی! اس قراءت پر مجھے اتنا ثواب دے جو تیرے کرم کے قابل ہے نہ اُتنا جو میرے عمل کے قابل ہے اور اُسے میری طرف سے اپنے اِس بندۂ مقبول کو نذر پہنچا۔
- پھر اپنا جو مطلب جائز شرعی ہو اُس کے لیے دعا کرے اور صاحبِ مزار کی روح کو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں اپنا وسیلہ قرار دے، پھر اُسی طرح سلام کر کے واپس آئے۔ **مزار کو نہ ہاتھ لگائے، نہ بوسہ دے اور طواف بالاتفاق ناجائز اور سجدہ حرام۔**[1]

---

[1] [فتاوی رضویہ، ج:۹، ص:۵۲۲]

# چودھواں سبق

## پہلی فصل — ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں — تفہیم

**سوال:** کن پاک باز ہستیوں سے "قبر کے سوالات" نہیں ہوتے؟

**جواب:** شہدائے اسلام، اسلامی سرحد کی حفاظت کرنے والے مجاہدین، جمعہ کے دن یا رات میں یا ماہِ رمضان المبارک کے کسی دن یا رات میں انتقال کرنے والے خوش نصیبوں سے سوالاتِ قبر نہیں ہوں گے۔

اِن حضرات کے علاوہ بھی کچھ خوش نصیب ہیں جو سوالاتِ قبر سے محفوظ رہیں گے۔[۱]

**سوال:** جو لوگ دفن نہ کیے جائیں؛ بلکہ اُنھیں درندے کھا جائیں، یا دریا میں ڈوب جائیں یا آگ میں جل کر راکھ ہو جائیں۔ کیا اُن سے بھی سوالات ہوتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! مُردہ اگر قبر مین دفن نہ کیا جائے، تو جہاں کہیں بھی ہوگا اُس سے وہیں سوالات ہوں گے اور اُسے وہیں ثواب یا عذاب پہنچے گا۔ یہاں تک کہ جسے شیر کھا گیا ہو اُس سے شیر کے پیٹ میں سوالات ہوں گے اور وہیں اُسے ثواب یا عذاب پہنچے گا۔[۲]

**سوال:** کیا مرنے کے بعد روح کسی دوسرے بدن میں جا کر دوبارہ پیدا ہو جاتی ہے؟

**جواب:** نہیں، ہر گز نہیں۔ یہ ہندوؤں کا نہایت جاہلانہ عقیدہ ہے۔ اِسے وہ "آوا گوَن" کہتے ہیں۔ روح کسی دوسرے بدن میں داخل ہو کر دوبارہ پیدا نہیں ہوتی۔ ایسا ماننا کفر ہے۔[۳]

---

[۱] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالم برزخ کا بیان۔ کتاب العقائد، ص: ۳۴]

[۲] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالم برزخ کا بیان ص: ۱۰۳۔ کتاب العقائد، ص: ۳۵]

[۳] [ملخصاً از بہارِ شریعت، حصۂ اول، عالم برزخ کا بیان ص: ۱۰۳۔ کتاب العقائد، ص: ۳۱]

دوسری فصل — فقہیات، فقہی مسائل — تفہیم

سوال: ''نماز پڑھنے کا مکمل طریقہ'' اختصار کے ساتھ بیان فرمائیے!

جواب: جی! ملاحظہ فرمائیں:

- باوضو قبلہ رو کھڑے ہو کر، نماز کی نیت کر کے، دونوں ہاتھوں کو کانوں تک لے جائیں۔ پھر تکبیر اولیٰ یعنی ''اللہ اکبر'' کہتے ہوئے مرد ہاتھ ناف کے نیچے اور عورتیں سینے پر باندھ لیں! اب ''ثَنَا'' اُس کے بعد ''تعوذ'' اُس کے بعد ''تَسْمِيَة'' پڑھیں! پھر مکمل ''سُوْرَۃُ فَاتِحَہ'' کی تلاوت کیجیے! سورۂ فاتحہ پڑھنے کے بعد آہستہ سے ''آمین'' کہیے! اُس کے بعد تین چھوٹی آیتیں، یا کوئی ایک بڑی آیت جو تین آیتوں کے برابر ہو یا کوئی بھی سورت پڑھیے۔
- پھر ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتے ہوئے رکوع میں جائیے! اور تین یا پانچ بار ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ'' پڑھیے! پھر ''سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ'' کہتے ہوئے بالکل سیدھے کھڑے ہو جائیے! اب ''اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ'' کہیے! پھر ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتے ہوئے سجدے میں جائیے! اور پاؤں کی دسوں انگلیوں کا رخ قبلہ کی جانب کریے۔
- سجدے میں مرد اپنے بازو کو کروٹ سے، پیٹ کو ران سے اور ران کو پنڈلیوں سے جدا رکھیں، کلائیاں اور کہنیاں زمین پر نہ بچھائیں بلکہ ہتھیلی زمین پر رکھ کر کلائیاں اور کہنیاں اوپر اٹھائے رکھیں [عورتیں اِس کے برخلاف کریں گی] اور پھر تین یا پانچ بار ''سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى'' پڑھیے! اس کے بعد ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتے ہوئے بیٹھ جائیے! ایک تسبیح کی مقدار ٹھہر کر دوبارہ اِسی انداز میں سجدہ کیجیے! پھر ''اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' کہتے ہوئے کھڑے ہو جائیے! لیجیے آپ کی ایک رکعت مکمل ہو گئی۔
- بالکل اِسی انداز میں دوسری رکعت بھی مکمل کریں! دوسری رکعت کے دوسرے سجدے کے بعد ''قَعْدَہ'' میں بیٹھیں ''مرد دایاں پیر کھڑا کرے اور بایاں پیر بچھا کر اُس پر بیٹھے اور عورت دونوں پیر دائیں جانب نکال کر بیٹھے'' اور پوری ''اَلتَّحِيَّاتُ'' پڑھیں! تشہد پڑھنے کے دوران ''اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' میں جب ''لَا'' کے قریب پہونچیں تو سیدھے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنا لیں اور چھوٹی انگلی اور اُس کے برابر والی انگلی کو ہتھیلی سے ملا

لیں اور لفظِ "لَا" کہتے ہوئے انگشتِ شہادت اٹھائیں اور لفظِ "اِلَّا اللہ" پر گرا کر تمام انگلیاں سیدھی کر لیں!

- اب اگر دو ہی رکعت پڑھنا ہے تو "تَشَھُّد" کے بعد "درودِ ابراہیمی" پھر "دعاے ماثورہ" پڑھیں، اس کے بعد نماز ختم کرنے کے لیے دائیں کندھے کی جانب منہ کر کے "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہِ" کہیں اور بائیں کندھے کی جانب رُخ کر کے "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَۃُ اللہِ" کہیں۔ اور اگر دو رکعت سے زیادہ پڑھنا ہے تو دوسری رکعت میں "تَشَھُّد" کے بعد فوراً کھڑے ہو جائیں اور باقی رکعتوں کو اِسی انداز میں ادا کریں۔ [اساتذۂ کرام عملی طور پر کر کے دکھائیں!]

**سوال:** نماز کی ادائیگی سے متعلق مزید کچھ اہم باتیں بیان فرمادیں!

**جواب:** نماز ادا کرتے وقت اِن باتوں کا بھی خاص خیال رکھیں!

- اگر آپ اِمام کی اقتدا میں ہیں تو قراءت نہ کریں! بلکہ پہلی رکعت میں "ثنا" پڑھ کر خاموش ہو جائیں۔
- سنت، واجب اور نفل کی تمام رکعتوں میں قراءت کریں اور اگر فرض تنہا پڑھ رہے ہوں تو اُس کی پہلی دو رکعتوں میں قراءت کریں اور مابقیٔ رکعتوں میں صرف "سورۂ فاتحہ" کی تلاوت کریں۔
- پہلی رکعت میں "فاتحہ" سے پہلے "تعوذ و تسمیہ" دونوں پڑھیں اور باقی رکعتوں میں قبلِ فاتحہ صرف "تسمیہ" پڑھیں۔
- سنتِ مؤکدہ میں قعدۂ اولیٰ میں "تشہد" پڑھنے کے بعد فورا کھڑے ہو جائیں اور سنتِ غیر مؤکدہ میں بعدِ تشہد "درودِ ابراہیمی" بھی پڑھیں۔
- سنتِ غیرِ مؤکدہ کی تیسری رکعت میں بھی "ثنا" پڑھیں۔

## تیسری فصل — اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب — تفہیم

**سوال:** مذہبِ اسلام میں ''غریبوں اور یتیموں کے حقوق'' کی کیا اہمیت ہے؟

**جواب:** اللہ تبارک و تعالیٰ نے ''انسانوں'' کو ''اشرف المخلوقات'' بنایا، مگر سب کو ایک جیسا نہ بنایا۔ اُس خالقِ کائنات نے اپنی بے شمار حکمتوں کے سبب:

- کسی کو گورا، کسی کو کالا، کسی کو موٹا، کسی کو پتلا، کسی کو دراز قد اور کسی کو پست قد بنایا۔
- اِسی طرح کسی کو حاکم، کسی کو محکوم، کسی کو آقا، کسی کو غلام، کسی کو مالدار اور کسی کو غریب بنایا۔
- پھر سب کے ایک دوسرے پر حقوق رکھے، اُس نے مالداروں پر غریبوں اور یتیموں کے حقوق رکھے، جن کی ادائیگی بہر حال لازم و ضروری ہے۔ اب جو لوگ غریبوں، فقیروں اور یتیموں کے حقوق سے غافل رہیں، وہ خدا سے بغاوت کرنے والے ہیں۔

**سوال:** اِن حضرات کے چند اسلامی حقوق بیان فرما دیجیے!

**جواب:** مالداروں پر فقیروں، یتیموں اور بیواؤں کے یہ حقوق ثابت ہیں:

- اگر وہ سوال کریں [مانگیں] تو اُنھیں محروم نہ کریں۔
- اگر دینے کے لیے بر وقت کچھ نہ ہو تو نرم لب و لہجے میں اُن سے معذرت طلب کر لیں، اُنھیں جھڑکیں نہیں۔
- اپنے عزیزوں اور رشتے داروں کے بعد، زکاۃ کی ادائیگی میں اُنھیں ترجیح دیں۔
- اُن کی دل جوئی کریں، بغیر مانگے دینے کی کوشش کریں۔
- دینے کے بعد احسان نہ جتلائیں، کہ احسان جتلانا نیکی کو ضائع کر دیتا ہے۔
- دکھاوے کے لیے ہر گز نہ دیں، بلکہ صرف اللہ و رسول کی رضا جوئی کے لیے دیں۔
- اُنھیں جس چیز کی حاجت ہو وہ دیں، ایسا نہ ہو کہ، کپڑے کی ضرورت کے وقت غلہ، غلہ کی حاجت کے وقت کپڑا دیں۔ بہتر یہ ہے کہ روپے دیں؛ تا کہ وہ اپنی ضرورت کا سامان خرید سکیں۔
- اگر مانگنے والا، کمانے کی قدرت رکھنے والا کوئی موٹا تگڑا یا کم از کم صحیح و تن درست شخص ہو، تو تحقیق کرنے کے

بعد ہی دیں، کیوں کہ آج کل بہت سے نادانوں نے اِسے اپنا دھندا بنالیا ہے۔

- یتیم بچوں کے سر پر شفقت کے ساتھ ہاتھ پھیریں کہ اِس سے دل میں نرمی اور شفقت پیدا ہوتی ہے۔

**سوال:** فقیروں اور مسکینوں کے حقوق سے متعلق دو حدیثیں پیش فرما دیں!

**جواب:** جی! دو حدیثیں ملاحظہ فرمائیں!

**پہلی حدیث:** حضور ﷺ نے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا: اے عائشہ! مسکینوں سے محبت کرو اور اُنھیں اپنے قریب رکھو! اللہ عز وجل بروزِ قیامت تم کو قرب عطا فرمائے گا۔[۱]

**دوسری حدیث:** آقائے دو جہاں ﷺ نے فرمایا: مانگنے والے کا حق ہے اگر چہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔[۲]

ماں کی نافرمانی حرام ہے

## حدیثِ پاک

عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ قَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوقَ الأُمَّهَاتِ وَوَأْدَ الْبَنَاتِ وَمَنْعًا وَهَاتِ وَكَرِهَ لَكُمْ ثَلاَثًا قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ وَإِضَاعَةَ الْمَالِ۔ (الصحیح للامام مسلم، رقم الحدیث: ۴۵۸۰)

ترجمہ: حضرت مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ عز وجل نے تمھارے لیے، ماؤں کی نافرمانی، بیٹیوں کو زندہ دفنانے، خود نہ دینے اور دوسروں سے مانگنے کو حرام قرار دیا ہے۔ اور تمھارے لیے تین چیزوں کو ناپسند فرمایا ہے۔ لایعنی باتوں کو، سوال کی کثرت کو اور تضییع مال کو۔

---

۱ [مشکاۃ المصابیح ص: ۴۴۷]

۲ [السنن لأبی داود، کتاب الزکاۃ، باب حق السائل، رقم الحدیث: ۱۶۶۷]

## چوتھی فصل — گوشۂ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم — تحفیظ

**سوال:** حضرت "اُمِّ مَعْبَد" کے واقعے پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** سفرِ ہجرت میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گزر مقامِ قُدید میں "ام معبد عاتکہ بنت خالد" نامی ایک خاتون کے پاس سے ہوا۔ یہ عورت نہایت کمزور؛ لیکن مہمانوں کی ضیافت میں مشہور تھی۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: کھانے کا کوئی سامان ہے؟ اُس نے کہا:

- اگر کچھ ہوتا تو میں پہلے ہی پیش کر دیتی۔

کونے میں ایک نہایت لاغر بکری کھڑی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اجازت لے کر اُس کے سوکھے تھنوں میں ہاتھ لگایا۔ دستِ مبارک لگتے ہی اُس کا تھن دودھ سے لبریز ہوگیا اور اِتنا دودھ نکلا کہ سب لوگ سیراب ہو گئے۔ یہ معجزہ دیکھ ام معبد اور اُس کے شوہر دونوں مشرف بہ اسلام ہو گئے۔ اور یہ بکری مسلسل اٹھارہ سال تک دودھ دیتی رہی۔ سبحان اللہ![1]

**سوال:** حضرتِ "بُرَیدہ اسلمی" کے اسلام لانے کا واقعہ بیان فرمادیجیے!

**جواب:** جب آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدینہ منورہ کے قریب پہنچ گئے تو "بُرَیدہ اسلمی" ۱۰۰/اونٹوں کے لالچ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گرفتار کرنے کے لیے قبیلۂ بنی سہم کے ۷۰/سواروں کے ساتھ آئے۔ یہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جانتے نہ تھے۔ اچانک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سامنا ہوگیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بے مثل حسن و جمال دیکھ کر دنگ رہ گئے۔ پوچھا: آپ کون ہیں؟ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ کا رسول محمد بن عبداللہ ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شیریں مقالی اور آپ کے جمالِ نبوت نے اُن کے تاریک دلوں کو ایسا روشن کیا کہ فوراً کلمۂ شہادت پڑھ کر سب کے سب مسلمان ہو گئے۔

- حضرت بریدہ اسلمی نے ایمان لانے کے بعد اپنا عمامہ اتار کر نیزہ پر باندھ لیا اور علَم بردار بن کر مدینۂ منورہ تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آگے آگے چلتے رہے۔

---

[1] [ملخصاً از سیرتِ مصطفیٰ، ص: ۱۳۵]

**سوال:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ایک جھلک پانے کے لیے مدینہ والوں کی بے قراری کس عروج پر تھی، بیان فرمائیں!

**جواب:** چوں کہ مدینۂ منورہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی آمد کا چرچہ ہو چکا تھا، اِس لیے وہ لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دیدار کے لیے انتہائی بے قرار رہا کرتے تھے۔ شہر سے باہر آ کر روزانہ صبح سے دوپہر تک انتظار کرتے۔ دھوپ تیز ہو جانے کے بعد افسوس کرتے ہوئے واپس ہوتے۔ ایک دن اچانک ایک یہودی نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھ کر بہ آوازِ بلند اعلان کیا:

❁ اے مدینہ والو! تم لوگ جس کاروانِ رحمت کا انتظار کر رہے تھے وہ آ گیا ہے۔

یہ مژدۂ جاں فزا سن کر تمام انصار بدن پر ہتھیار سجا کر، وجد و شادمانی سے بے قرار ہو کر، نعرۂ تکبیر کی صدائیں بلند کرتے ہوئے اپنے گھروں سے نکل پڑے۔ اور کونین کے دولھا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ۱۲/ربیع الاول شریف کو مدینۂ منورہ سے تین میل کے فاصلے پر، قبیلۂ عمرو بن عوف کے خاندان میں حضرت کلثوم بن ہدم کے مکان پر رونق افروز ہوئے۔ سبحان اللہ۔[۱]

## ماں کا حق باپ سے زائد ہے

## حدیثِ پاک

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللهِ ﷺ فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللهِ! مَنْ اَحَقُّ النَّاسِ بِحُسْنِ صَحَابَتِیْ؟ قَالَ: اُمُّكَ، ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اُمُّكَ، ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ اُمُّكَ، ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: اَبُوْكَ۔ (صحیح البخاری، ج:۲، ص:۸۸۳)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمتِ اقدس میں ایک صاحب نے حاضر ہو کر عرض کی: یا رسول اللہ! سب سے زیادہ کون اِس کا مستحق ہے کہ میں اس کے ساتھ نیک رفاقت کروں؟ فرمایا: تیری ماں، عرض کی: پھر کون؟ فرمایا: تیری ماں، عرض کی: پھر کون؟ فرمایا تیری ماں، عرض کی: پھر کون؟ فرمایا: تیرا باپ۔

---

۱۔ [ملخصاً از سیرت مصطفیٰ، ص:۱۳۸۔۱۳۹]

## پانچویں فصل — عام دینی معلومات — تحفیظ

**سوال:** قرآن کریم میں کتنے سجدے ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم میں چودہ [۱۴] سجدے ہیں، یعنی ایسی چودہ آیتیں ہیں، جن کو پڑھنے یا سننے سے سجدۂ تلاوت واجب ہوجاتا ہے۔

**سوال:** قرآنِ حکیم کی کتنی سورتیں "مکی" ہیں اور کتنی سورتیں "مَدَنی" ہیں؟

**جواب:** "مَدَنی" سورتوں کی تعداد اٹھائیس [۲۸] اور "مکی" سورتوں کی تعداد چھیاسی [۸۶] ہے۔[1]

**سوال:** قرآنِ حکیم کی سب سے بڑی سورت کون سی ہے اور اُس میں کتنی آیتیں ہیں؟

**جواب:** قرآنِ حکیم کی سب سے بڑی سورت "سورۂ بقرہ" ہے اور یہ دوسو چھیاسی [۲۸۶] آیتوں اور تقریباً ڈھائی پاروں پر مشتمل ہے۔

**سوال:** قرآنِ مقدس کی سب سے چھوٹی سورت کا نام، آیتوں کی تعداد کے ساتھ بتائیں!

**جواب:** قرآنِ مقدس کی سب سے چھوٹی سورت کا نام "سورۃ الکوثر" ہے۔ اِس میں تین [۳] آیتیں ہیں۔

**سوال:** حروفِ مُقَطَّعَات [مثلاً، الٓمّٓ، الٓرٰ، کٓھٰیٰعٓصٓ] کا کوئی معنیٰ و مفہوم ہے یا نہیں؟

**جواب:** اِن حروف کے کچھ نہ کچھ معانی ضرور ہیں؛ لیکن اُنھیں صرف اللہ عزوجل اور اُس کے بتانے سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہی جانتے ہیں۔ کوئی تیسرا اِن کے حقیقی معانی سے واقف نہیں۔

---

[1] [جنرل اسلامک معلومات، ص:۵]

چھٹی فصل — عربی زبان وادب — تحفیظ

## مَأْكُولَاتٌ وَأَشْيَاءُ أُخْرٰى
کھانے پینے کی چیزیں اور دوسرے سامان
Eatables and other things

| | | | |
|---|---|---|---|
| Rice | چاول | أَرُزٌّ | 1 |
| Ace creem | آئیس کریم | بُوظَةٌ | 2 |
| Egg | انڈے | بَيْضٌ | 3 |
| Biscuit | بسکٹ | بَسْكُوِيتٌ | 4 |
| Chickpea | چنا | حِمَّصٌ | 5 |
| Bread | روٹی | خُبْزٌ | 6 |
| Vinegar | سرکہ | خَلٌّ | 7 |
| Cheese | پنیر | جُبْنَةٌ | 8 |
| Milk | دودھ | حَلِيبٌ | 9 |
| Millet | اناج | حُبُوبٌ | 10 |
| Sweet | مٹھائی | حَلْوٰى | 11 |
| Flour | آٹا | دَقِيقٌ | 12 |
| Oil | تیل | زَيْتٌ | 13 |
| Chicken | مُرغی | دَجَاجٌ | 14 |
| Butter | مکھن | زُبْدَةٌ | 15 |
| Tea | چائے | شَايٌ۔شَاهِيٌ | 16 |
| Sugar | شکر، چینی | سُكَّرٌ | 17 |
| Ghee | گھی | سَمْنٌ | 18 |
| Fish | مچھلی | سَمَكٌ | 19 |
| Loaf of bread | چپاتی | رَغِيفٌ | 20 |

# مُلاقات کے وقت بولے جانے والے جملے

| MEETING | مُلاقات | اَللِّقَآء | شمارنمبر |
|---|---|---|---|
| Good morning. | صبح بخیر | صَبَاحَ الْخَيْرِ | 1 |
| Have a good day. | دن بخیر | نَهَارُكَ سَعِيْدٌ | 2 |
| Good evening. | شام بخیر | مَسَاءَ الْخَيْرِ | 3 |
| How are you ? | کیسا مزاج ہے؟ | كَيْفَ حَالُكَ؟ | 4 |
| I am fine , thanks. | میں خیریت سے ہوں۔ | اَنَا بِخَيْرٍ | 5 |
| How is your health? | آپ کی طبیعت کیسی ہے؟ | كَيْفَ صِحَّتُكَ؟ | 6 |
| My health is good. | میری طبیعت ٹھیک ہے۔ | صِحَّتِي جَيِّدَةٌ | 7 |
| How is your father? | آپ کے والد صاحب کیسے ہیں؟ | كَيْفَ حَالُ وَالِدِكَ؟ | 8 |
| My father is all right. | میرے ابُو خیریت سے ہیں۔ | وَالِدِي بِخَيْرٍ | 9 |
| Wel come. | خوش آمدید۔ | اَهْلاً وَّسَهْلاً مَرْحَباً | 10 |
| I wel come you. | میں آپ کا استقبال کرتا ہوں۔ | اَنَا اُرَحِّبُ بِكُمْ | 11 |
| How pleased i am to see you. | آپ سے مِل کر کتنی خوشی ہوئی! | كَمْ تُسْعِدُنِيْ رُؤْيَتُكَ | 12 |
| I thank you. | میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ | اَشْكُرُكَ | 13 |
| Many thanks. | بہت بہت شکریہ۔ | شُكْراً جَزِيْلاً | 14 |
| Good -bye. | پھر ملیں گے۔ | اِلَى اللِّقَاءِ | 15 |
| Go is Allah,s protection. | خدا حافظ | فِيْ رِعَايَةِ اللهِ | 16 |
| What is your name? | آپ کا نام کیا ہے؟ | مَا اِسْمُكَ | 17 |
| My name is Abdullah. | میرا نام عبداللہ ہے۔ | اِسْمِيْ عَبْدُ اللهِ | 18 |
| Where do you live. | آپ کہاں رہتے ہیں؟ | اَيْنَ تَسْكُنُ؟ | 19 |
| I live in Mumbai. | میں ممبئی میں رہتا ہوں۔ | اَسْكُنُ فِيْ بُوْمْبَائِيْ | 20 |

## ساتویں فصل — معمولاتِ اہلِ سنت — تفہیم

### تبرُّکات کی تعظیم کرنا

**سوال:** جو چیزیں انبیاے کرام اور اولیاء اللہ کی جانب منسوب ہوں ''اُن کی تعظیم کرنا اور اُن سے برکت حاصل کرنا'' کیسا ہے؟

**جواب:** تبرکات کی تعظیم کرنا ''جائز و مستحسن اور بے شمار خیر و برکت کے نزول کا ذریعہ'' ہے۔ اِس کے ثبوت پر دلائل موجود ہیں۔

مثلاً:

❁ دوسرے پارہ میں ''تابوتِ سکینہ'' کا ذکر ہے، جس میں حضرت موسیٰ، حضرت ہارون اور دیگر انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کے تبرکات تھے۔ جن سے بنی اسرائیل برکتیں حاصل کیا کرتے تھے اور اُس تابوت کی برکتوں سے وہ دشمنوں پر فتح یاب ہوا کرتے تھے۔

❁ سورۂ یوسف میں ہے کہ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام کی 'قمیصِ مبارک' کی برکت سے حضرت یعقوب علیہ السلام کی بینائی واپس آ گئی۔

❁ متعدد حدیثوں میں آیا ہے کہ صحابۂ کرام حضور سرورِ عالم ﷺ کے ''مبارک بالوں، پاکیزہ تہبند، مُعطّر ناخنوں، مُنوّر پیالے اور وضو کے بچے ہوئے پانی'' سے خوب خوب برکتیں حاصل کیا کرتے تھے۔

**سوال:** کچھ حضرات قبر میں تبرکات رکھتے ہیں۔ اِس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** قبر میں ''تبرکات رکھنا'' صرف جائز ہی نہیں؛ بلکہ باعثِ ثواب اور میت کے لیے دافعِ عذاب ہے۔ صحابۂ کرام کے معمولات سے بھی ثابت ہے۔ چناں چہ حضرت امیرِ معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے وصیت کی تھی کہ:

❁ حضور ﷺ کی قمیصِ مبارک میرے کفن کے نیچے بدن سے متصل رکھنا اور موے مبارک اور مقدس ناخنوں کو میرے منہ، آنکھوں اور پیشانی وغیرہ سجدے کے مقامات پر رکھنا۔ [ملخصاً از فتاوی رضویہ، ج۹: ص: ۱۱۷]

نیز بخاری شریف کے اندر ایک روایت ہے، جس کا مفہوم یہ ہے:

❁ ایک خاتون نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں ایک تہبند پیش کیا، حضور ﷺ اُسے زیبِ تن فرما کر صحابۂ کرام کے جھرمٹ میں تشریف لائے۔ ایک صحابی نے اُس کی تعریف کی اور عرض کیا:

❁ **حضور!** یہ مجھے عطا فرما دیں! صحابۂ کرام نے اُس سے کہا: تو نے یہ اچھا نہیں کیا۔ تمھیں معلوم ہے کہ حضور ﷺ کبھی کسی سائل کو محروم نہیں فرماتے۔ یہ سن کر اُس نے کہا: میں نے اِسے پہننے کے لیے نہیں؛ بلکہ کفن میں استعمال کرنے کے لیے مانگا ہے۔ [تا کہ اِس کی برکتوں سے اللہ عزوجل مجھے معاف فرما دے] حضرت سہل فرماتے ہیں کہ وہ چادر اُس سائل کا کفن بنی۔[1]

---

[1] [صحیح البخاری، کتاب الجنائز، باب من استعد الکفن، رقم الحدیث: ۱۲۷۷]